رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

الٰہی شکر تیرے احسان کا ادا کرون کس زبان سے * کہ ہماری زبان گویا کی اپنے نام کو ۰ اور دلکو
روشنی دی اپنے کلام کو * اور اُمت میں کیا اپنے رسول مقبول کی جو اشرف انبیا اور نبی الرحمت ۰
جسکی شفاعت سے امیدوار ہیں ہم کہ پاوین دو جہان کی نعمت * الٰہی اُس نبی اُمت پر درود کو اپنی
رحمت کامل سے درجات اعلی نصیب کر جد ہوئی مخلوق کی ۰ اور اپنی عنایت اُسپر ہمیشہ افزون رکھہ دنیا اور
آخرت میں * اور اُسکی آل اطہار پر اور اصحاب کبار پر اور اُسکی امت کے علما و مقتدا پر اور اولیا و اصفیا پر
اور غربا و ضعفا پر سب پر آمین یا رب العالمین ۰ بعد ازین سنا چاہیے کہ مسلمانکو لازم ہی کہ اپنے رب کو
پہچانے اور اُسکی صفات جانے اور اُسکے حکم معلوم کرے اور مرضی اور نامرضی تحقیق کرے ۰ کہ بغیر اسکے بندگی نہین اور
جو بندگی نہ بجا لاوے وہ بندہ نہیں ۰ اور اسیطرح کی پہچان آدمی بتانے سے ۰ آدمی پیدا ہوتا ہی محض نادان سب چیز
سیکھتا ہی سکھانے سے ۰ اور بتانے سکھانیوالے ہر چند تقریر کرین اُس برابر نہیں جو اللہ تعالی نے آپ بتایا *
اُسکے کلام میں ۰ ہدایت ہی دوسرے سخن میں نہیں * مگر کلام پاک اُسکا عربی زبان ہی اور ہندوستانی کو ادراک
اُسکا محال ۰ اسواسطے اس بندۂ [illegible] کو خیال آیا کہ جس طرح ہمارے والد بزرگوار حضرت شیخ
ولی اللہ بن عبد الرحیم محدث دہلوی ترجمہ فارسی کر گئے ہیں سہل و آسان اب ہندی زبان میں قرآن شریف کو
ترجمہ کرئے ۰ الحمد للہ کہ سنہ ۱۲۰۵ بارہ سو پانچ میں میسر ہوا ۰ اب کئی باتین معلوم رکھیے ۰ اول یہہ کہ اس جگہہ
ترجمہ لفظ بلفظ ضرور نہین کیونکہ ترکیب ہندی عربی سے بہت بعید ہی اگر بعینہ وہ ترکیب رہے تو معنی مفہوم نہون ۰
دوسری یہہ کہ اِس میں زبان ریختہ نہین بولی بلکہ ہندی متعارف تا عوام کو بے تکلف دریافت ہو ۰ تیسری
یہہ کہ ہر چند ہندوستانیوں کو معنی قرآن اِس سے آسان ہوے لیکن اب بھی استاد سے سند کرنا لازم
ہی ۰ اول معنی قرآن بغیر سند معتبر نہین ۰ دوسرے ربط کلام ماقبل و مابعد سے پہچانتا اور قطع کلام سے بچنا بغیر
استاد نہیں آتا * چنانچہ قرآن زبان عربی ہی پر عرب بھی محتاج استاد ہے ۰ چوتھی بات یہہ کہ اول فقط ترجمہ قرآن کا ہوا تھا
بعد اسکے لوگون نے خواہش کی تو بعضے فواید زاید بھی متعلق تفسیر داخل کئے ۰ اُس فایدے کے امتیاز کو
حرف ف نشان رکھا * اگر کوئی مختصر چاہے صرف ترجمہ لکھے ۰ اگر مفصل چاہے فواید بھی داخل کرے * باقی قواعد
خط ہندی لکھنے میں شمول ہی اُستاد سے معلوم ہونگے ۰ البتہ ہندی میں بعضی چیز لکھے ہین کہ فارسی مین نہین * اِس
سبب سے فارسی خوان اول اٹکتا ہی دو چار دن میں تو ماہر ہو جاتا ہے ۰ اور اِس کتاب کا نام موضح قرآن ہی اور یہی اِسکی
صنعت اور یہی اِسکی تاریخ ہی ۰ الٰہی دستگیری و مولائی تیری عنایت ہی اور تو ہی قبول کر اپنے فضل سے
یا رؤف یا رحیم یا مالک الملک ذا الجلال والاکرام



اَللّٰهُ اَكْبَرُ

سورة الفاتحة مكيه ومدنيه وهي سبع ايات ۱

سورہ فاتحہ مکے مدینے میں نازل ہوا اس میں سات آیت کا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب تعریف اللہ کو ہے جو صاحب سارے جہان کا بہت مہربان نہایت رحم والا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

مالک انصاف کے دن کا ہم تیری بندگی کریں اور تجھی سے مدد چاہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

چلا ہم کو راہ سیدھی راہ اُنکی جن پر تو نے فضل

عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

کیا • جن پر غصہ ہوا اور نہ بہکنے والے ف

جن پر تو نے فضل کیا اُن سے چار فرقے مراد ہیں نبی وصدیق وشہدا وصالحین اور جن پر غصہ ہوا اُن سے یہود اور گمراہوں سے نصاریٰ مراد ہیں ف ۲

اس سورہ کے نازل ہونے کا سبب مولانا نے معتبر جنہوں نے حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابن عباس رض سے روایت کیا ہے کہ یہ سورہ مکے میں نازل ہوا اور اسکی حقیقت یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب میں تنہا کہیں جاتا تھا ایک آواز سنتا تھا کہ یا محمد اور ایک شخص نورانی کو دیکھتا تھا کہ سونے کے تخت پر آسمان و زمین کے درمیان [illegible] اس آواز سے ڈر کر [illegible] ایسا معاملہ [illegible] ہوا اور [illegible] نوفل [illegible] علیہا السلام [illegible] کہ وہ انجیل اور توریت [illegible] واقف تھا اور [illegible] کے علاموں سے [illegible] کہ [illegible] وہ آواز [illegible] اور کان [illegible] ہی وقت [illegible] آواز آئی یا محمد [illegible] لبیک [illegible] کہ میں [illegible] ہوں اور [illegible] کا [illegible] اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده ورسوله پھر کہہ الحمد لله تا آخر سوره [illegible] *

ف [illegible] یہ سورہ [illegible] صاحب نے [illegible] زبان سے فرمایا [illegible] [illegible]

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

سورۃ البقرہ مدنیۃ وھی میتان وست اوسبع وثمانون

آیات سورہ بقرہ مدینے میں نازل ہوا دو سو چھیاسی یا ستاسی آیت کا ہی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲ الٓمٓ ۚ ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَارَیْبَ فِیْہِ ج ھُدًی

اِس کتاب میں کچھ شک نہیں • راہ بتاتی ہی

۳ لِّلْمُتَّقِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ

ڈر والوں کو • جو یقین کرتے ہیں بن دیکھا اور درست کرتے ہیں

۴ الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ [illegible] •

نماز اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں • اور وے یقین کرتے ہیں

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ ج وَبِالْاٰخِرَۃِ

جو کچھ اُترا تجھ پر اور جو کچھ اُترا تجھ سے پہلے • اور آخرت کو

۵ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِکَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ رَّبِّھِمْ ت و

وے یقین جانتے ہیں • اُنھوں نے پائی ہی راہ اپنے رب کی • اور

۶ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ

وہی مراد کو پہنچے • وے جو منکر ہوئے برابر ہی

عَلَیْھِمْ ءَاَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

اُنکو تو ڈراوے یا نہ ڈراوے • وے نہ مانیں گے •

یہ پہلی سورت ہی جو مدینے میں نازل ہوئی مگر ایک آیت وہ باتفاق حجۃ الوداع کے دن منا میں اتری اِس سورت کی پہلی آیتوں کے نازل ہونیکا سبب مالک بن ضیف یہودی مومنون کے دلمیں شک ڈالتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ کتاب وہ کتاب نہیں ہے جسکی خبر اگلی کتابوں میں دی گئی اللہ تعالی نے اِس شک کو دفع کرکے مومنین کی مدح اور کافروں کی مذمت میں یہ آیتیں بھیجیں ف ۲

یہ آیت نازل ہوئی اُنکے حق میں جنکی موت کفر پر اللہ تعالی نے اپنے علم قدیم سے جانا تھا جیسا عتبہ و شیبہ و ابی جہل و ولید بن مغیرہ ف ۲

۷ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰۤى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۫ وَّلَهُمْ

مُہر کر دی اللہ نے اُن کے دلوں پر اور اُن کے کانوں پر ۔ اور اُن کی آنکھوں پر پردہ ہے ۔ اور اُن کے لئے

۸ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ

ع ۲

عذاب ہے بڑا ۔ اور ایک لوگ وے ہیں جو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ پر اور

۹ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا

پچھلے دن پر ۔ اور اُن کو ایمان نہیں ۔ دغابازی کرتے ہیں اللہ سے اور ایمان والوں سے ۔

۱۰ يَخْدَعُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ

اور اپنے تئیں دغا نہیں دیتے مگر آپ کو اور نہیں سمجھتے ۔ اُن کے دل میں آزار ہے پھر زیادہ دیا

۱۱ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ

اللہ نے اُن کو آزار ۔ اور اُن کو دُکھ کی مار ہے اس پر کہ جھوٹ کہتے تھے ۔ اور جب کہئے اُن کو

۱۲ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْۤا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ اَلَاۤ

نہ فساد ڈالو ملک میں کہیں ہمارا کام تو سنوار ہے ۔ سن رکھو وہی

۱۳ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَاۤ

ہیں بگاڑنے والے پر نہیں سمجھتے ۔ اور جب کہئے اُن کو ایمان لاؤ جس طرح ایمان لائے سب

اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ كَمَاۤ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ

لوگ کہیں کیا ہم ایمان لاویں جس طرح مسلمان ہوئے بیوقوف ۔ سن رکھو وہی

۱۴ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۚ

ہیں بیوقوف پر نہیں جانتے ۔ اور جب ملاقات کریں مسلمانوں سے کہیں ہم مسلمان ہوئے ۔ اور

وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْۤا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝

جب اکیلے جاویں اپنے شیطانوں پاس کہیں ہم ساتھ ہیں تمہارے ہم تو ہنسی کرتے ہیں ۔

۱۵ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ

۱۶ اللہ ہنسی کرتا ہے اُن سے اور بڑھاتا ہے اُن کو اُن کی شرارت میں بہکے ہوئے ۔ وہی ہیں

اس آیت کے نزول کا سبب یہ تھا کہ امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے ابن ابی منافق اور اُس کے یاروں سے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور نفاق کو چھوڑو اُنھوں نے جواب دیا کہ ای ابا الحسن نفاق کی نسبت ہماری طرف کرتے ہو باوجود اس کے ہم ایمان دار ہیں اللہ تعالیٰ نے اس کلام کے رد کرنے کے واسطے یہہ آیت بھیجی ف ۲

ف ایک آزار یہہ تھا کہ [illegible] لوگوں [illegible] بڑھتا [illegible] اور دوسرا آزار اللہ نے زیادہ دیا [illegible] آپ [illegible]

الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ ص فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ وَمَا

جنھوں نے خرید کی راہ کے بدلے گمراہی • سو نفع نہ لائی اُن کو سوداگری اور نہ

كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ج فَلَمَّا ۱۷

پائی راہ • اُن کی مثال جیسے ایک شخص نے سلگائی آگ • پھر جب

أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ

روشن کیا آس پاس کو لیگیا اللہ اُنکی روشنی اور چھوڑا اُن کو اندھیروں میں

لَّا يُبْصِرُونَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝ أَوْ كَصَيِّبٍ ۱۸ ۱۹

نظر نہیں آتا • بہرے ہیں گونگے اندھے سو وے نہیں پھرنے کے • ف • یا جیسے مینہ پڑتا

مِّنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ ج يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي

آسمان سے اُسمیں ہیں اندھیرے اور گرج اور بجلی • ڈالتے ہیں اُنگلیاں اپنے

آذَانِهِم مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ط وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ ۝

کانوں میں مارے کڑک کے ڈر سے موت کے • اور اللہ گھیر رہا ہے منکروں کو •

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ ط كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُم مَّشَوْا فِيهِ لا ۲۰

قریب ہی بجلی کہ اُچک لے اُنکی آنکھیں جس بار چمکتی ہے اُن پر چلتے ہیں اُسمیں

وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا ط وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ط

اور جب اندھیرا پڑا کھڑے رہے • اور اگر چاہے اللہ لیجاوے اُن کے کان اور آنکھیں •

إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ ۲۱ ع۳

بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے • ف • لوگو بندگی کرو اپنے رب کی جسنے بنایا

الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ الَّذِي ۲۲

تم کو اور تم سے اگلوں کو شاید تم پرہیزگاری کرو • جسنے

جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً ص وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

بنا دیا تم کو زمین بچھونا اور آسمان عمارت • اور اُتارا آسمان سے پانی

ف • یعنے اللہ نے نبی سے دین اسلام روشن کیا اور خلق نے اسمیں راہ پائی اور منافق اسوقت اندھے ہوگئے • آنکھ کی روشنی ہو تو مشعل کیا کام آوے • کاش کہ بہرا اندھا ہو تو اوروں کو پکار دے • یا کسی کی بات سنے • بہرا بھی ہو اور گونگا بھی وہ کیونکر راہ پر آوے • منافق ہو کہ نہ عقل کی آنکھ ہے کہ آپ سے پہچانے • نہ مرشد کی طرف رجوع ہے کہ وہ ہاتھ پکڑے • نہ کسی کی بات کو کان رکھتے ہیں • ایسے شخص سے توقع نہیں کہ پھر آوے

ف • یعنے دین اسلام میں آخر سب نعمت ہے اور اول کچھ محنت ہے • جیسے مینہ آخر اسی سے آبادی ہے • اول کڑک اور بجلی ہے • جو لوگ منافق ہیں وے اول کی سختی سے ڈر جاتے ہیں • اور ان کے ساتھ سے آفت آئی ہے • اور جیسے بھی مینہ میں کبھی اُجالا ہے اور کبھی اندھیرا • اسی طرح منافق کے دل میں کبھی اقرار ہے کبھی انکار •

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا

پھر نکالے اُس سے میوے کھانا تمہارا • سو نہ ٹھہراؤ اللہ کے برابر کوئی

٢٣ وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

اور تم جانتے ہو • اور اگر تم شک میں ہو اُس کلام سے جو اُتارا ہم نے اپنے بندے پر تو لاؤ

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

ایک سورت اس قسم کی • اور بلاؤ جن کو حاضر کرتے ہو اللہ کے سوائے اگر تم

٢٤ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

سچے ہو • پھر اگر نہ کرو اور البتہ نہ کر سکو گے تو بچو آگ سے جس کی چھپٹیاں ہیں

٢٥ النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

آدمی اور پتھر تیار ہی منکروں کے واسطے • اور خوشی سنا ان کو جو یقین لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

اور کام نیک کیے کہ اُن کو ہیں باغ بہتی نیچے اُن کے ندیاں •

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَ

جس بار ملے ان کو وہاں کوئی میوہ کھانے کو • کہیں یہ وہی ہے جو ملا تھا ہم کو آگے اور

٢٦ اُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ

اُن پاس وہ آوے گا ایک طرح کا • اور اُن کو ہیں وہاں عورتیں ستھری اور اُن کو وہاں ہمیشہ رہنا •

اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

ف اللہ کچھ شرماتا نہیں کہ بیان کرے کوئی مثال ایک مچھر کی یا اُس سے اوپر • پھر جو

اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَا

یقین رکھتے ہیں سو جانتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہے اُن کے رب کا کہا • اور جو منکر ہیں سو کہتے ہیں

ذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ

کیا غرض تھی اللہ کو اس مثال سے • گمراہ کرتا ہے اس سے بہتیرے اور راہ پر لاتا ہے اس سے

ف ٢ اللہ صاحب نے اول سورہ سے یہاں تک تین قسم کے لوگوں کا بیان فرمایا • اول مومن دوسرے کافر کہ دل پر مہر ہی آ گئی سخت ہیں ایمان نہ لاویں • تیسرے منافق جو دکھانے میں مسلمان ہیں اور دل اُن کا ایک طرف نہیں

ف یعنی جنت کے ہر میوے کا مزا جدا ہی اگرچہ صورت ملتی ہو صورت دیکھ کر جانیں گے کہ وہی قسم ہے جو کھا چکے ہیں اور جب چکھیں گے تو مزا اور ہی پاویں گے •

به إلّا الفاسقين ۝ الذين ينقضون عهد الله من بعد ميثاقه ٢٧

ٹھہرے • اور گمراہ کرتا ہی انہیں کو جو بے حکم ہیں • جو توڑتے ہیں اقرار اللہ کا مضبوط کئے پیچھے •

ويقطعون ما أمر الله به أن يوصل ويفسدون في الأرض ط أولئك

اور توڑتے ہیں جو چیز اللہ نے فرمائی جوڑنے اور فساد کرتے ہیں ملک میں • انہیں کو

هم الخاسرون ۝ كيف تكفرون بالله وكنتم أمواتا فأحياكم ج ثم ٢٨

آیا نقصان • ف • تم کسطرح منکر ہو اللہ سے اور تھے تم مردے پھر اسنے جلایا تمکو •

يميتكم ثم يحييكم ثم إليه ترجعون ۝ هو الذي خلق لكم ما في ٢٩

پھر تمکو مارتا ہی پھر جلاویگا پھر اسی پاس الٹے جاؤگے • وہی ہی جسنے بنا دیا تمھارے

الأرض جميعا ق ثم استوى إلى السماء فسواهن سبع سماوات ط

واسطے جو کچھ زمین میں ہی سب • پھر چڑھ گیا آسمان کو تو ٹھیک کیا انکو سات آسمان

وهو بكل شيء عليم ۝ وإذ قال ربك للملائكة إني جاعل ٣٠ ع٣

اور وہ ہر چیز سے واقف ہی • اور جب کہا تیرے رب نے [illegible] کو میں بناتا ہی

في الأرض خليفة ط قالوا أتجعل فيها من يفسد فيها ويسفك

زمین میں ایک نایب • بولے کیا تو رکھیگا اسمیں جو شخص فساد کرے وہاں

الدماء ج ونحن نسبح بحمدك ونقدس لك ط قال إني أعلم

اور خون کرے • اور ہم پڑھتے ہیں تیری خوبیاں اور یاد کرتے تیری پاک ذات کو •

ما لا تعلمون ۝ وعلم آدم الأسماء كلها ثم عرضهم على الملائكة ٣١

کہا مجکو معلوم ہی جو تم نہیں جانتے • اور سکھائے آدم کو نام سارے پھر وہ دکھائے

فقال أنبئوني بأسماء هؤلاء إن كنتم صادقين ۝ قالوا سبحانك

فرشتوں کو کہا بتاؤ مجکو ان کے نام اگر تم ہو سچے • بولے تو سب سے

لا علم لنا إلا ما علمتنا ط إنك أنت العليم الحكيم ۝ قال ٣٢ ٣٣

نرالا ہی ہمکو معلوم نہیں مگر جتنا تونے سکھایا • تو ہی ہی اصل دانا حکمت والا • کہا

ف • قرآن شریف میں کہیں مثال فرمائی ہی مکڑی کی کہیں مکھی کی اسپر کافر عیب پکڑتے ہیں کہ اللہ کی شان نہیں ان چیزوں کا ذکر کرنا یہہ کلام اسکا ہوتا تو ایسے مذکور ہوتے اسپر یہ دو آیتیں فرمائیں

يَا آدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ ۚ فَلَمَّا أَنْبَأَهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ ۙ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ

ای آدم بتا دے اُنکو نام اُنکے پھر جب اُسنے بتا دئے اُنکے نام کہا میں نے نہ کہا تھا

لَكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ

تمکو مجکو معلوم ہیں پردے آسمان و زمین کے اور معلوم ہے جو تم ظاہر کرو

٣٤ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِآدَمَ فَسَجَدُوْا

اور جو چھپاتے ہو اور جب ہم نے کہا فرشتوں کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ کر پڑے

٣٥ إِلَّا إِبْلِيْسَ ؕ أَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۙ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَقُلْنَا يَا آدَمُ

مگر ابلیس نے قبول نہ رکھا اور غرور کیا اور وہ تھا منکروں میں کا اور کہا ہم نے ای آدم

اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ص

بس تو اور تیری عورت جنت میں اور کھاؤ اُسمیں محظوظ ہو کر جس جگہہ چاہو

٣٦ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ

اور نزدیک نجاؤ [illegible] درخت کے پھر تم بے انصاف ہوگے پھر ڈگایا اُنکو شیطان نے

عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ؕ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

اُس سے پھر نکالا اُنکو وہاں سے جس آرام میں تھے اور کہا ہم نے تم سب اترو تم ایک

٣٧ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلٰى حِيْنٍ ۝ فَتَلَقّٰى آدَمُ

دوسرے کے دشمن ہو اور تمکو زمین میں ٹھہرنا ہے اور کام چلانا ایک وقت تک پھر سیکھ لین آدم

٣٨ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ إِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ قُلْنَا

نے اپنے رب سے کئی باتیں پھر متوجہ ہوا اُس پر وہی ہے معاف کرنیوالا مہربان ف ہم نے

اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ

کہا تم اترو یہان سے سارے پھر کبھی پہنچے تمکو میری طرف سے راہ کی خبر تو جو کوئی

٣٩ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

چلا میرے بتائے پر نہ ڈر ہوگا اُنکو اور نہ غم اور جو منکر ہوئے اور جھٹلائین

ف • یعنی آدم کے دلمیں اسنے یہی باتیں ڈالدیں جو اسطرح پکارا تو بخشا گیا وے باتیں سورۂ اعراف میں ہیں

بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ ○ یٰبَنِیْٓ ۴۰ ع

ہماری نشانیاں وے ہیں دوزخ کے لوگ ○ وے اسی میں رہ پڑے ○ اے بنی

اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَوْفُوْا

اسرائیل یاد کرو میرا احسان جو میں نے کیا تم پر اور پورا کرو

بِعَھْدِیْٓ اُوْفِ بِعَھْدِكُمْ ۚ وَاِیَّایَ فَارْھَبُوْنِ ○ وَاٰمِنُوْا بِمَآ ۴۱

قرار میرا تو میں پورا کروں قرار تمھارا اور میرا ہی ڈر رکھو ○ ف ۴۰ اور مانو جو کچھ

اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ص وَ

میں نے اتارا سچ بتاتا تمہارے پاس والی کو اور مت ہو تم پہلے منکر اس کے ○ اور

لَا تَشْتَرُوْا بِاٰیٰتِیْ ثَمَنًا قَلِیْلًا ز وَّاِیَّایَ فَاتَّقُوْنِ ○ وَلَا تَلْبِسُوا ۴۲

نہ لو میری آیتوں پر مول تھوڑا ○ اور مجھی سے بچتے رہو ○ ف ۴۱ اور مت ملاؤ

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ وَاَقِیْمُوا ۴۳

صحیح میں غلط اور یہ کہ چھپاؤ سچ کو جان کر [illegible] کرو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِیْنَ ○ اَتَاْمُرُوْنَ ۴۴

نماز اور دیا کرو زکوٰۃ اور جھکو ساتھ جھکنے والوں کے ○ کیا حکم کرتے ہو

النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ط

لوگوں کو نیک کام کا اور بھولتے ہو آپ کو اور تم پڑھتے ہو کتاب ○

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط وَاِنَّهَا لَكَبِیْرَةٌ ۴۵

پھر کیا نہیں بوجھتے ○ اور قوت پکڑو محنت سہارنے سے اور نماز سے ○ اور البتہ وہ بھاری ہے

اِلَّا عَلَی الْخٰشِعِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّھُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّھِمْ وَ ۴۶

مگر انہیں پر جن کے دل پگھلے ہیں ○ جن کو خیال ہے کہ ان کو ملنا ہے رب سے اور

اَنَّھُمْ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ○ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ ۴۷ ع

ان کو اسی طرف الٹ جانا ○ ف ۴۲ اے بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا

ف ۴۰ بنی اسرائیل کہتے ہیں اولاد حضرت یعقوب کو ○ انھیں میں حضرت موسیٰ پیدا ہوئے اور توراۃ اتری ○ اور فرعون سے خلاص کر کر ملک شام میں بسایا ○ ان سے اللہ تعالیٰ نے قرار کیا تھا کہ حکم توراۃ پر قایم رہو گے اور جو نبی میں بھیجوں اس کے مددگار رہو گے تو ملک شام تم کو دونگا ○ پھر وے گمراہ ہوئے بیچ دینے رشوت لینے اور مسئلہ غلط بتانے ○ اور خوشامد کے واسطے حق بات چھپاتے اور ان سے اپنی ریاست چاہتے پیغمبر کی اطاعت کرتے اور پیغمبر کی صفت جو توراۃ میں لکھی تھی بدل ڈالی ○ اللہ تعالیٰ ان کو یاد دلاتا ہے اپنے احسان اور ان کی نافرمانی

ف ۴۱ توراۃ میں نشان بتایا تھا کہ جو کوئی نبی اٹھے اگر توراۃ کو سچا کہے تو جانو وہ سچا ہے نہیں تو جھوٹا اور آیتوں پر تھوڑا مول یہ کہ دنیا کی محبت سے دین مت چھوڑو

ف ۴۲ قوت پکڑو محنت سہارنے سے اور نماز سے یعنی اس کی عادت کرو تو سب کام دین کے آسان ہو جائیں

٦٠ ع٧

يَفْسُقُونَ ۝ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ

بے حکمی پر • ف • اور جب پانی مانگا موسی نے اپنی قوم کے واسطے تو کہا ہم نے مار

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ط فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ط قَدْ

اپنی عصا سے پتھر کو • پھر بہہ نکلے اُس سے بارہ چشمے • پہچان

عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ط كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

لیا ہر قوم نے اپنا گھاٹ • کھاؤ اور پیو روزی اللہ کی

٦١

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى

اور نہ پھرو ملک میں فساد مچاتے • ف • اور جب کہا تم نے ای موسی

لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا

ہم نہ ٹھہر سکینگے ایک کھانے پر سو پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو کہ نکال دے ہمکو جو

تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ط

اُگتا ہے زمین سے زمین کا ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز •

قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ط اِهْبِطُوْا

بولا کیا تم چاہتے ہو ایک چیز ناقص بدلے ایک چیز کے جو بہتر ہی • اترو

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ط وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ

کسی شہر میں تو تم کو ملے جو مانگتے ہو • اور ڈالی گئی اُن پر ذلت اور محتاجی

وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اور کمالائے غصہ اللہ کا • اِسپر کہ وے تھے نہ مانتے حکم اللہ کے

٦٢

وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝

اور خون کرتے نبیوں کا ناحق • یہہ اِس سے کہ بے حکم تھے اور حد پر نہ رہتے تھے •

ع٨

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِئِيْنَ

یوں ہی کہ جو لوگ مسلمان ہوئے اور جو لوگ یہودی ہوئے اور نصاریٰ اور صابئین

ف • یعنی حطۃ کے بدلے کہنے لگے حنطہ یعنی گیہوں اور سجدے کے بدلے لگے سرین پر پھسلنے • پھر شہر میں جا کر آپڑا طاعون پری • یعنے وبا پھوٹی سی کی • دو پہر میں ستر ہزار آدمی مرے

ف • اس جنگل میں پانی نہ ملا تو ایک پتھر سے بارہ چشمے نکلے بارہ قوم تھی کسی میں لوگ زیادہ کسی میں کم ہر قوم کے موافق ایک چشمہ تھا اُس سے پہچان لیا تھا جب کوچ کرتا تو وہ پتھر ساتھ اُٹھا لیتے جب مقام ہوتا تو رکھ دیتے

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ

جو کوئی یقین لایا اللہ پر اور پچھلے دن پر اور کام کیا نیک تو انکو ہی انکی مزدوری

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا ٦٣

اپنے رب کے پاس • اور نہ انکو ڈر ہی اور نہ وے غم کہاویں • ف • اور جب لیا ہمنے

مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ

قرار تمسے اور اونچا کیا تم پر پہاڑ پکڑو جو ہم نے دیا تمکو

بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ بَعْدِ ٦٤

زور سے اور یاد کرتے رہو جو اسمین ہی شاید تمکو ڈر ہو • ف • پھر تم پھر گئے اسکے بعد •

ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ

سو اگر نہوتا فضل اللہ کا تم پر اور اسکی مہر تو تم خراب

الْخٰسِرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ ٦٥

ہوتے • اور جان چکے ہو جنہوں نے تم مین سے زیادتی کی ہفتے کے دن مین

فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ۚ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا ٦٦

تو ہمنے کہا کہ ہو جاؤ بندر پھٹکارے • پھر ہم نے وہ دہشت رکھی اس

بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى ٦٧

شہر کے روبرو والونکو اور پیچھے والونکو اور نصیحت رکھی ڈر والونکو • ف • اور جب کہا موسی نے

لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا

اپنی قوم کو اللہ فرماتا ہی تم کو ذبح کرو ایک گاے • بولے کیا تو ہم کو

هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا ٦٨

پکڑتا ہی ٹھٹھے مین • کہا پناہ اللہ کی اس سے کہ میں ہوں نادانوں مین • بولے پکار ہمارے

رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ

واسطے اپنے ربکو کہ بیان کر دے ہمکو وہ کیسی ہی کہا وہ فرماتا ہی کہ وہ ایک گاے ہی نہ بوڑھی نہ بن بیائی •

ف • یقین کسی فرقے پر موقوف نہیں۔ یقین لانا شرط ہی اور عمل نیک • اپنے اپنے وقت مین جسنے یہہ کیا ثواب پایا • اسواسطے فرمایا کہ بنی اسرائیل اسی پر مغرور تھے • کہ ہم پیغمبرونکی اولاد ہین ہم ہر طرح خدا کے یہان بہتر ہین • یہودی کہتے ہین حضرت موسی کی امت کو • نصارا حضرت عیسی کی امت کو • صابئین بھی ایک فرقہ ہین حضرت ابراہیم کو مانتے ہین

ف • جب توراۃ اتری تو کہنے لگے ہم سے اتنے حکم نہونگے • تب پہاڑ اوپر آیا کہ گر پڑے تب ڈر کر قبول کیا •

ف • یہہ قصہ سورہ اعراف مین ہی

٦٩ عَوَانٌ بَيْنَ ذَالِكَ ط فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

میانہ ہی اُنکے بیچ • اب کرو جو تمکو حکم ہی • بولے پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو

يُبَيِّنْ لَنَا مَا لَوْنُهَا ط قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاۤءُ لا فَاقِعٌ لَوْنُهَا

بیان کردے ہمکو کیسا ہی رنگ اُسکا • کہا وہ فرماتا ہی وہ ایک گاے ہی زرد ڈہڈہا رنگ

٧٠ تَسُرُّ النَّاظِرِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَنَا مَا هِيَ لا اِنَّ الْبَقَرَ

اُسکا خوش آتی دیکھنے والونکو • بولے پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو بیان کردے ہمکو کس قسم مین

٧١ تَشَابَهَ عَلَيْنَا ط وَاِنَّا اِنْ شَاۤءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

ہی وہ گایو نمین شبہ پڑا ہی ہمکو • اور ہم اللہ نے چاہا تو راہ پالینگے • کہا وہ فرماتا ہی وہ ایک گاے ہی

لَا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ج مُسَلَّمَةٌ لَا شِيَةَ فِيْهَا ط

محنت والی نہیں جو باہتی ہو زمین کو یا پانی دیتی ہو کہیت کو • بدن سے پوری ہی داغ کچھ نہیں

قَالُوا الْاٰنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ط فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

اُسمین • بولے [illegible] لایا تو ٹہیک بات • پھر اُسکو ذبح کیا اور لگتے نہ تھے کہ کرینگے •

٧٢ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ط وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ

ع ٩

اور جب تم نے مار ڈالا تھا ایک شخص پھر لگے ایک دوسرے پر دھرنے • اور اللہ کو نکالنا

٧٣ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ط كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى

جو تم چھپاتے تھے • پھر ہم نے کہا مارو اُس مردے کو اُس گاے کا ایک ٹکڑہ • اسیطرح جلا دیگا اللہ

٧٤ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ

مُردے اور دکہاتا ہی تمکو اپنے نمونے شاید تم بوجھو • ف • پھر تمہارے دل سخت ہوگئے

مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ط وَاِنَّ

اِس سب کے بعد سو وے ہیں جیسے پتھر یا اُن سے بھی سخت اور پتھرو نمین

مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ط وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ

وے بھی ہیں جنسے پھوٹتی ہیں نہریں • اور اُنمیں تو وے بھی ہیں جو پھٹتے ہیں

ف • بنی اسرائیل مین ایک شخص مارا گیا تھا اُسکا قاتل معلوم نتھا • اُسکے وارث ہر کسی پر دعوا کرتے • اللہ تعالیٰ نے اِسطرح اُس مردے کو جلایا • اُسنے بتایا کہ اِن وارثوں ہی نے مارا تھا •

فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ؕ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ

اور نکلتا ہی اُن سے پانی ۰ اور اُن میں تو وے ہیں جو گر پڑتے ہیں اللہ کے ڈر سے ۰ اور اللہ

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ أَفَتَطْمَعُونَ أَنْ يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ ۷۵

بے خبر نہیں تمہارے کام سے ۰ اب کیا تم مسلمان توقع رکھتے ہو کہ وے مانیں تمہاری بات

فَرِيقٌ مِنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ

اور ایک لوگ تھے اُن میں کہ سنتے تھے کلام اللہ کا پھر اُسکو بدل ڈالتے بوجھ لیکر

وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا ۚ وَإِذَا خَلَا ۷۶

اور اُنکو معلوم ہی ۰ اور جب ملتے ہیں مسلمانوں سے کہتے ہیں ہم مسلمان ہوئے ۰ اور جب

بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

اکیلا ہوتے ہیں ایک دوسرے پاس کہتے ہیں تم کیوں کہہ دیتے ہو اُنسے جو کھولا ہی

لِيُحَاجُّوكُمْ بِهِ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ أَوَلَا يَعْلَمُونَ ۷۷

اللہ نے تم پر کہ جھٹلاویں تمکو اُسی سے تمہارے رب کے آگے کیا تمکو عقل نہیں ۰ ف

أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ ۷۸

کیا اتنا بھی نہیں جانتے کہ اللہ کو معلوم ہی جو چھپاتے ہیں اور جو کھولتے ہیں ۰ اور ایک اُن میں

الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝ فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ ۷۹

اَن پڑھ ہیں خبر نہیں رکھتے کتاب کی مگر باندھ لی اپنی آرزوئیں ۰ اور اُن پاس نہیں

يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

مگر اپنے خیال ۰ سو خرابی ہی اُنکی جو لکھتے ہیں کتاب اپنے ہاتھ سے پھر کہتے ہیں یہ اللہ کے

لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۖ فَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ

پاس سے ہی کہ مول لیویں اُس پر مول تھوڑا ۰ سو خرابی ہی اُنکو اپنے ہاتھ کے لکھے سے اور

وَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا يَكْسِبُونَ ۝ وَقَالُوا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا ۸۰

خرابی ہی اُن کو اپنی کمائی سے ۰ ف ۰ اور کہتے ہیں ہمکو آگ نہ لگیگی مگر گنتی

ف ۰ وے جو اُن میں منافق تھے ۰ تو شاید کے واسطے اپنی کتاب میں سے پیغمبر آخر الزمان کی باتیں مسلمانوں کے پاس بیان کرتے ۰ اور وے جو مخالف تھے اُنکو اُسپر الزام دیتے کہ اپنے علم میں سے اُنکے ہاتھ میں کیوں دیتے ہو ۰

ف ۰ یہ وے لوگ ہیں عوام کو اُنکی خوشی کے موافق باتیں جوڑ کر لکھ دیتے ہیں ۰ اُس سے کسب کرتے ہیں مدار روزی کا [illegible]

أَيَّامًا مَّعْدُودَةً ۚ قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللَّهِ عَهْدًا فَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ

دن گنتی کے ۰ تو کہہ کیا لیچکے ہو اللہ کے یہان سے قرار تو البتہ خلاف نکریگا اللہ

٨١ عَهْدَهُ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ بَلَىٰ مَن كَسَبَ

اپنا قرار یا جوڑتے ہو اللہ پر جو معلوم نہیں رکھتے ۰ کیون نہین جسنے کمایا

سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ فَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا

گناہ اور گھیر لیا اُسکو اُسکے گناہ نے سو وہی ہین لوگ دوزخ کے ۰ اُسی مین

٨٢ خَالِدُونَ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ

رہ پڑے ۰ اور جو یقین لائے اور عمل نیک کئے وے لوگ

٨٣ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ

ع١٠

ہین جنت کے ۰ وے اُسی مین رہ پڑے ۰ ف ۰ اور جب ہمنے لیا قرار

بَنِي إِسْرَائِيلَ لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا

بنی اسرائیل کا بندگی نکریو مگر اللہ کی ۰ اور ماباپ سے سلوک نیک

وَذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَقُولُوا لِلنَّاسِ

اور قرابت والے سے اور یتیمون سے اور محتاجون سے اور کہیو لوگونکو

حُسْنًا وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا

بھلی بات اور کھڑی رکھیو نماز اور دیتے رہیو زکواۃ ۰ پھر تم پھر گئے مگر

٨٤ قَلِيلًا مِّنكُمْ وَأَنتُم مُّعْرِضُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ

تھوڑے تم مین اور تم کو دھیان نہین ۰ اور جب لیا ہمنے قرار تمہارا کہ نہ کروگے

لَا تَسْفِكُونَ دِمَاءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُونَ أَنفُسَكُم مِّن دِيَارِكُمْ

خون آپس مین اور نہ نکال دوگے اپنون کو اپنے وطن سے

٨٥ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ ۝ ثُمَّ أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ تَقْتُلُونَ

پھر تم نے اقرار کیا اور تم جانتے ہو ۰ پھر تم ویسے ہی خون کرتے ہو

ف ۰ گھیر لیا گناہ نے یعنی گناہ کرتا ہی اور شرمندہ نہیں ہوتا

أَنفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِّنكُم مِّن دِيَارِهِمْ تَظَاهَرُونَ

آپس میں اور نکال دیتے ہو اپنے ایک فرقے کو اُنکے وطن سے • چڑھائی کرتے ہو

عَلَيْهِم بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۖ وَإِن يَأْتُوكُمْ أُسَارَىٰ تُفَادُوهُمْ

اُن پر گناہ سے اور ظلم سے • اور اگر وہی آویں تم پاس کسی کے قید میں پڑ کے تو اُنکی

وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ ۚ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ

چھڑوائی دیتے ہو • اور وہ بھی حرام ہے تم پر اُنکا نکال دینا • پھر کیا مانتے ہو تھوڑی کتاب

وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاءُ مَن يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنكُمْ

اور منکر ہوتے ہو تھوڑی سے • پھر کچھ سزا نہیں اُسکی جو کوئی تم میں یہ کام کرتا ہے

إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰ

مگر رسوائی دنیا کی زندگی میں • اور قیامت کے دن پہنچائے جاویں سخت سے

أَشَدِّ الْعَذَابِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ ٨٥ أُولَٰئِكَ

سخت عذاب میں • اور اللہ بے خبر نہیں تمہارے کام سے • وہی ہیں

الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ

جنہوں نے خرید کی زندگی آخرت دیکر • سو نہ ہلکا ہوگا اُن پر

الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ۝ ٨٦ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ

عذاب اور نہ اُنکو مدد پہنچے گی • اور ہم نے دی ہی موسیٰ کو کتاب

وَقَفَّيْنَا مِن بَعْدِهِ بِالرُّسُلِ ۖ وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ

اور پے در پے بھیجے اُسکے پیچھے رسول • اور دئیے عیسیٰ مریم کے بیٹے کو معجزے صریح

وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ۗ أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا

اور قوت دی اُسکو روح پاک سے • پھر بھلا جب تم پاس لایا کوئی رسول جو

لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقًا

نہ چاہا تمہارے جی نے تم تکبر کرنے لگے • پھر ایک جماعت کو جھٹلایا • اور ایک جماعت کو

ف • یعنی اپنی قوم غیر کے ہاتھ پھنسے تو پھر آپکو موجود ہوتے ہو • اور آپ اُنکے ستانے میں قصور نہیں کرتے • اور خدا کے حکم پر چلتے ہو تو دو دو جگہ چلو

٨٥ ٨٦ ٨٧ ع ١١

٨٨ تَقْتُلُونَ ۝ وَقَالُوا قُلُوبُنَا غُلْفٌ ط بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ

مار ڈالتے • ف • اور کہتے ہیں ہمارے دل پر غلاف ہے • یون نہیں لعنت کی ہے اللہ نے

٨٩ فَقَلِيلًا مَّا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

اُنکے انکار سے سو کم یقین لاتے ہیں • ف • اور جب اُنکو پہنچی کتاب اللہ کی طرف سے

مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ لا وَكَانُوا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ

سچا بتاتی اُنکے پاس والی کو اور پہلے سے فتح مانگتے تھے کافرون پر •

كَفَرُوا ج فَلَمَّا جَاءَهُمْ مَّا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهٖ ز فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

پھر جب پہنچا اُنکو جو پہچان رکھا تھا اُس سے منکر ہوئے • سو لعنت ہے اللہ کی

٩٠ الْكَافِرِينَ ۝ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖ أَنْفُسَهُمْ أَنْ يَّكْفُرُوا بِمَا

منکرون پر • ف • بُرے مول خرید کیا اپنی جان کو کہ منکر ہوئے اللہ کے

أَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا أَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَاءُ

اُتارے سے [illegible] اس ضد پر کہ اُتارے اللہ اپنے فضل سے جسپر چاہے

مِنْ عِبَادِهٖ ج فَبَاءُوا بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ط وَلِلْكَافِرِينَ

اپنے بندون میں سے • سو کما لائے غصے پر غصہ • اور منکرون کو

٩١ عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوا

عذاب ہے ذلت کا • اور جب کہئے مانو اللہ کا اُتارا کہیں

نُؤْمِنُ بِمَا أُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُونَ بِمَا وَرَاءَهٗ وَهُوَ الْحَقُّ

ہم مانتے ہیں جو اُترا ہم پر اور اُس سے نہیں مانتے جو پیچھے آیا اُس سے اور وہ اصل تحقیق ہے

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ط قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنْبِيَاءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ

سچ بتاتا اُن پاس والی کو • کہہ پھر کیون مارتے رہے ہو نبی اللہ کے پہلے سے

٩٢ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ ۝ وَلَقَدْ جَاءَكُمْ مُّوسٰى بِالْبَيِّنَاتِ

اگر تم ایمان رکھتے تھے • اور آچکا تم پاس موسی صریح معجزے لیکر

ف • روح القدس کہتے ہیں حضرت جبرئیل کو ہر وقت اُنکے ساتھ تھے

ف • یہہ اپنی تعریف میں کہتے کہ ہمارے دل پر غلاف ہے • یعنے سواے اپنے دین کے کسی کی بات اُنکو اثر نہیں کرتی • اللہ تعالی نے فرمایا کہ حق بات جو اثر نکرے یہہ نشان ہے لعنت کا

ف • جب یہود کافرون سے دبتے تو دعا مانگتے کہ نبی آخر زمان شتاب پیدا ہو جب پیدا ہوا تو آپ ہی منکر ہوئے •

ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا ٩٣

پھر تمنے بنا لیا بچھڑا اُسکے پیچھے اور تم ظالم ہو • اور جب ہمنے لیا

مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ

قرار تمھارا اور اونچا کیا تمپر پہاڑ • پکڑو جو ہمنے تمکو دیا

بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ

زور سے اور سنو • بولے سنا ہمنے اور نہ مانا • اور رچ رہا اُنکے دلونمیں

الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

وہ بچھڑا مارے کفر کے • تو کہہ برا کچھ سکھاتا ہی تمکو ایمان تمھارا اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ ٩٤

ایمان والے ہو • تو کہہ اگر تمکو ملا ہی گھر آخرت اللہ کے یہان

خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ ٩٥

الگ سواے اور لوگون کے تو تم مرنے کی آرزو کرو اگر ... ف •

وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اور یہہ آرزو کبھی نہ کرینگے جسواسطے آگے بھیج چکے اپنے ہاتھ اُنکے • اور اللہ خوب جانتا ہی

بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَ ٩٦

گنہگارونکو • اور تو دیکھے اُنکو سب لوگونسے زیادہ حریص جینے کے • اور

مِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ

شرک کرنیوالون سے بھی ایک ایک چاہتا ہی کہ عمر پاوے ہزار برس • اور

بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ ٩٧ ع١٢

کچھ اُسکو سرکا نہ دیگا عذاب سے اتنا جینا اور اللہ دیکھتا ہی جو کرتے ہین •

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

تو کہہ جو کوئی ہوگا دشمن جبرئیل کا سو اُسنے تو اُتارا ہی یہہ کلام تیرے دلپر اللہ کے حکم سے

ف • کہتے تھے کہ جنت میں تمام سواے کوئی نجاویگا • اور ہمکو عذاب ہوگا • اللہ تعالی نے فرمایا • اگر یہین بہشتی ہو تو مرنے سے کیون ڈرتے ہو •

۹۸ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝
سچ بتاتا اُس کلام کو جو آگے ہی اور راہ دکھاتا اور خوشی سناتا ایمان والوں کو

مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ
جو کوئی ہووے دشمن اللہ کا اور اُسکے فرشتوں کا اور رسولوں کا اور جبریل اور میکائیل کا

۹۹ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍ
تو اللہ دشمن ہی اُن کافروں کا ف • اور ہمنے اتاریں تیری طرف آیتیں

۱۰۰ بَيِّنٰتٍ ج وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا
واضح • اور منکر ہونگے اُن سے مگر وہی جو بیحکم ہیں • کیا اور جس بار باندھینگے

۱۰۱ عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ط بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝
ایک قرار پھینکدینگے اُسکو ایک جماعت اُنمیں سے • بلکہ اکثر وے یقین نہیں رکھتے

وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ
اور جب پہنچا اُنکو رسول اللہ کی طرف سے سچ بتاتا اُن پاس والی کو پھینکدی

فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ق كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ
ایک جماعت نے کتاب پانیوالوں میں • کتاب اللہ کی اپنی پیٹھ کے

۱۰۲ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ
پیچھے گویا اُنکو خبر نہیں • اور پیچھے لگے ہیں اُس علم کے جو پڑھتے تھے شیطان

عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ج وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ
سلطنت میں سلیمان کی • اور کفر نہیں کیا سلیمان نے لیکن شیطانوں نے

كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ق وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ
کفر کیا لوگوں کو سکھاتے سحر اُس علم کے • اور جو اُترا دو فرشتوں پر

بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ط وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى
بابل میں ہاروت اور ماروت پر • اور وے نہ سکھاتے کسی کو جب تک

ف • یہود نے کہا کہ جو کلام لاتا ہی جبریل اور وہ ہمارا دشمن ہی • کئی بار ہمارے دشمنوں کو ہم پر غالب کر گیا • کوئی اور فرشتہ لاتا تو ہم مانتے • اسپر اللہ تعالی نے فرمایا کہ فرشتے جو کرتے ہیں بحکم نہیں کرتے • جو اُنکا دشمن ہوا بیشک اللہ اُسکا دشمن ہی

يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا

کہتے کہ ہم تو ہیں آزمانے کو سو تو مت کافر ہو پھر انسے سیکھتے جس

مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ ؕ وَمَا هُمْ بِضَارِّينَ

چیز سے جدائی ڈالتے ہیں مرد میں اور اسکی عورت میں ۰ اور وہ اس سے بگاڑ نہیں سکتے

بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا

کسی کا بغیر اذن اللہ کے ۰ اور سیکھتے ہیں جس سے انکو نقصان ہے

يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ

اور نفع نہیں ۰ اور جان چکے ہیں کہ جو کوئی اسکا خریدار ہو اسکو آخرت میں

خَلَاقٍ ؕ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهِ أَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝

کچھ حصہ نہیں ۰ اور بہت بری چیز ہے جس پر بیچا اپنی جانوں کو ۰ اگر انکو سمجھ ہوتی ۰

۱۰۳ وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوا

اور اگر وے یقین لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو بدلا ملتا اللہ کے یہاں بہتر ۰ اگر انکو سمجھ

۱۰۴ ع۱۳ يَعْلَمُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقُولُوا رَاعِنَا وَقُولُوا انْظُرْنَا

ہوتی ۰ ف ۱۰۹ اے ایمان والو تم نہ کہو راعنا اور کہو انظرنا

۱۰۵ وَاسْمَعُوا ؕ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ مَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا

اور سنتے رہو ۰ اور منکروں کو دکھ کی مار ہے ۰ ف ۳ دل نہیں چاہتا ان لوگوں کا

مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَلَا الْمُشْرِكِينَ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْكُمْ

جو منکر ہیں کتاب والوں میں اور شرک والوں میں یہہ کہ اترے تم پر کچھ

مِنْ خَيْرٍ مِنْ رَبِّكُمْ ؕ وَاللَّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ ؕ

نیک بات تمہارے رب سے ۰ اور اللہ خاص کرتا ہے اپنی مہر سے جسکو چاہے ۰

۱۰۶ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝ مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا نَأْتِ

اور اللہ بڑا فضل رکھتا ہے ۰ جو موقوف کرتے ہیں ہم کوئی آیت یا بھلا دیتے ہیں

ف ۹ یعنے یہود نے اپنے دین اور کتاب کا علم چھوڑ دیا اور لگے تلاش میں اعمال سحر کے اور سحر لوگوں میں دو طرف سے آیا ہے ایک حضرت سلیمان کے عہد میں آدمی اور شیطان ملے رہتے تھے ان شیطانوں سے سیکھا وہ یہود اسکو نسبت کرتے حضرت سلیمان کیطرف کہ انکو انھیں سے پہنچا ہے اور انکو حکم جن اور انس پر اسیکے زور سے تھا سو اللہ تعالی نے بیان کر دیا کہ یہہ کام کفر کا ہے سلیمان کا کام نہیں اسکے عہد میں شیطانوں نے پھیلایا ہے اور دوسرے ہاروت و ماروت کیطرف سے وے شہر بابل میں دو فرشتے تھے بصورت آدمی رہتے تھے انکو علم سحر معلوم تھا جو کوئی طالب اسکا جاتا اول کہہ دیتے کہ اسمیں ایمان جاتا رہیگا پھر اگر وہ چاہتا تو سکھا دیتے اللہ تعالی کو آزمایش منظور تھی سو اللہ تعالی نے فرمایا کہ ایسے علموں سے آخرت کا کچھ فایدہ نہیں بلکہ نقصان ہے اور دنیا میں بھی ضرر پاتے ہیں اور بغیر حکم خدا کچھ کر نہیں سکتے اور علم دین اور کتاب سیکھتے تو اللہ کے یہاں ثواب پاتے ۰

ف ۳ یہود پیغمبر کی مجلس میں بیٹھتے اور حضرت کلام فرماتے بعضی بات جو سن نہ سکتے کر

بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ط اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

تو پہنچاتے ہیں اُس سے بہتر یا اُسکے برابر • کیا تمکو معلوم نہیں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہی •

۱۰۷ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَمَا

• ف ۲ • کیا تمکو معلوم نہیں کہ اللہ ہی کو سلطنت ہی آسمان و زمین کی • اور تمہارے واسطے

۱۰۸ لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا

نہیں اللہ کے سوا سے کوئی حمایتی اور مددگار • کیا تم مسلمان بھی چاہتے ہو کہ سوال شروع کرو

رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ط وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ

اپنے رسول سے جیسے سوال ہو چکے ہیں موسیٰ سے پہلے • اور جو کوئی لیوے انکار

۱۰۹ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ

یقین کے بدلے وہ بھولا سیدھی راہ سے • ف ۷ • دل چاہتا ہی بہت

الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ج حَسَدًا مِّنْ

کتاب والوں کا [illegible] ح تمکو پھیر کر مسلمان ہونے کے پیچھے کافر کر دیں • حسد کر کر

عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ج فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا

اپنے اندر سے بعد اُسکے کہ کُھل چکا اُن پر حق • سو تم درگذر کرو اور خیال میں نہ لاؤ

۱۱۰ حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاَقِيْمُوا

جب تک بھیجے اللہ اپنا حکم • اللہ ہر چیز پر قادر ہی • اور کھڑی رکھو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ط وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ

نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ • اور جو آگے بھیجوگے اپنے واسطے بھلائی

۱۱۱ عِنْدَ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ

وہ پاؤگے اللہ کے پاس • اللہ تمہارے کام دیکھتا ہی • اور کہتے ہیں ہرگز

الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ط تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ط

نہ جاوے جنت میں مگر جو ہونگے یہود یا نصارا اپنے آرزو بیٹھ باندھ لیں ہیں اُنھوں نے •

پھر تم نہ کہو یوں کہیے راعنا یعنے
ہمارا طرف بھی ہو یہ سو اُن سے
مسلمان بھی سیکھکر کہیں وقت
یہ لفظ کہتے اللہ تعالی نے منع
فرمایا کہ یہ لفظ نہو اگر کہنا ہو
تو انظرنا کہو اُسکے بھی معنے یہی
ہیں اور آگے سے سنتے رہو کہ
پوچھنا ہی نہ پڑے یہود کو اِس
لفظ کے کہنے میں دغا تھی اُسکو
زبان دباکر کہتے تو راعنا ہوجاتا
یعنے ہمارا چرواہا اور اُنکی زبان میں
راعنا احمق کو بھی کہتے ہیں

ف ۲ • یہہ بھی یہود کا طعن تھا
کہ تمہاری کتاب میں بعض آیت
منسوخ ہوتی ہی اگر اللہ کی طرف سے تھی
تو پھر کیا عیب دیکھا جو موقوف
کی اللہ تعالی نے فرمایا کہ عیب نہ
پہلے میں تھا نہ پچھلے میں پر حاکم ہر
وقت جو چاہے سو حکم کرے

ف ۷ • یعنے یہود کے بہکانے سے
تم اپنے نبی پاس شبہہ نلاؤ جیسے
وے اپنے ہی پاس لاتے تھے •
شبہہ نکالنے گویا یقین چھوڑ کر
اِنکار کرنا ہی

قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ ١١٢
کہہ لاؤ سند اپنی اگر تم سچے ہو • کیون نہیں جسنے تابع کیا منہہ
وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ ص وَلَا خَوْفٌ
اپنا اللہ کی اوراور وہ نیکی رہی اُسی کو مزدوری اُسکی اپنے رب کے پاس • اور نہ ڈر ہی
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارَىٰ ١١٣ ع ١٤
اُن پر اور نہ اُن کو غم • اور یہود نے کہا نہیں نصارا کچھ
عَلَىٰ شَيْءٍ ص وَقَالَتِ النَّصَارَىٰ لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلَىٰ شَيْءٍ لا
راہ پر • اور کہا نصارا نے یہود نہیں کچھ راہ پر
وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ ط كَذَٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ
اور وے سب پڑھتے ہیں کتاب • اِسی طرح کہی اُن لوگون نے جن پاس علم نہین
مِثْلَ قَوْلِهِمْ ج فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ
اُنھیں کی سی بات • اب اللہ حکم کریگا اُن مین دن قیامت کے جس بات مین
يَخْتَلِفُونَ ۝ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللَّهِ أَنْ يُذْكَرَ ١١٤
جھگڑتے تھے • ف ۲ • اور اُس سے ظالم کون جسنے منع کیا اللہ کی مسجدون مین کہ پڑھئے
فِيهَا اسْمُهُ وَسَعَىٰ فِي خَرَابِهَا ط أُولَٰئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ
وہان نام اُسکا اور دوڑا اُنکے اُجاڑنے کو • ایسون کو نہیں پہنچتا کہ
أَنْ يَدْخُلُوهَا إِلَّا خَائِفِينَ ط لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ
پیٹھیں اُن مین مگر ڈرتے ہوسے • اُنکو دنیامین ذلت ہی اور اُنکو
فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ وَلِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ق ١١٥
آخرت مین بڑی مار ہی • ف ۸ • اور اللہ کی ہی مشرق اور مغرب •
فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ ط إِنَّ اللَّهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝
سو جسطرف تم منہہ کرو وہان ہی متوجہ ہی اللہ • بیشک اللہ گنجایش والاہی خبردار • ف •

ف ۱ • جن پاس علم نہیں وے عرب کے لوگ ہیں کہ آگے حضرت ابراہیم کا دین رکھتے تھے • پھر آخر بہک کر بُت پوجنے لگے ایسے شخص کو شرک کہتے وے اپنی ہی راہ حق سانتے تھے

ف ۸ • نصارا آپکو منصف جانتے تھے اور یہود کو ظالم • کہ اُنھون نے حضرت عیسیٰ سے دشمنی کی اور نہ اُنکو مانا • اللہ تعالیٰ فرماتاہی کہ جب نصارا نے غلبہ پایا تو مسجد بیت المقدس کو ویران کیا اور یہود کی مسجدیں اُجاڑیں یہود کی ضد سے • یہہ کیا انصاف ہی کہ آدمیون کی ضد سے اللہ کی مسجدیں ویران کریں اور فرماتاہی کہ یہہ بھی لائق نہیں کہ اُس ملک مین حاکم رہیں • آخر اللہ تعالیٰ نے وہ ملک شام مسلمانون کے ہاتھہ لگایا •

ف • یہہ بھی یہود و نصارا کا جھگڑا تھا

۱۱۶ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اور کہتے ہیں اللہ رکھتا ہے اولاد وہ سب سے نرالا۔ بلکہ اسی کا مال ہے جو کچھ ہے آسمان

۱۱۷ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

و زمین میں۔ سب اسکے آگے ادب سے ہیں۔ نیا نکالنے والا آسمان و زمین کا۔

۱۱۸ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَقَالَ

اور جب حکم کرتا ہے ایک کام کو تو یہی کہتا ہے اسکو کہ ہو، وہ ہوتا ہے۔ اور کہتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ

جنکو علم نہیں کیوں نہیں بات کرتا ہم سے اللہ یا ہمکو آوے کوئی آیت۔ اسی طرح

قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ

کہہ چکے ہیں انسے اگلے انہیں کی سی بات۔ ایک سے ہیں دل سب انکے۔

۱۱۹ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ

ہمنے بیان کر دیں نشانیاں ان لوگوں کو جنکو یقین ہے۔ ف۔ ہمنے تجکو بھیجا ٹھیک بات

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ۝

لیکر خوشی اور ڈر سنانے کو اور تجھ سے پوچھ نہیں دوزخ والوں کی۔ ف۔

۱۲۰ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ

اور ہرگز راضی نہ ہونگے تجھ سے یہود اور نہ نصاریٰ جب تک تابع نہ ہو تو انکے دین کا۔

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ

تو کہہ جو راہ اللہ دکھاوے سو وہی راہ ہے۔ اور کبھی تو چلا ان کی پسند پر

بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

بعد اس علم کے جو تجکو پہنچا، تو تیرا کوئی نہیں اللہ کے ہاتھ سے حمایت کرنے والا

۱۲۱ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

اور نہ مددگار۔ جنکو ہم نے دی ہے کتاب وہ اسکو پڑھتے ہیں جو حق ہے پڑھنے کا

ف۔ [illegible] بہتر سنا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ مخصوص ایک طرف نہیں۔ اسکے حکم سے جس طرف نماز کرو وہ سو جہت ہے

ف۔ یعنی اگلی امت جو یہود تھے وے بھی ایسی ہی باتیں کہتے تھے جو آپ کے لوگ کہنے لگے۔

ف۔ یعنی تجھ پر لازم نہیں کہ انکو مسلمان کیوں نہیں کیا۔

أُولٰئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَكْفُرْ بِهٖ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

وے اُسپر یقین لاتے ہیں • اور جو منکر ہوگا اُس سے سو اُنہین کو نقصان ہی • ف •

١٢٢ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ

ای بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا جو مین نے تم پر کیا اور

ع١٠

١٢٣ أَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ وَاتَّقُوا يَوْمًا لَا تَجْزِي

وہ کہ بڑا کیا تمکو سارے جہان پر • اور بچو اُس دن سے کہ نہ کام آوے

نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا تَنْفَعُهَا

کوئی شخص کسی شخص کے ایک ذرہ اور نہ قبول ہو اُس کیطرف سے بدلا اور نہ کام آوے

١٢٤ شَفَاعَةٌ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ۝ وَإِذِ ابْتَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ

اُسکو سفارش اور نہ اُنکو مدد پہنچے • اور جب آزمایا ابراہیم کو اُسکے رب نے

بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا ؕ

کئی باتون مین پھر اُسنے وے پوری کیں • فرمایا مین کرونگا تجکو سب لوگونکا پیشوا •

قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِي ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ ۝

بولا اور میری اولاد مین بھی • کہا نہیں پہنچتا میرا اقرار بے انصافون کو • ف •

١٢٥ وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَأَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوا

اور جب ٹھہرایا ہم نے یہہ گھر کعبہ اجتماع کی جگہہ لوگون کے اور پناہ • اور کررکھو جہان

مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ

کھڑا ہوا ابراہیم نماز کی جگہہ • اور کہہ دیا ہم نے ابراہیم اور اسمعیل کو

أَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ۝

کہ پاک رکھو گھر میرا واسطے طواف والون کے اور اعتکاف والونکے اور رکوع اور سجدے والونکے •

١٢٦ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ

اور جب کہا ابراہیم نے ای رب کر اِسکو شہر امن کا اور روزی دے اُس کے لوگونکو

ف یعنے جو دینی کم لوگ باانصاف تھے جو کہ اپنی کتاب کو پڑھتے تھے سمجھکر درست اِس قران پر ایمان لائے ایک اُن کے عالم تھے عبد اللہ بن سلام اُنکے ساتھہ کئی اور بھی مسلمان ہوے

ف • بنی اسرائیل بہت مغرور اِس پر تھے کہ ہم اولاد ابراہیم ہین اور اللہ تعالی نے ابراہیم کو وعدہ دیا کہ نبوت اور بزرگی تیرے گھر مین رہیگی • اور ہم ابراہیم کے دین پر ہین اور اُسکا دین بہر کوئی مانتا ہی • اب اللہ تعالی اُنکو سمجھاتا ہی کہ اللہ کا وعدہ ابراہیم کی اولاد کو ہی جو نیک راہ پر چلیں • اور اُسکے دو بیٹے تھے پیغمبر • ایک مدت اسحق کی اولاد مین بزرگی تھی اب اسمعیل کی اولاد کو پہنچی • اور اُسکی دعا ہی دونوئے

مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط قَالَ وَمَنْ
میوے جو کوئی اُن میں یقین لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر • فرمایا اور جو کوئی
كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ط
منکر ہی اُسکو بھی فایدہ دونگا تھوڑے دنوں پھر اُسکو قید کر بلاؤنگا دوزخ کے عذاب میں •
۱۲۷ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ
اور بری جگہہ پہنچ ہی • اور جب اُٹھانے لگا ابراہیم بنیادیں اُس گھر کی
۱۲۸ وَاِسْمٰعِيْلُ ط رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ط اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبَّنَا
اور اسمٰعیل • ای رب قبول کر ہم سے • توہی ہی اصل سنتا جانتا • ای رب
وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ص
اور کر ہم کو حکم بردار اپنا اور ہماری اولاد میں بھی ایک اُمت حکم بردار اپنی
وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ج اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝
اور جتا ہمکو دستور حج کرنے کے اور ہمکو معاف کر توہی ہی اصل معاف کرنیوالا مہربان •
۱۲۹ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ
ای رب ہمارے اور اُٹھا اُنمیں ایک رسول اُنھیں میں کا پڑھے اُنپر تیری آیتیں
وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ط اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
فائدہ میں فرمادی ۝ اور یہان بھی لونڈیونے نکاح میں آگے فرمائی ہی کہ جبھی بیاہی ہو جیسے لوگ شاہد ان کم سے کم دو نر دیا ایک مرد دو عورت ۝ پھر فرمایا کہ جو کام میں آئی اسکا مہر پورا دینا پڑا ۝ کام میں آئی یعنے صحبت ہوئی یا خلوت ہوئی اب کسی طرح مہر نہین چھوٹتا ۝ اور جبتک کام میں نہین آئی اگر مرد چھوڑے تو آدھا مہر دیوے ۝ اور اگر عورت ایسا کام کرے کہ نکاح ٹوٹ جاوے تو سب مہر اتر گیا ۝ پھر فرمایا کہ بعد مہر مقرر کرنے کے جو دونو اپنی خوشی سے بڑھاوین یا گھٹاوین وہ بھی ٹھہری ۝ ف ۱۰۰ فرمایا کہ جسکو مقدور ہو آزاد عورت نکاح کرنے کا اور صبر میں ڈرتا ہو کہ مجھسے حرام ہو جاوے تو روا ہی کہ کسی کی لونڈی نکاح کرے مالک کے اذن سے اور بے بیاہی سے منع فرمایا ۝ جو نکاح میں شاہد لازم ہوے ۝ اور جسکے نکاح میں ایک عورت آزاد ہی اسکو کسی کی لونڈی سے نکاح حلال نہین ۝ اور ان پر جو آدھی مار فرمائی یعنے آزاد مرد یا عورت اگر نکاح سے فائدہ لے چکے پھر زنا کرے تو سنگسار ہوے ۝ اور بغیر نکاح کے زنا کرے تو سو کوڑے مارنے سو فرمایا کہ لونڈی کو نکاح کئے پر بھی زنا کی حد پچاس کوڑے ہین ۝ [illegible] غلام کا

ف ۱۰۲ [illegible] بت و آدمی کا

۳۵
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ
بے شک اللہ ہی سب سے اوپر بڑا ف۱۸ اور اگر تم لوگ ڈرو کہ وے دونوں ضد رکھتے ہیں
بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ج
آپس میں تو کھڑا کرو ایک منصف مرد والوں میں سے اور ایک منصف عورت والوں میں سے
اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا
اگر یے دونوں چاہینگے صلح تو اللہ ملاپ دیگا اُن میں اللہ سب جانتا

۳۶
خَبِيْرًا ۝ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ
خبر رکھتا ہی اور بندگی کرو اللہ کی اور ملاؤ مت اُسکے ساتھ کسی کو اور ماباپ سے
اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ
نیکی اور قرابت والے سے اور یتیموں سے اور فقیروں سے
وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ
اور ہمسایہ قریب سے اور ہمسایہ اجنبی سے اور برابر کے رفیق سے
وَابْنِ السَّبِيْلِ لا وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
اور راہ کے مسافر سے اور اپنے ہاتھ کے مال سے اللہ کو خوش نہیں آتا

۳۷
مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ
جو کوئی ہو اتراتا بڑائی کرتا ف۱۹ وے جو بخل کرتے ہیں
وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ
اور سکھاتے ہیں لوگوں کو بخل اور چھپاتے ہیں جو دیا اُن کو اللہ نے اپنے
فَضْلِهٖ ط وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ
فضل سے اور رکھی ہی ہم نے منکروں کو ذلت کی مار اور وے جو

۳۸
يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
خرچ کرتے ہیں اپنے مال لوگوں کے دکھانے کو اور یقین نہیں رکھتے اللہ پر

ول دوڑاوے بڑے کام پر اور
شرع پر مقید رہنے دے
ف۱۳ یعنے شرع میں کسی پر کچھ
تنگی نہیں کہ کوئی حلال چھوڑے
اور حرام کو دوڑے
ف۱۴ یعنے مغرور نہو کہ ہم مسلمان
دوزخ میں کیوں جاوینگے اللہ
پر یہہ بھی آسان ہی
ف۱۵ کبیرہ گناہ وے ہیں جن پر
قران میں یا حدیث میں صاف
وعدہ دیا دوزخ کا یا اللہ کے غصے کا
یا حد مقرر فرمائی اور صغیرہ وے
جنسے منع فرمایا اور کچھ زیادہ نہیں
ف۱۶ عورتوں نے حضرت سے
پوچھا کہ کیا سبب ہی حق تعالی
ہر جگہہ مردوں پر حکم فرماتا ہی عورتوں کا
نام نہیں لیتا اور میراث میں مرد کو
حصہ دوہرا ٹھہرایا اسپر یہہ آیت اتری
ف۱۷ اکثر لوگ حضرت کے
ساتھہ اکیلے مسلمان ہوے تھے
اُنکے اقربا کافر تھے تو حضرت نے
دو دو مسلمانوں کو آپس میں
بھائی کر دیا تھا ایک دوسرے کا
وارث ہوتا جب اُنکے اقربا مسلمان
ہوے تب یہہ آیت اتری کہ
میراث ہی قرابت ہی پر اور
قول کے بھائیوں سے زندگی میں
سلوک ہی یا مرتے وقت کچھ وصیت
کر دو
ف۱۸ یعنے اللہ نے مرد کا درجہ
اوپر بنایا تو عورت کو حکم برداری

وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ ۗ وَمَنْ يَكُنِ الشَّيْطَانُ لَهُ قَرِينًا فَسَاءَ قَرِينًا ۝

اور نہ پچھلے دن پر اور جس کا ساتھی ہوا شیطان تو بہت برا ساتھی ہی ۰ ف۲۰

۳۹ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ آمَنُوا بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَنْفَقُوا

اور کیا نقصان تھا اُنکا اگر یقین لاتے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور خرچ کرتے

۴۰ مِمَّا رَزَقَهُمُ اللَّهُ ۚ وَكَانَ اللَّهُ بِهِمْ عَلِيمًا ۝ إِنَّ اللَّهَ

اللہ کے دئے ہوئے سے ۰ اور اللہ کو اُنکی خوب خبر ہی ۰ اللہ حق

لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۖ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ

نہیں دبا رکھتا کسی کا ایک ذرہ برابر ۰ اور اگر نیکی ہو تو اُسکو دونا کرے اور دیوے

۴۱ مِنْ لَدُنْهُ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ

اپنے پاس سے بڑا ثواب ۰ ف۲۱ ۰ پھر کیا حال ہوگا جب بلاوینگے ہم ہر امت میں سے

۴۲ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ۝ يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ

احوال کہنے والا اور بلاوینگے تجکو اُن لوگوں پر احوال بتانیوالا ۰ اُس دن آرزو کرینگے

الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ لَوْ تُسَوَّىٰ بِهِمُ الْأَرْضُ وَلَا

جو لوگ منکر ہوئے تھے اور رسول کی بے حکمی کی تھی کسی طرح ملا دیجے اُنکو زمین میں ۰

۴۳ ع۶ وَلَا يَكْتُمُونَ اللَّهَ حَدِيثًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا

اور نہ چھپا سکینگے اللہ سے ایک بات ۰ ف۲۲ ۰ اے ایمان والو نزدیک

تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ حَتَّىٰ تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ

ہو نماز کے جب تمکو نشا ہو یہاں تک کہ سمجھنے لگو جو کہتے ہو

وَلَا جُنُبًا إِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ حَتَّىٰ تَغْتَسِلُوا ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ

اور نہ جب جنابت میں ہو مگر راہ چلتے ہوئے جبتک کہ غسل کر لو ۰ اور اگر تم

مَرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ

مریض ہو یا سفر میں یا آیا ہی کوئی شخص تم میں جا ضرور سے یا لگے ہو

چاہئے ۰ اور اگر ایک عورت جو بدخوئی کرے تو مرد پہلے وہ جے سمجھا دے ۰ دوسرے درجے جدا سو وے لیکن اُسی گھر میں ۰ پھر آخر کے درجے مارے بھی لیکن نہ ایسا کہ ضرب پہنچے ۰ پھر اگر بظاہر مطیع ہو جاوے تو کرید نہ کرے تقصیر دل پر ۰ اللہ سب پر حاکم ہی باقی ہر تقصیر کی ایک حد ہی مارنا آخر کا درجہ ہی

ف۱۹ ۰ یعنے اول اللہ کا حق ادا کرو پھر ماں باپ کا پھر اُن سب کا درجہ بدرجہ ۰ ہمسایۂ قریب کا حق زیادہ ہی ہمسایۂ اجنبی سے ۰ قریب یعنے قرابتی ۰ اور برابر کا رفیق جو ایک کام میں شریک ہو جیسے ایک اُستاد کے شاگرد یا ایک خاوند کے دو نوکر ۰ اور فرمایا کہ اُنکے حق ادا کرنے والا وہی ہی جسکے مزاج میں تکبر اور خود پسندی ہی کہ کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتا

ف۲۰ ۰ یعنے مال دینے میں بخل کرنا جیسے اللہ کے نزدیک برا ہی ویسا ہی خلق کے دکھانے کو دینا ۰ اور قبول وہی جو عقیدہ درست ہووے جسکا ذکر اول ہوا ۰ اور خدا کے یقین اور آخرت کے توقع سے دے

ف۲۱ ۰ یعنے اللہ کی راہ میں خرچ کرنا نقصان کسی طرح نہیں ۰ آخرت کا ثواب بے شمار ہی اور دنیا میں بھی عوض پاتا ہی ۰ اپر رسول خدا نے قسم کھائی ہی

ف۲۲ یعنے ہر امت اور ہر زمانہ کے

النساء فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيبا فامسحوا
عورتوں سے پھر نپایا پانی تو ارادہ کرو زمین پاک کا پھر ملو
بوجوهكم وايديكم ط ان الله كان عفوا غفورا ۝
اپنے منہہ کو اور ہاتھونکو ۰ اللہ ہی معاف کرنیوالا بخشنے ہارا ۰ ف ۴۳

۴۴ الم تر الى الذين اوتوا نصيبا من الكتاب يشترون الضلالة
تو نے نہیں دیکھا جنھیں ملا ہی ایک حصہ کتاب سے خرید کرتے ہیں گمراہی

۴۵ ويريدون ان تضلوا السبيل ۝ والله اعلم باعدائكم ط و
اور چاہتے ہیں کہ تم بھی بہکو راہ سے ۰ اور اللہ خوب جانتا ہی تمہارے دشمنوں کو ۰ اور

۴۶ كفى بالله وليا ق وكفى بالله نصيرا ۝ من الذين هادوا
اللہ بس ہی حمایتی اور اللہ بس ہی مددگار ۰ ف ۴۴ وے جو یہود ہیں
يحرفون الكلم عن مواضعه ويقولون سمعنا وعصينا
بے ڈھب کرتے ہیں بات کو اُسکے ٹھکانے سے اور کہتے ہیں ہم نے سنا اور نمانا
واسمع غير مسمع وراعنا ليا بالسنتهم وطعنا في الدين ط
اور سن نہ سنایا جائیو اور راعنا موڑ دیکر اپنی زبان کو اور عیب دیکر دین میں ۰
ولو انهم قالوا سمعنا واطعنا واسمع وانظرنا لكان خيرا لهم
اور اگر وے کہتے ہم نے سنا اور مانا اور سن اور ہم پر نظر کر تو بہتر ہوتا اُنکے حق میں
واقوم لا ولكن لعنهم الله بكفرهم فلا يؤمنون الا قليلا ۝
اور درست لیکن لعنت کی اُنکو اللہ نے اُنکے کفر سے سو ایمان نہیں لاتے مگر کم ۰ ف ۴۵

۴۷ يا ايها الذين اوتوا الكتاب امنوا بما نزلنا مصدقا لما
اے کتاب والو ایمان لاؤ اُسپر جو ہم نے نازل کیا سچ بتاتا تمہارے
معكم من قبل ان نطمس وجوها فنردها على ادبارها
پاس والی کو پہلے اُس سے کہ ہم مٹا ڈالیں کتنے منہہ پھر اُلٹ دیں اُنکو پیٹھ کی طرف

لوگوں کا احوال اُسوقت کے پیغمبر
سے اور معتبر نیک بختوں سے
بیان کروا دینگے ۰ منکروں کا انکار اور
اطاعت والوں کی اطاعت بیان ہوگی
تب منکر آرزو کرینگے کہ ہم
انسان نہوتے مٹی میں ملکر خاک ہوجاتے
ف ۴۳ ۰ یعنے اِس آیت میں ذکر
ہی تیمم کا ۰ وہ بوجہ کو رہوا کہ کافر
آخرت میں آرزو کرینگے کہ خاک
میں ملجاویں ۰ خاک انسان کی
پیدایش ہی اور اپنی پیدایش
کی طرف جانا گناہوں سے بچاو ہی ۰
اِسواسطے مٹی مانیسے بھی طہارت
فرمائی ۰ ف پہلے حکم فرمایا کہ نشے میں
نماز کے پاس نجاؤ یہہ حکم جب
تھا کہ نشا حرام نہوا تھا لیکن نماز
سے مانع ٹھہرا تھا اور اب اگر نیندسے
بیہوش ہو یا مرض سے کہ اپنے
منہہ کا لفظ نسمجھے تو اُس حالت کی
نماز درست نہیں پھر قضا کرے
ف ۳ ۰ پھر فرمایا کہ جنابت میں
نماز کے پاس نجاؤ جبتک غسل نکرو
مگر راہ چلتے یعنے مسافر ہیں کہ اُسکا
حکم آگے ہی ۰ پھر فرمایا کہ اگر پانی کا
عذر ہو اور طہارت ضرور ہو تو زمین
سے تیمم کرو ۰ پانی کا عذر تین
صورت سے بتایا اور طہارت کا
ضرور ہونا دو صورت سے ۰ ایک
صورت پانی کے عذر کی یہہ کہ مرض
ہی اور پانی ضرر کرتا ہی ۰ دوسری
یہہ کہ مسافر ہی پانی پینے
کو رکھا ہی آگے دور تک نملیگا ۰
تیسری یہہ کہ پانی موجود ہی نہیں ۰

أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ ط وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُولًا ۝

یا اُنکو لعنت کرین جیسے لعنت کی ہفتہ والونکو ۰ اور اللہ نے حکم کیا سو ہوا ۰ ف ۲۶

۴۸ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ ط

تحقیق اللہ نہین بخشتاہی یہہ کہ اُسکا شریک کرئے اور بخشتاہی اُس سے نیچے جسکو چاہے ۰

۴۹ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰى إِثْمًا عَظِيمًا ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُزَكُّونَ

اور جسنے ٹہرایا شریک اللہ کا اُسنے بڑا طوفان باندھا ۰ تونے نہ دیکھے اُنکو جو پاکیزہ کہتے ہین

۵۰ أَنْفُسَهُمْ ط بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّي مَنْ يَشَاءُ وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝ اُنْظُرْ

آپ کو ۰ بلکہ اللہ پاکیزہ کرتاہی جسکو چاہے اور اُن پر ظلم نہوگا تاگے برابر ۰ ف ۲۷ دیکھہ

كَيْفَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ط وَكَفٰى بِهٖ إِثْمًا مُبِينًا ۝

کیسا باندھتے ہین اللہ پر جھوٹھہ ۰ اور کفایت ہی یہی گناہ صریح ۰

ع ۵۱ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُونَ بِالْجِبْتِ

تونے نہ دیکھے جنکو ملا ہی کچھہ حصہ کتاب کا مانتے ہین بتون کو

وَالطَّاغُوتِ وَيَقُولُونَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا هٰؤُلَاءِ أَهْدٰى مِنَ

اور شیطان کو اور کہتے ہین کافرونکو کہ اِنھون نے زیادہ پائی ہی

۵۲ الَّذِينَ آمَنُوا سَبِيلًا ۝ أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ط وَمَنْ

مسلمانون سے راہ ۰ وہی ہین جنکو لعنت کی اللہ نے ۰ اور جسکو

۵۳ يَلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيرًا ۝ أَمْ لَهُمْ نَصِيبٌ مِنَ الْمُلْكِ

لعنت کرے اللہ پھر تو نپاوے کوئی اُسکا مددگار ۰ آیا اُنکا کچھہ حصہ ہی سلطنت مین

۵۴ فَإِذًا لَا يُؤْتُونَ النَّاسَ نَقِيرًا ۝ أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلٰى

پھر تو نہ دینگے لوگون کو ایک تل برابر ۰ یا حسد کرتے ہین لوگون کا اُسپر

مَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ج فَقَدْ آتَيْنَا آلَ إِبْرَاهِيمَ الْكِتَابَ

جو دیا اُن کو اللہ نے اپنے فضل سے ۰ سو ہم نے تو دی ہی ابراہیم کے گھر مین کتاب

اِس تیسری کے ساتھہ دو صورتین طہارت کی ضرورت کی فرمائین ۰ ایک یہہ کہ آدمی جائے ضرور سے آیا وضو کی حاجت ہی ۰ دوسری یہہ کہ عورت سے لگا غسل کی حاجت ہی ۰ اور تیمم کے طریق یہ کہ زمین پاک پر دونو ہاتھہ مارے پھر مُنہہ کو مل لے پھر دونو ہاتھہ مارے پھر ہاتھونکو مل لے کہنی تک

• ف ۲۴ یہود کو فرمایا کہ کچھہ حصہ ملا ہی کتاب کا ۰ یعنے لفظ پڑھنے ملے ہین اور سمجھنا اور عمل کرنا نہین ملا

• ف ۲۵ راعنا لفظ ہو اُسکے معنی اُسکا بیان سورہ بقرہ مین ہوا ۰ اِسی طرح حضرت بات فرمانے تو جواب مین کہتے سنا ہم نے ۰ اُسکے معنی یہہ ہین کہ قبول کیا لیکن آہستے کہے لہ مانا ۰ یعنے فقط کان سے سنا دل سے نہ سنا ۰ اور حضرت کو خطاب کرتے تو کہتے سن نہ سنا جاو ظاہر مین یہہ دعا ہے نیک ہی کہ تو ہمیشہ غالب رہے کوئی تجکو بری بات نہ سنا سکے ۰ اور دل مین نیت رکھتے کہ تو بہرا ہو جائیو ۰ ایسی شرارت کرنے پھر دین مین عیب دیتے کہ اگر یہہ شخص نبی ہوتا تو ہمارا فریب معلوم کرتا ۰ وہی اللہ صاحب نے واضح کر دیا

• ف ۲۶ یعنے ایمان لاؤ پہلے اِس سے کہ عذاب پاؤ صورت بدلی جاوے جانور بن جاو ہفتے والونکی طرح اُنکا بیان ہی سورہ اعراف مین

• ف ۲۷ یہودیون کو حضرت سے

والحكمة وآتيناهم ملكا عظيما ۝ فمنهم من آمن به ومنهم ٥٥

اور علم اور اُنکو دی ہی ہم نے بڑی سلطنت • پھر اُنمین کسی نے اُسکو مانا اور کوئی

من صد عنه ط وكفى بجهنم سعيرا ۝ ان الذين كفروا ٥٦

اُس سے اٹک رہا • اور دوزخ بس ہی جلتی آگ ف ٢٨ • جو لوگ منکر ہوے

بآياتنا سوف نصليهم نارا ط كلما نضجت جلودهم

ہماری آیتون سے اُنکو ہم ڈالینگے آگ مین • جسوقت پک جاویگی کھال اُنکی

بدلناهم جلودا غيرها ليذوقوا العذاب ط ان الله كان

بدل کر دینگے اُن کو اور کھال کہ چکھتے رہین عذاب • اللہ ہی زبردست

عزيزا حكيما ۝ والذين آمنوا وعملوا الصالحات ٥٧

حکمت والا • اور جو لوگ یقین لائے اور کرین نیکیاں اُن کو ہم

سندخلهم جنات تجري من تحتها الانهار خالدين فيها

داخل کرینگے باغون مین جنکے نیچے بہتی نہرین [illegible] وہان

ابدا ط لهم فيها ازواج مطهرة ز وندخلهم ظلا ظليلا ۝

ہمیشہ • اُنکو وہان عورتین ہین ستھری اور اُنکو ہم داخل کرینگے گھن کی چھانو مین •

ان الله يأمركم ان تؤدوا الامانات الى اهلها لا واذا حكمتم ٥٨

اللہ تم کو فرماتا ہی کہ پہنچاؤ امانتین امانت والونکو • اور جب چکاؤ

بين الناس ان تحكموا بالعدل ط ان الله نعما يعظكم به ط

کرنے لوگون مین تو چکوتی کرو انصاف سے • اللہ اچھی نصیحت کرتا ہی تمکو •

ان الله كان سميعا بصيرا ۝ يا ايها الذين آمنوا اطيعوا الله ٥٩

اللہ ہی سنتا دیکھتا • ف • ای ایمان والو حکم مانو اللہ کا

واطيعوا الرسول واولي الامر منكم ج فان تنازعتم في شيء

اور حکم مانو رسول کا اور جو اختیار والے ہین تم مین سے • پھر اگر جھگڑ پڑو کسی چیز مین

مخالفت ہوئی تو مکے کے منکرون سے متفق ہوے اور اُنکی خاطر سے بتونکی تعظیم کی • اور کہا کہ تمہاری راہ بہتر ہی مسلمانون سے • اور یہہ سب اُنکا حسد تھا کہ نبوت اور دین کی ریاست سوا ہمارے اور کسی مین کیون ہووے • اللہ صاحب اِسی پر اُنکو الزام دیتا ہی • اِن سب آیتون مین یہی مذکور ہی

ف ٢٨ • یعنے ہمیشہ سے اللہ نے ابراہیم کے گھر مین بزرگی دی ہی اب بھی اُسی کے گھر مین ہی • پھر جو کوئی قبول نرکھے وہی بے انصاف ہی

ف • یعنے امانت مین خیانت مت کرو اور چکوتی مین خاطر نکرو خواہ رشوت کے واسطے خواہ کسی واسطے • بے عادتین یہود مین بہت تھین • [illegible] واسطے منع کیے مسلمان قصیہ چکانے کو حضرت پاس نہ آتے [illegible] کی خاطر نہ کھینچے • اور یہود کے عالمون پاس جاتے [illegible] ٹہر رہتے • آگے مسلمانونکو

فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
تو اُسکو رجوع کرو اللہ کی اور رسول ہی کی طرف اگر یقین رکھتے ہو اللہ پر اور پچھلے

الْاٰخِرِ ط ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ ٦٠ ع٦
دن پر • یہہ خوب ہی اور بہتر تحقیق کرنا ہی • ف • تو نے نہ دیکھے وے جو

يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ
دعوی کرتے ہیں کہ یقین لائے ہیں جو اترا تیری طرف اور جو اترا تجھ سے پہلے

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ج
چاہتے ہیں کہ قضیہ لیجاویں شیطان کیطرف اور حکم ہو چکا ہی اُنکو کہ اُس سے منکر ہو جاویں •

وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا ۢ بَعِيْدًا ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ ٦١
اور چاہتا ہی شیطان کہ اُنکو بہکا کر دور لے ڈالے • اور جو اُنکو

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ
کہئے آؤ [illegible] کے حکم کی طرف جو اُس نے اتارا اور رسول کی طرف تو تو دیکھے منافقوں کو

يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۢ ٦٢
بند ہو رہتے ہیں تیری طرف سے اٹک کر • پھر وہ کیسا کہ جب اُنکو پہنچے مصیبت

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ق بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ
اپنے ہاتھوں کے کئے سے • پھر آویں تیرے پاس قسمیں کھاتے اللہ کی • کہ ہم کو غرض نتھی

اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ قف ٦٣
مگر بھلائی اور ملاپ • ف • یے وے لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہی جو اُنکے دل میں ہی •

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا ۢ بَلِيْغًا ۝
سو تو اُن سے تغافل کر اور اُنکو نصیحت کر اور اُن سے کہہ اُن کے حق میں بات کام کی •

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ط ٦٤
اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اِسی واسطے کہ اُسکا حکم مانیں اللہ کے فرمانے سے •

تقید فرمایا کہ جبتک ہر قضیے میں اور ہر حکم میں رسول ہی کی طرف رجوع رکھو اور دل سے اُسکے حکم پر راضی ہو جبتک تمہارا ایمان نہیں ف • اختیار والے بادشاہ اور قاضی اور جو کسی کام پر مقرر ہو اُسکے حکم پر چلنا ضرور ہی جبتک وہ خلاف خدا اور رسول حکم نہ کرے • اگر صریح خلاف حکم کرے تو وہ حکم نمانیے • بس اگر دو مسلمان جھگڑتے ہیں ایک نے کہا چل شرع میں رجوع کریں دوسرے نے کہا میں شرع نہیں سمجھتا یا مجھے شرع سے کام نہیں وہ بے شک کافر ہوا

ف • مدینے میں ایک یہودی اور ایک منافق کہ ظاہر میں مسلمان تھا جھگڑ پڑے • یہودی نے کہا چل محمد پاس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم • منافق نے کہا کہ چل کعب بن اشرف پاس وہ یہودیوں کا سردار تھا • آخر حضرت

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ

اور ان لوگوں نے جسوقت اپنا برا کیا تھا اگر آتے تیرے پاس پھر اللہ سے بخشواتے اور بخشواتا انکو

۶۵ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

رسول تو اللہ کو پاتے معاف کرنیوالا مہربان۔ سو قسم ہی تیرے ربکی انکو ایمان نہوگا

حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

جبتک تجھی کو منصف نہ جانیں جو جھگڑا اٹھے آپسمیں پھر نپاویں اپنے جی میں

۶۶ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ

خفگی تیری چکوتی سے اور قبول رکھیں مان کر۔ اور اگر ہم ان پر حکم کرتے

اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ

کہ ہلاک کرو اپنی جان یا چھوڑ نکلو اپنے گھر تو کوئی نکرتے مگر تھوڑے

مِّنْهُمْ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

ان میں سے۔ اور اگر یہی کریں جو انکو نصیحت ہوتی ہی تو ان [illegible]

۶۷ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۝ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

اور زیادہ ثابت ہوویں دین میں۔ ف۲۔ اور ایسے میں ہم دیں انکو اپنے پاس سے بڑا ثواب۔

۶۸ ۶۹ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ

اور چلاویں انکو سیدھی راہ۔ اور جو لوگ چلتے ہیں حکم میں اللہ کے اور رسول کے سو وے

مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

انکے ساتھ ہیں جنکو اللہ نے نوازا نبی اور صدیق

۷۰ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ ذٰلِكَ

اور شہید اور نیک بخت۔ اور خوب ہی انکی رفاقت۔ ف۳۔ یہہ

۷۱ ع۷ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

فضل ہی اللہ کی طرف سے۔ اور اللہ بس ہی خبر رکھنے والا۔ ف۴۔ ای ایمان والو

پاس آئے حضرت نے یہودی کو حق ثابت کیا۔ منافق نے باہر نکل کر کہا کہ چلو عمر پاس۔ وے حضرت کے حکم سے مدینے میں قاضی تھے۔ منافق نے جانا کہ حمیت اسلام کرینگے۔ جب انکے آگے گئے یہودی نے کہہ دیا کہ حضرت پاس ہم جا چکے ہیں وے ہمکو جتا کر چکے ہیں۔ حضرت عمر نے منافق کی گردن ماری اُسکے وارث حضرت پاس خون کا دعوی کرکے آئے اور قسمیں کھانے لگے کہ ہم گئے تھے اِسلئے کہ شاید صلح کروادیں۔ تب یہ آیتیں اُتریں اور اِنکا نام فاروق فرمایا

ف۲۔ یعنے مالک کے حکم میں تو جان تک دریغ نکرنا چاہیے۔ اگر اللہ ویسے حکم فرماتا تو یہ منافق کب کر سکتے۔ یہ حکم تو نصیحت کے ہیں۔ اُنھر پر چلیں تو نفاق جاتا رہے اور مومن ہوجاویں کیا یہہ غنیمت نہیں سمجھتے

ف۳۔ نبی وے ہیں جنکو اللہ کی طرف سے وحی آوے۔ یعنے فرشتہ ظاہر میں پیغام کہہ جاوے۔ اور صدیق وہ کہ جو وحی میں آوے اُنکا جی آپ ہی اُسپر گواہی دیوے۔ اور شہید وہ کہ جنکو پیغمبر کے کلام پر ایسا صدق آیا کہ اُسپر جان دیتے ہیں۔ اور نیک بخت وہ لوگ جنکی طبیعت نیکی ہی پر پیدا ہوئی ہی۔ تو یہ لوگ ایسے نہیں لیکن حکم برداری میں لگے جاتے ہیں

خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوا جَمِيعًا ۝ وَاِنَّ مِنْكُمْ ۷۲

کرو اپنی خبرداری پھر کوچ کرو جدی جدی فوج یا سب اکٹھی• ف• اور تم میں سے

لَمَنْ لَيُبَطِّئَنَّ ج فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُصِيبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ

کوئی ایسا ہی کہ البتہ دیر لگا دیگا• پھر اگر تمکو مصیبت پہنچی کہیگا اللہ نے

عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَعَهُمْ شَهِيدًا ۝ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِنَ اللّٰهِ ۷۳

مجھ پر فضل کیا کہ میں نہوا اُنکے ساتھ• اور اگر تمکو پہنچا فضل اللہ کیطرف سے

لَيَقُولَنَّ كَاَنْ لَمْ تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ

تو اسطرح کہنے لگیگا کہ گویا نہ تھی تم میں اور اُسمیں کچھ دوستی ای کاش کہ میں ہوتا

مَعَهُمْ فَاَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا ۝ فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ الَّذِينَ ۷۴

اُنکے ساتھ تو بڑی مُراد پاتا• ف• سو چاہئے لڑیں اللہ کی راہ میں جو لوگ

يَشْرُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ط وَمَنْ يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

بیچتے ہیں دنیا کی زندگی آخرت پر• اور جو کوئی لڑے اللہ کی راہ میں

فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ اَجْرًا عَظِيمًا ۝ وَمَا لَكُمْ ۷۵

پھر مارا جاوے یا غالب ہووے سو ہم دینگے اُسکو بڑا ثواب• ف• اور تمکو کیا ہی کہ

لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ

نہ لڑو اللہ کی راہ میں اور واسطے اُنکے جو مغلوب ہیں مرد

وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ

اور عورتیں اور لڑکے جو کہتے ہیں ای رب ہمارے نکال ہمکو اُس

الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ج وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا

بستی سے کہ ظالم ہیں اُسکے لوگ• اور پیدا کر ہمارے واسطے اپنے پاس سے کوئی حمایتی•

وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيرًا ۝ اَلَّذِينَ اٰمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ ۷۶

اور پیدا کر ہمارے واسطے اپنے پاس سے مددگار• ف• وے جو ایمان والے ہیں سو لڑتے ہیں اللہ کی راہ

اللہ اُنکو بھی اُنکے ساتھ کیگا
ف۴• آگے سے ذکر ہی جہاد کا
ف• یعنے لڑائی میں اپنا بچاو
کرنا زرہ یا سپر یا تدبیروں سے منع نہیں

ف• یعنے ایسا شخص منافق ہی
کہ خدا کے حکم پر نہیں دوڑتا بلکہ
دنیا کا نفع تکتا ہی• اگر لوگوں کو
اسلام میں تکلیف پہنچی تو اپنے
الگ رہنے پر رجھتا ہی• اور
اگر لوگوں کو فایدہ پہنچا تو پچھتا ہی
اور دشمنوں کیطرح حسد کرتا ہی
ف• یعنے مسلمان کو چاہئے دنیا کی
زندگی پر نظر نرکھیں آخرت چاہیں اور
سمجھیں کہ اللہ کے حکم میں ہر طرح نفع ہی

ف• یعنے وہ واسطے لڑائی تمکو

ضرور ہی ایک تو اللہ کا دین بلند کرنیکو • دوسرے مظلوم مسلمان جو کافرونکے ہاتھہ مینن بے بس پڑرہے ہین اُنکے خلاص کرنیکو • شہر کے مینن ایسے لوگ بہت تھے کہ حضرت کے ساتھہ ہجرت نکر سکے اور اُنکے اقربا اُن پر ظلم کرنے لگے کہ مسلمان سے پھر کافر کرین

اللّٰهِ ج وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ

مین • اور وے جو منکر ہین سو لڑتے ہین مفسدون کی راہ مین

فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ ج إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا ۝

سو لڑو تم شیطان کے حمایتیون سے • بے شک فریب شیطان کا سست ہی •

۷۷ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَوٰةَ

تونے نہ دیکھے وے لوگ جنکو حکم ہوا تھا کہ اپنے ہاتھہ بند رکھو اور قایم کرو نماز

وَآتُوا الزَّكَوٰةَ ج فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ

اور دیے رہو زکوٰۃ • پھر جب حکم ہوا اُن پر لڑائی کا اُسی وقت ایک جماعت اُنمین

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ج وَقَالُوا رَبَّنَا

ڈرنے لگی لوگوں سے جیسا ڈر ہو اللہ کا یا اُس سے زیادہ ڈر • اور کہنے لگی ای رب ہمارے

لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ج لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ ط

کیون فرض کی ہم پر لڑائی • کیون نہ جینے دیا ہمکو تھوڑی سی عمر •

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ ج وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِمَنِ اتَّقَىٰ قف وَلَا

تو کہہ فایدہ دنیا کا تھوڑا ہی • اور آخرت بہتر ہی پرہیزگار کو • اور تمہارا

۷۸ تُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ

حق نہ رہیگا ایک تاگا • ف • جہان تم ہو نگے موت تمکو آپکڑیگی اگرچہ تم ہو

كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ ط وَإِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ

مضبوط برجون مین • اور اگر پہنچے اُن لوگونکو کچھہ بھلائی کہین

عِنْدِ اللّٰهِ ج وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ عِنْدِكَ ط قُلْ

یہہ اللہ کی طرف سے ہی • اور اگر پہنچے کچھہ بُرائی کہین یہہ تیری طرف سے ہی • تو کہہ

كُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ط فَمَالِ هَٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ

سب اللہ کی طرف سے ہی • سو کیا حال ہی اُن لوگونکا لگتے نہین کہ سمجھین

ف • یعنے جب تک مسلمان مکے مین تھے اور کافر ایذا دیتے تو اللہ تعالی اُنکو لڑنے سے تھانبتا تھا اور صبر کا حکم فرماتا تھا • اب جو حکم لڑائی کا آیا تو سمجھین کہ ہماری مرادملی • لیکن بعضے کچے مسلمان کنارہ کرتے ہین اور موت سے ڈرتے ہین اور اللہ کے برابر آدمیون سے خطرہ کرتے ہین

حَدِيثًا ۝ مَا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ز وَمَا أَصَابَكَ مِنْ ٧٩
ایک بات • ف • جو تجکو بھلائی پہنچی سو اللہ کی طرف سے • اور جو تجکو برائی
سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ ط وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ رَسُولًا ط وَكَفَىٰ
پہنچی سو تیرے نفس کی طرف سے • اور ہمنے تجکو بھیجا پیغام پہنچانے کو • اور
بِاللّٰهِ شَهِيدًا ۝ مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ ج وَمَنْ تَوَلَّىٰ ٨٠
اللہ بس ہی سامھنے دیکھتا • ف • جن نے حکم مانا رسول کا اُسنے حکم مانا اللہ کا • اور جو اُلٹا
فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۝ وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ ز فَإِذَا بَرَزُوا ٨١
پھرا تو ہمنے تجکو نہیں بھیجا اُن پر نگہبان • اور کہتے ہیں کہ قبول کیا • پھر جب
مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ غَيْرَ الَّذِي تَقُولُ ط وَاللّٰهُ
باہر گئے تیرے پاس سے مشورہ کرتے ہیں بعضے اُنمیں رات کو سوائے تیری بات کے • اور اللہ
يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ ج فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط وَكَفَىٰ
لکھتا ہی جو ٹھہراتے ہیں • سو تو تغافل کر اُن سے اور بھروسہ کر اللہ پر • اور
بِاللّٰهِ وَكِيلًا ۝ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ط وَلَوْ كَانَ مِنْ ٨٢
اللہ بس ہی کام بنانے والا • کیا غور نہیں کرتے قرآن میں • اور اگر یہہ ہوتا کسی
عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا ۝ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ ٨٣
اور کا سوائے اللہ کے تو پاتے اُسمیں بہت تفاوت • ف • اور جب اُن پاس پہنچے ہی
مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ ط وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ
کوئی خبر امن کی یا ڈر کی اُسکو مشہور کرتے ہیں • اور اگر اُسکو پہنچاتے رسول تک
وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ ط
اور اپنے اختیار والوں تک تو تحقیق کرتے اُسکو جو اُنمیں تحقیق کرنے والے ہیں اُسکے •
وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ
اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا تم پر اور اُسکی مہر تو تم شیطان کے پیچھے جاتے ١

ف • یہہ منافقوں کا ذکر ہی کہ
اگر تدبیر جنگ درست آئی
اور فتح و غنیمت ملی تو کہتے اللہ کی
طرف سے ہوئی • یعنے اتفاقاً بن
گئی حضرت کی تدبیر کے قائل نہوتے
تھے • اور اگر بگڑ گئی تو الزام
رکھتے حضرت کی تدبیر پر • اللہ
صاحب نے فرمایا کہ سب اللہ
کی طرف سے ہی • یعنے پیغمبر کی
تدبیر اللہ کا الہام ہی غلط نہیں •
اور بگاڑ جو تمکو بگڑ آیا بوجھو یہہ اللہ
تمکو سدھاتا ہی تمہاری تقصیر پر •
اگلی آیت میں کھول کر فرمایا
ف • بندہ چاہئے نیکی کو اللہ کا
فضل سمجھے اور تکلیف اپنی
تقصیر سے اور رسول پر الزام
نہ رکھے • تقصیر وسے اللہ
واقف ہی اور وہی جزا دیتا ہی
ف • یعنے مخلوق ہر حال میں اُسی
حال کے موافق بولتا ہی • غصے
میں مہربانی والوں کی طرف
دھیان نہیں رکھتا اور مہربانی میں
غصے والوں کی طرف • دنیا کے
بیان میں آخرت یاد نہ آوے •
اور آخرت کے بیان میں دنیا •
بے پروائی میں عنایت کا ذکر
نہیں • اور عنایت میں بے پروائی کا
تو اُس حال کا کلام سے دوسرے
حال سے مخالف نظر آوے • اور
قرآن شریف جو خالق کا کلام ہی
یہاں ہر چیز کے بیان میں دوسری
جانب بھی نظر ہوتی ہی • غور
کرنے سے معلوم ہو کہ ہر چیز کا

٨٤ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ج لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ

مگر تھوڑے ۝ ف ۲ سو تو لڑ اللہ کی راہ میں ۝ تجھ پر ذمہ نہیں مگر اپنی جان سے

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ج عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ

اور تاکید کر مسلمانوں کو ۝ قریب ہی کہ اللہ بند کرے لڑائی

٨٥ كَفَرُوْا ط وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۝ مَنْ يَّشْفَعْ

کافروں کی ۝ اور اللہ ہی سخت لڑائی والا اور سخت سزا دینے والا ۝ جو کوئی

شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ج وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً

سفارش کرے نیک بات میں اُسکو بھی ملے اُسمیں سے ایک حصہ ۝ اور جو کوئی سفارش کرے

سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

بری بات میں اُسپر بھی ہی ایک بوجھ اُسمیں سے ۝ اور اللہ ہی ہر چیز کا حصہ بانٹنے والا

نصف ٨٦ مُّقِيْتًا ۝ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ط

۝ ف ۳ اور جب تمکو دعا دوے کوئی تو تم بھی دعا دو اُس سے بہتر یا وہی کہو اُلٹکر ۝

٨٧ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط

اللہ ہی ہر چیز کا حساب کرنے والا ۝ ف ۴ اللہ کے سوا سے کسی کی بندگی نہیں ۝

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ط وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ

تمکو جمع کریگا قیامت کے دن اُسمیں شک نہیں ۝ اور اللہ سے سچی

٨٨ ع ٩ اللّٰهِ حَدِيْثًا ۝ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ

کس کی بات ۝ پھر تمکو کیا پڑا ہی منافقوں کے واسطے دو جانب ہو رہے ہو اور اللہ نے

اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ط اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ط

اُن کو اُلٹ دیا اُن کے کاموں پر ۝ کیا تم چاہو کہ راہ پر لاؤ جسکو بچلا دیا اللہ نے ۝

٨٩ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ

اور جسکو اللہ راہ نہ دے پھر تو نہ پاوے اُسکے واسطے کہیں راہ ۝ ف ۵ چاہتے ہیں کہ تم بھی کافر ہو

بیان ہر مقام میں ایک راہ پر ہی ۝ یہاں منافقونکا مذکور تھا اُسمیں بھی ہر بات پر الزام اُسی قدر ہی جتنا چاہیے ۝ اور جماعت میں سے اُنھیں پر الزام ہی جو لایق الزام ہیں ۝ اِسی واسطے فرمایا کہ بعضے اُنمیں سے یوں کرتے ہیں

ف ۲ بعضے کہیں سے کچھ خبر آوے تو اول پہنچا دیے ہر دور تک اور اُنکے ناموں تک ۝ جب وہ صحیح کر لیں اور اُس پر بنا رکھیں تب آپ اُس پر عمل کرے ۝ حضرت نے ایک شخص بھیجا ایک قوم کی زکواۃ لینے کو وے نکلے استقبال کو ۝ اِسنے سمجھا کہ نکلے ہیں میرے مارنیکو اُلٹا پھر آیا ۝ اور شہر مدینے میں مشہور کیا کہ فلانی قوم مرتد ہوئی ۝ ہنوز حضرت تک خبر نہ پہنچی کہ شہر میں شہرہ ہوا ۝ اِسی قسم سے سارے خبر نے تحقیق اور بغیر خبر ہر دور کے مشہور کرنے لگئے کہ وہ خبر آخر غلط نکلے ف یہہ جو فرمایا کہ اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا تو شیطان کے پیچھے چلے مگر تھوڑے ۝ یعنے ہر وقت احکام تربیت کے نہ پہنچتے رہتیں تو کم لوگ ہدایت پر قایم رہتیں

ف ۳ ۝ مثلا کوئی محتاج کی سفارس کر کر دولتمند سے کچھ دلوا دے تو یہہ بھی شریک ہوا ثواب خیرات میں ۝ اور جو کوئی کافر یا مفسد کو سفارش کر کر چھڑ دادے کہ پھر وہ فساد کرے تو یہہ بھی

كَمَا كَفَرُوا فَتَكُونُونَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَآءَ

جیسے وے کافر ہوئے پھر سب برابر ہو جاؤ سو تم اُنمین کسی کو مت پکڑو رفیق

حَتّٰى يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ۭ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ

جبتک وطن چھوڑ آویں الله کی راہ مین ۰ پھر اگر قبول نہ رکھیں تو اُن کو پکڑو

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ ۠ وَلَا تَتَّخِذُوا

اور مار ڈالو جہان پاؤ ۰ اور نہ ٹھہراؤ اُن مین

٩٠ مِنْهُمْ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝ إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ

کسی کو رفیق نہ مددگار ۰ ف۹۰ مگر جو وے مل رہے ہین

إِلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ أَوْ جَآءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ

ایک قوم سے جن مین اور تم مین عہد ہی یا آئے ہین تمھارے پاس خفہ ہو گئے ہین

أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ

دل انکے تمھارے لڑنے سے بھی اور اپنی قوم کے لڑنے سے بھی ۰ اور اگر الله چاہتا تو انکو

عَلَيْكُمْ [illegible] فَلَقٰتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ

تمپر زور دیتا ۰ پھر تمسے لڑتے ۰ تو اگر تمسے کنارہ پکڑین پھر نہ لڑین اور تمھاری طرف

٩١ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ۝ سَتَجِدُونَ

صلح لاوین تو الله نے نہین دی تمکو اُن پر راہ ۰ ف۹۷ اب تم

آخَرِينَ يُرِيدُونَ أَنْ يَأْمَنُوكُمْ وَيَأْمَنُوا قَوْمَهُمْ ۭ

دیکھو گے ایک اور لوگ چاہتے ہین کہ امن مین رہین تم سے اور اپنی قوم سے بھی ۰

كُلَّمَا رُدُّوا إِلَى الْفِتْنَةِ أُرْكِسُوا فِيهَا ۚ فَإِنْ لَمْ يَعْتَزِلُوكُمْ

جسبار بلائے جاتے ہین فساد کرنیکو اُلٹ جاتے ہین اُس ہنگامے مین ۰ پھر

وَيُلْقُوا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوا أَيْدِيَهُمْ فَخُذُوهُمْ

اگر تم سے کنارہ نہ کرین اور صلح نہ لاوین اور اپنے ہاتھ نہ روکین تو اُنکو پکڑو

شریک ہو اُس فساد مین ف۸۸۰ مثلاً کسی نے کہا السلام علیکم تو واجب ہی اُس کا جواب اگر برابر چاہے تو وعلیکم السلام ۰ اور اگر زیادہ ثواب چاہے تو ورحمة الله بھی کہے اور اگر اُسنے یون کہا تو آپ کہے وبرکاته ف۸۹۰ یہان منافق فرمایا ہی اُن لوگونکو جو ظاہر مین بھی وے مسلمان نہ تھے لیکن حضرت کے ساتھ محبت اور ملاپ جتاتے تھے ۰ اِس غرض سے کہ انکی فوج ہماری قوم پر جاوے تو ہمارا جان اور مال بچ رہے جب مسلمان خبردار ہوئے کہ اِنکی آمد و رفت اِس غرض کو ہے دلکی محبت سے نہین ۰ تو بعضے کہنے لگے اِنسے صحبت وملاقات ترک کرئیے تا ایک طرف ہو جاوین ۰ اور بعضون نے کہا ملے جائیے اِسی مین شاید ایمان لاوین تو الله نے فرمایا کہ ہدایت اور گمراہی الله کے ہاتھ ہی اِس کا فکر تمکو کیا ضرور ۰ باقی اِن لوگونسے جو معاملے چاہئین سو آگے فرمادے

ف۹۶۰ یعنے جب تک تم مین نہ آ ملین تب تک اُنکو برے بھلے مین شریک نہ کرو اور لڑائی مین اُنکو مت بچاؤ

ف۹۷۰ یعنے اِس ملنے کھانے سے تو اُنکو لڑائی مین مت بچاؤ مگر دوصورت

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ ۚ وَأُولَٰئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ

اور مارو جہاں پاؤ۔ اور اُن پر ہم نے دی تم کو

سُلْطَانًا مُّبِينًا ۝ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَن يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ ۹۲ ع ۱۰

سند صریح۔ ف۸ اور مسلمان کا کام نہیں کہ مار ڈالے مسلمان کو مگر چوک کر۔

وَمَن قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ

اور جن نے مارا مسلمان کو چوک کر تو آزاد کرنی گردن ایک مسلمان کی اور خون بہا پہنچانی

إِلَىٰ أَهْلِهِ إِلَّا أَن يَصَّدَّقُوا ۚ فَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ

اُسکے گھر والوں کو مگر یہ کہ وے خیرات کریں۔ پھر اگر وہ تھا ایک قوم میں کہ تمہارے دشمن ہیں

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ وَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ

اور آپ مسلمان تھا تو آزاد کرنی گردن ایک مسلمان کی۔ اور اگر وہ تھا ایک قوم میں

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ

کہ تم میں اور اُن میں عہد ہے تو خون بہا پہنچانی اُسکے گھر والوں کو اور آزاد کرنی گردن

مُّؤْمِنَةٍ ۖ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ

ایک مسلمان کی۔ پھر جسکو پیدا نہ ہو تو روزے دو مہینے لگتے تار بخشوانے کو

اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ وَمَن يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا ۹۳

اللہ سے۔ اور اللہ جانتا حکمت والا ہے۔ ف۹ اور جو کوئی مارے مسلمان کو قصد کر کر تو اُسکی

فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ

سزا دوزخ ہی پڑا رہے اُسی میں اور اللہ اُس پر غضب ہوا اور اُسکو لعنت کی

وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا ضَرَبْتُمْ ۹۴

اور اُسکے واسطے تیار کیا بڑا عذاب۔ ف۱۰ اے ایمان والو جب سفر کرو

فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَتَبَيَّنُوا وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ أَلْقَىٰ إِلَيْكُمُ السَّلَامَ

اللہ کی راہ میں تو تحقیق کر لو اور مت کہو جو شخص تمہاری طرف سلام علیک کرے

یہ ہیں وے لوگ کہ قسم ہیں تمہارے صلح والوں سے تو وے بھی صلح میں داخل ہیں۔ یا لڑائی سے عاجز ہو کر تم سے آپ صلح کریں اس پر کہ نہ اپنی قوم کی طرف ہو کر تم سے لڑیں نہ تمہاری طرف ہو کر اُن سے۔ تو اگر اس عہد پر قایم رہیں تو تم بھی اللہ کا احسان جان کر اُنکو مارنے سے بند ہوئے

ف۸ یعنے بعضے ہیں کہ عہد بھی کر جاتے ہیں کہ نہ تم سے لڑیں نہ اپنی قوم سے۔ لیکن قایم نہیں رہتے۔ جب اپنی قوم کا غلبہ دیکھتے ہیں اُنکے رفیق ہو جاتے ہیں۔ تو ایسے تم بھی قصور مت کرو تمہارے ہاتھ سے منہ لگی رہے جب تک عہد پر قایم نہ رہے

ف۹ چوک کی صورتیں کئی ہیں۔ یہاں وہ مذکور ہے کہ مسلمانکو کافروں میں امتیاز نہ کیا اور مار ڈالا۔ ہر طرح خطا کی قتل میں دو چیزیں لازم ہیں۔ ایک تو آزاد کرنا بردہ مسلمان۔ اور مقدور نہ ہو تو روزے دو مہینے متصل۔ یہ اپنی تقصیر کا تدارک ہے اللہ کی جناب میں۔ دوسری خون بہا ادا کرنی اُسکے وارثوں کو یہ اُن کا حق ہے۔ اگر وے خیرات کر کر چھوڑ دیں تو مختار ہیں۔ سو اگر اُسکے وارث مسلمان ہیں یا کافر ہیں لیکن صلح رکھتے ہیں تو ادا کرنی واجب ہے۔ اور اگر

لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُونَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ

کہ تو مسلمان نہیں * چاہتے ہو مال دنیا کی زندگی کا * تو اللہ کے یہاں

مَغَانِمُ كَثِيرَةٌ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

بہت غنیمتیں ہیں تم ایسے ہی تھے پہلے پھر اللہ نے تم پر

فَتَبَيَّنُوا إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ لَا يَسْتَوِي ۹۵

سو تحقیق کرو * اللہ تمہارے کام سے واقف ہے * ف۱۱ برابر نہیں

الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ

بیٹھے رہنے والے مسلمان جنکو بدن کا نقصان نہیں اور لڑنے والے

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِينَ

اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور جان سے * اللہ نے بڑائی دی لڑنے والوں کو

بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِينَ دَرَجَةً وَكُلًّا وَعَدَ

اپنے مال اور جان سے اُن پر جو بیٹھے ہیں درجے میں * اور سب کو وعدہ دیا

اللّٰهُ الْحُسْنٰى وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ

اللہ نے خوبی کا * اور زیادہ کیا اللہ نے لڑنے والونکو بیٹھنے والوں سے

أَجْرًا عَظِيمًا ۝ دَرَجَاتٍ مِنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً وَكَانَ ۹۶

بڑے ثواب میں * بہت درجوں میں اپنے وہاں کے اور بخشش میں اور مہربانی میں

اللّٰهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۹۷ ۱۱ع

اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان * ف * جن لوگوں کی جان کھینچتے ہیں فرشتے

ظَالِمِي أَنْفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنْتُمْ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ

اس حال میں کہ وے بُرا کر رہے ہیں اپنے حق میں کہتے ہیں تم کس بات میں تھے * وے کہتے ہیں ہم تھے

فِي الْأَرْضِ قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا

مغلوب اس ملک میں کہتے ہیں کیا نہ تھی زمین اللہ کی کشادہ کہ وطن چھوڑ جاؤ

کافر ہیں اور دشمن ہیں تو واجب ہیں * خون بہا سب حنفی میں مسلمان کی دیت برابر اور بینات سو چالیس روپے ہیں سمجھنا اور دینے آتے ہیں قاتل کی برادری کو برس میں تدریج اداکریں

ف۱۰ ابن عباس نے فرمایا کہ مسلمان اگر قصد کر کر مسلمانکو مار ڈالے وہ دوزخی ہو چکا اُسکی توبہ قبول نہیں * باقی اور علما نے کہا کہ سزا اُسکی یہی ہے بیان جو مذکور ہوئی آگے اللہ مالک ہے * لیکن اگر قصاص میں مارا گیا تو سب کے قول میں پاک ہوا

ف۱۱ حضرت کے وقت میں مسلمانوں کی فوج پہنچی ایک بستی پر * وہاں ایک مسلمان تھا اپنی مواشی لیا رہے کر کھڑا ہوا اور مسلمانوں سے سلام علیک کی * لوگوں نے سمجھا کہ غرض کو مسلمانی جتاتا ہے * اُس کو مارا اور مواشی چھین لی * اُسپر یہہ آیت اُتری * یہہ جو فرمایا کہ تم ایسے ہی تھے پہلے * یعنے غرض دنیا پر ان بات کرتے والے لیکن مسلمان ہو کر یہہ کام نہ چاہئے * یا تم ایسے ہی تھے پہلے * یعنے کافروں کے شہر میں رہتے تھے مسلمان حکومت نہ رکھتے تھے

ف۱۲ بدن کے نقصان والے * یعنے اپاہج جہاد کے حکم سے معاف ہیں * باقی لوگوں میں لڑنے والونکو

فِيهَا ط فَأُولٰئِكَ مَأْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ط وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۙ إِلَّا ۹۸

وہاں • سو ایسوں کا ٹھکانا ہی دوزخ • اور بہت بری جگہ پہنچے • مگر

الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيعُونَ

جو ہیں بےبس مرد اور عورتیں اور لڑکے کہ نہیں کر سکتے ہیں

حِيلَةً وَلَا يَهْتَدُونَ سَبِيلًا ۙ فَأُولٰئِكَ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُمْ ط ۹۹

تلاش اور نہ پاتے ہیں راہ • سو ایسوں کو امید ہی کہ اللہ معاف کرے •

وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُورًا ۝ وَمَنْ يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ۱۰۰

اور اللہ ہی معاف کرنے والا بخشتا • ف • اور جو کوئی وطن چھوڑے اللہ کی راہ میں

يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً ط وَمَنْ يَخْرُجْ

پاوے اس کے مقابلے میں جاگہ بہت اور کشایش • اور جو کوئی نکلے اپنے

مِنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ

گھر سے وطن چھوڑ کر اللہ اور رسول کی طرف پھر آپکڑے اسکو موت

فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ وَإِذَا ضَرَبْتُمْ ۱۰۱ ع۱۲

سو ٹھہر چکا اسکا ثواب اللہ پر اور اللہ بخشنے والا مہربان ہی • ف • اور جب تم سفر کرو

فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلٰوةِ ق

ملک میں تو تم پر گناہ نہیں کہ کچھ کم کرو نماز میں سے •

إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا ط إِنَّ الْكَافِرِينَ كَانُوا

اگر تم کو ڈر ہو کہ ستاویںگے تمکو کافر • البتہ کافر تمہارے

لَكُمْ عَدُوًّا مُبِينًا ۝ وَإِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ ۱۰۲

دشمن ہیں صریح • ف • اور جب تو ان میں ہو پھر اٹھا نماز میں

فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ

کھڑے ہوں ایک جماعت انکی تیرے ساتھ اور ساتھ لیویں اپنے ہتھیار •

برتے درجے ہیں کہ بیٹھنے والونکو نہیں • اگر چہ بیٹھنے والے بھی جنتی ہیں • اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہی فرض عین نہیں • یعنی جو جہاد کرتے رہتے ہیں تو نیکی والے معاف ہیں اور جو سب موقوف کریں تو سب گنہگار ہیں

ف • یہہ حال فرمایا انکا جو کافروں کے ملک میں دل سے مسلمان ہیں اور رہتے ہیں ساتھ اُن کے ظلم سے • تو اگر اپنی کمائی آپ کر سکتے ہیں اور سفر کی تدبیر سے واقف ہیں تو ان کا عذر قبول نہیں اور کمک میں ساتھ ہیں • زمین اللہ کی کشادہ ہی • اور اگر ناچار ہیں تو اس میں تو اللہ ہی معاف ہوں • ف •

اس سے معلوم ہوا کہ جس ملک میں مسلمان کھلا نہ رہ سکے وہاں سے ہجرت فرض ہی

ف • یعنی روزی کا ڈر نہ چاہیے کہ بہت جاگہ روزی مل رہی ہی کشایش سے • اور یہہ خطرہ نہ چاہیے کہ شاید راہ ہی میں مارے جاویں کہ اس میں ثواب پورا ہی • اور موت اپنے وقت سے ٹلتی نہیں

ف • سفر تین منزل کا ہو تو ظہر عصر عشا کی چار رکعت فرض میں سے دو ہی پڑھنی چاہئیں • اور کافر ستاتے ہوں یا نہ ہوں • اسی طرح حکم آیا • حضرت نے فرمایا ہی نرمی ہی ... ہر وقت کو • اور وہی ...

کہ اللہ صاحب کی بخشش سے
لے پرواہی ہوتی ہی • اور سنت ہے
تقید سفر مین نہین

فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى
پھر جب وہ ذکر چکین تو ہٹ سو جاوین • اور آوے دوسری جماعت جن نے
لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ج
نماز نہیں کی وے نماز کرین تیرے ساتھ اور پاس لیوین اپنا بچاؤ اور ہتھیار •
وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ
کافر چاہتے ہیں کسی طرح تم بیخبر ہو اپنے ہتھیارون سے اور اسباب سے
فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ط وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ
تو تم پر جھک پڑین ایک حملہ کرکر • اور گناہ نہین تم پر اگر تمکو تکلیف ہو
اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰى اَنْ تَضَعُوْا اَسْلِحَتَكُمْ ج
مینہہ سے یا تم بیمار ہو کہ اتار رکھو اپنے ہتھیار •
وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝
اور سنبھالو بچاؤ • اللہ نے رکھی ہی منکرونکے واسطے ذلت کی مار • ف •
۱۰۳ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ج
پھر جب نماز کر چکو تو یاد کرو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور پڑے •
فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ج اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى
پھر جب خاطر جمع سے ہو تو درست کرو نماز • یہہ نماز ہی مسلمانون پر
۱۰۴ الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝ وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ط اِنْ
وقت باندھا حکم • ف • اور مت ہارو انکا پیچھا کرنے سے • اگر
تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ج وَتَرْجُوْنَ
تم بے آرام ہو تو وے بھی بے آرام ہیں جس طرح تم ہو • اور تم کو
۱۰۵ ع مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ
اللہ سے امید ہے جو انکو نہین • اور اللہ سب جانتا ہی حکمت والا • ہم نے اتاری

ف • یہہ نماز خوف فرمائی کہ اگر وقت مقابلے کا ہو تو فوج دو حصے ہو جاوے • ہر جماعت آدھی نماز مین امام کے شریک ہو اور آدھی علیحدہ پڑھے جب تک دوسری جماعت دشمن کے مقابل رہے • اور اسوقت نماز مین آمد و رفت معاف ہی • اور ہتھیار اور زرہ پاس ساتھ رکھین • اور اگر اسقدر بھی فرصت نہو و جماعت موقوف کرین تنہا پڑھ لین پیادہ و سوار اشارت سے • اگر یہہ بھی فرصت نملے تو قضا کرین
ف • یعنے خوف کے وقت اگر نماز مین کوتاہی ہو تو بعد نماز اور طرح اللہ کو یاد کرو • ایک نماز مین یہہ حد ہی کہ وقت ہی پر چاہیے • اور یاد اللہ کی ہر حال مین درست ہی

الَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ط

تجکو کتاب سچی کہ تو انصاف کرے لوگون مین جو سمجھا دے تجکو اللہ •

وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۙ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ ۱۰۶

اور تو مت ہو دغابازون کی طرف سے جھگڑنے والا اور بخشوا اللہ سے • بیشک اللہ بخشنے والا

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ط ۱۰۷

مہربان • اور مت جھگڑ اُن کی طرف سے جو اپنے جی مین دغا رکھتے ہین •

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۚ يَّسْتَخْفُوْنَ ۱۰۸

اللہ کو خوش نہیں آتا جو کوئی ہو دغاباز گنہگار • چھپتے ہین

مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ

لوگون سے اور نہین چھپتے اللہ سے اور وہ اُنکے ساتھ ہی

اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ط وَكَانَ اللّٰهُ

جب راتکو ٹھہراتے ہین جس بات سے وہ راضی نہین • اور جو کرتے ہین اللہ کے

بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۞ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي ۱۰۹

قابو مین ہی • ف • سنتے ہو تم لوگ جھگڑتے اُنکی طرف سے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

دنیا کی زندگی مین • پھر کون جھگڑیگا اُنکے بدلے اللہ سے قیامت کے دن

اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۞ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ ۱۱۰ ع

یا کون ہوگا اُنکا کام بنانے والا • اور جو کوئی گناہ کرے یا اپنا برا

نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۞ وَمَنْ يَّكْسِبْ ۱۱۱

کرے پھر اللہ سے بخشوا دے پاوے اللہ کو بخشتا مہربان • ف • اور جو کوئی

اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۞ وَمَنْ ۱۱۲

کماوے گناہ سو کماتا ہی اپنے حق مین • اور اللہ سب جانتا ہی حکمت والا • ف • اور

ف • یہہ اول و آخر کئی آیت مین ذکر ہی ایک قصے کا حضرت کے وقت ایک انصاری کی زرہ آٹے مین دھری گم ہوئی صبح کو تلاش کی تو آٹے کا خط دیکھا ایک شخص کے گھر تک • اُسکا نام طعمہ بن اُبیرق وہان جھاڑ لیا تو پہانی • وہ خط آگے دیکھا ایک یہودی کے گھر تک زید نام وہان پائی • اُس یہودی نے کہا مجکو سپرد کی طعمہ نے • طعمہ نے کہا مین بری ہون تو زدہی ہی • طعمہ کی قوم نے رات کو مشورت کی کہ ہم حضرت کے پاس مل کر گواہی دینگے کہ طعمہ بری ہی • تو حضرت ہماری حمایت کرینگے اور یہودی چور ٹھہریگا • صبح کو یہی کیا • اللہ تعالی نے یہہ آیتین نازل فرمائین حضرت کو خبردار کر دیا • فی الحقیقت چور تہا ہی طعمہ

ف • گناہ فرمایا کبیرہ کو اور اپنا برا فرمایا صغیرہ کو • یہہ اُن لوگونکو حکم ہی کہ توبہ کرین تو قبول ہی

ف • یعنے قوم اپنے دل مین

يَكْسِبْ خَطِيْئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا

جو کوئی کماوے تقصیر یا گناہ پھر لگاوے بیگناہ کو اُسنے سر دھرا طوفان

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ

اور گناہ صریح ۰ اور اگر نہو تا تجھ پر فضل اللہ کا اور مہر تو قصد کیا ہی تھا اُنمین ایک

مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ

جماعت نے کہ تجکو بہکاویں ۰ اور بہکا نسکینگے مگر آپ کو اور تیرا کچھ نہ بگاڑینگے

مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ

اور اللہ نے نازل کی تجھپر کتاب اور کام کی بات اور تجھکو سکھایا

مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ لَا خَيْرَ

جو تو نہ جان سکتا ۰ اور اللہ کا فضل تجھ پر بڑا ہی ۰ کچھ بھلی

فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ

نہین اکثر اُنکی مشورت مگر جو کوئی کہے خیرات کو یا نیک بات کو

اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ

یا صلح کروا ایکو لوگونمین ۰ اور جو کوئی یہ چیزین کرے اللہ کی خوشی

اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ

چاہکر تو ہم اُسکو دینگے بڑا ثواب ۰ ف ۰ اور جو کوئی مخالفت کرے رسول سے

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ

جب کھل چکی اُس پر راہ کی بات اور چلے سب مسلمانونکی راہ سے سوا ہم اُسکو حوالے

مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝

کرین وہی طرف جو اُسنے پکڑی اور ڈالین اُسکو دوزخ مین ۰ اور بہت بُری جگہ پہنچا ۰ ف

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ

اللہ یہہ نہین بخشتا کہ اُسکا شریک ٹھہراے اور اِس سے نیچے بخشتا ہی جسکو چاہے ۰

اب شرمندہ ہوتین کہ ہمکو عیب لگا ۰ اور آگے عیب لگنے کے خطرہ سے اپنے کی حمایت نکرین جب تک تحقیق ہو ۰ کیون کہ اللہ تو خبردار ہی اور اُسکا حکم بھی یہی ہی کہ ایک کا گناہ دوسرے پر نہین

ف ۰ منافق لوگ حضرت سے کان مین باتین کرتے ۰ تا لوگون مین اپنا اعتبار بڑھاوین ۰ اور مجلس مین بیٹھکر آپس مین کان مین باتین کرتے کسی کا عیب کسی کا گلہ اُسکو اللہ صاحب نے فرمایا کہ اُنکی مشورت اکثر بےخیری ۰ صاف بات کو حاجت نہین چھپانیکی مگر چھپانے مین دغا ہی ۰ اور چھپانے تو خیرات کو تا لینے والا شرمندہ ہو یا مسئلہ دین کی غلطی بتانیکو تا نادان خجل ہو یا لڑتون مین صلح کروانیکو کہ عین دالا جوش مین صلح نہین مانتا اول آپسمین ٹھہرائے پھر اُسکو سنائیے

ف ۰ رسول نے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ ہی مسلمانون کی جماعت پر جسنے جدی راہ پکڑی وہ جا پڑا

١١٧ وَمَن يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ۝ اِنْ يَدْعُوْنَ

اور جسنے اللہ کا شریک ٹھہرایا وہ دور پڑا بھول کر ○ ف ○ اُسکے سوائے

مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنَاثًا ۚ وَاِنْ يَدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطَانًا مَّرِيْدًا ۝

پکارتے ہیں سو عورتوں کو اور اُسکے سوائے پکارتے ہیں شیطان سرکش کو ○

١١٨ لَعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا

جسکو لعنت کی اللہ نے ○ اور وہ بولا کہ میں البتہ لونگا تیرے بندوں سے حصہ

١١٩ مَّفْرُوْضًا ۝ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ

ٹھہرایا ہوا ○ ف ○ اور اُنکو بہکاؤنگا اور اُنکو توقعیں دونگا اور اُنکو سکھاؤنگا کہ چیریں

اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَّخِذِ

جانوروں کے کان اور اُنکو سکھاؤنگا کہ بدلیں صورت بنائی اللہ کی ○ اور جو کوئی پکڑے

الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ۝

شیطان کو رفیق اللہ کو چھوڑ کر وہ ڈوبا صریح نقصان [illegible] میں ○ ف ○

١٢٠ يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝

اُنکو وعدے دیتا ہی اور اُنکو توقعیں بتاتا ہی اور جو وعدہ دیتا ہی اُنکو شیطان سو سب دغا ہی ○

١٢١ اُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۡ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ۝

ایسوں کا ٹھکانا ہی دوزخ ○ اور نہ پاوینگے وہاں سے بھاگنے کو جگہہ ○

١٢٢ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ

اور جو یقین لائے اور عمل کئے نیک اُنکو ہم داخل کرینگے باغوں میں جنکے نیچے بہتی

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ

نہریں رہا کریں وہاں ہمیشہ کو ○ وعدہ ہی اللہ

١٢٣ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ۝ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ

کا سچا ○ اور اللہ سے سچی کس کی بات ○ نہ تمہاری آرزو

دوزخ میں ○ پس جس بات پر اُمّت کا اجماع ہوا وہی اللہ کی مرضی ہی ○ اور منکر ہوسو دوزخی ہی

ف ○ اوپر سے ذکر تھا منافقوں کا جو پیغمبر کے حکم پر راضی نہوے اور جدی راہ چلے ○ پھر یہہ آیت فرمائی کہ اللہ شرک نہیں بخشتا ○ تو شرک فرمایا حکم میں شریک کرنے کو ○ یعنے سوائے دین اسلام کے اور دین کا حکم پسند رکھے اور اُسپر چلے ○ پس جو دین ہی سوائے اسلام کے سب شرک ہی ○ اگرچہ پوجنے میں شرک نہ کرتے ہوں

ف ○ یعنے تیرے بندے اپنے مال میں میرا حصہ ٹھہراوینگے جیسے دستور ہی بتوں کی نیاز نکالتے ہیں

ف ○ جانوروں کے کانوں کو چیرنا یہہ کافروں کا دستور تھا ○ گاے یا بکری کا ایک بچہ بُت کے نام کا کردیتے تو اُسکے کان میں نشان ڈالدیتے ○ اور صورت بدلنا یہہ کہ آدمی کے سر میں چوٹی رکھنے بُت کے نام کی ○ مسلمان کو اِن کاموں سے پرہیز ضرور ہی ○ اپنے بزرگوں سے یہہ معاملہ نکرے ○ کافر بھی جن سے کرتے تھے بزرگ ہی جان کر کرتے تھے

وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ

پر ہی نہ کتاب والون کی آرزو پر * جو کوئی برا کریگا اُسکی

وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ ۱۲۴

سزا پاویگا اور نہ پاویگا اللہ کے سوا اپنا حمایتی نہ مددگار * ف * اور جو کوئی کچھ عمل

الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ

نیک کریگا مرد ہو یا عورت اور ایمان رکھتا ہو سو وے لوگ داخل ہونگے

الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ۝ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ ۱۲۵

جنت میں اور اُنکا حق نہ رہیگا تل بھر * اور اُس سے بہتر کس کی راہ جس نے منہ دھرا

لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ

اللہ کے حکم پر اور نیکی میں لگا ہی اور چلا دین ابراہیم پر جو ایک طرف کا تھا * اور اللہ نے کر لیا

اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ ۱۲۶

ابراہیم کو یار * [illegible] اللہ کا ہی جو کچھ آسمانون میں ہی اور جو کچھ زمین میں *

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ۝ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ ۱۲۷ ع ۱۶

اور اللہ کی دہب میں ہی سب چیز * اور تجھسے رخصت مانگتے ہیں عورتونکی *

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ

تو کہہ اللہ تمکو رخصت دیتا ہی اُن کی اور وہ جو تمکو سناتے ہیں کتاب میں

فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ

سو حکم ہی یتیم عورتون کا جنکو تم نہیں دیتے جو اُن کا

وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ

مقرر ہی اور چاہتے ہو کہ اُن کو نکاح میں لو اور مغلوب لڑکون کا

وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ

اور یہہ ہی کہ قایم رہو یتیمون کے حق مین انصاف پر * اور جو کروگے بھلائی سو وہ اللہ کو
تَخْتَلِفُونَ ۝ وَأَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ ٥٢
اختلاف تھا • اور یہ فرمایا کہ حکم کر اُن میں جو اللہ نے اُتارا اور مت چل اُنکی خوشی پر
وَاحْذَرْهُمْ أَنْ يَفْتِنُوكَ عَنْ بَعْضِ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ إِلَيْكَ ط
اور بچتا رہ اُن سے کہ تجکو بہکا نہ دیں کسی حکم سے جو اللہ نے اُتارا تجھ پر •
فَإِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُصِيبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ ط
پھر اگر نہ مانیں تو جان لے کہ اللہ نے یہی چاہا ہے کہ پہنچاوے اُن کو کچھ سزا اُن کے گناہوں کی •
وَإِنَّ كَثِيرًا مِنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ ۝ أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ ٥٣
اور لوگوں میں بہت ہیں بے حکم • اب کیا حکم چاہتے ہیں
يَبْغُونَ ط وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝ يَا أَيُّهَا ٥٤
کفر کے وقت کا • اور اللہ سے بہتر کون ہے حکم کرنے والا یقین رکھتے لوگوں کو • اے
الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ بَعْضُهُمْ ع١٢
ایمان والو مت پکڑو یہود و نصاریٰ کو رفیق وے آپس میں رفیق ہیں ایک

اَوْلِيَاۤءُ بَعْضٍ ط وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ

دوسرے کے • اور جو کوئی تم میں اُن سے رفاقت کرے سو وہ اُنھیں میں ہی • اللہ راہ

٥٥ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ○ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

نہیں دیتا بے انصاف لوگونکو • اب تو دیکھے گا جنکے دل میں

مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰۤى اَنْ تُصِيْبَنَا دَاۤئِرَةٌ ط فَعَسَى

آزار ہی دوڑ کر مل جاتے ہیں اُنمیں کہتے ہیں ہمکو ڈر ہی کہ آ جاوے ہم پر گردش • سو شاید

اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَاۤ اَسَرُّوْا

اللہ جلد بھیجے فیصلہ یا کچھ حکم اپنے پاس سے تو فجر کو لگیں اپنے

٥٦ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ؕ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَهٰۤؤُلَاۤءِ الَّذِيْنَ

جی کی چھپی بات پر پچتانے • ف • اور کہتے ہیں مسلمان یہ وہی لوگ ہیں کہ

اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ط حَبِطَتْ

قسمیں کھاتے تھے اللہ کی تاکید سے کہ ہم تمھارے ساتھ ہیں • خراب گئے اُنکے

٥٧ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ

عمل پھر رہ گئے نقصان میں • اے ایمان والو جو کوئی

يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ

تم میں پھر جاویگا اپنے دین سے تو آگے اللہ لاویگا ایک لوگ

يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗۤ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى

کہ اُنکو چاہتا ہی وہ • اور وے چاہتے ہیں اُسکو نرم دل ہیں مسلمانوں پر اور زبردست ہیں

الْكٰفِرِيْنَ ۫ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَاۤئِمٍ ط

کافروں پر • لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں اور ڈرتے نہیں کسی کے الزام سے •

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۤءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○

یہ فضل ہی اللہ کا دیگا جسکو چاہے • اور اللہ کشایش والا ہی خبردار • ف •

ف • یعنے منافق کافروں سے
دوستی لگائے جاتے ہیں کہ
ہم پر گردش نہ آجاوے •
یعنے مسلمان مغلوب ہوجاویں
تو اُنکی دوستی ہمارے کام
آوے • سو اللہ تعالی نے فرمایا کہ
اب قریب ہی کہ کافر ہلاک
ہوں • یعنے مسلمانونکو اُن پر
فتح ہو یا کچھ اور حکم آوے • یعنے
کافر ملک سے ویران ہوں آخر
یہود کو حکم فرمایا جلاوطن کرنیکا

بدلی
. بر سر ط دنیا تو
لیکن یہہ کہ نشوان
ف • ں بہانے سے روکا ہی
پر غر کی یاد اور نماز سے سو ہوا

٥٨ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ

تمہارا رفیق وہی اللہ ہی اور اُسکا رسول اور ایمان والے جو

٥٩ يُقِيمُونَ الصَّلَوٰةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَوٰةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ۝ وَمَنْ

قایم ہیں نماز پر اور دیتے ہیں زکواۃ اور وے نوے ہوے ہیں • اور جو کوئی

يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ

رفاقت پکڑے اللہ کی اور اُسکے رسول کی اور ایمان والوں کی تو اللہ کی جماعت وہی

٦ ع ١٣ هُمُ الْغَالِبُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ

ہو گی غالب • ای ایمان والو نہ پکڑو ایسوں کو

اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ

جو ٹھہراتے ہیں تمہارا دین ہنسی اور کھیل وے جو کتاب دی گی

مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝

تم سے پہلے اور وے جو کافر ہیں • اور ڈرو اللہ سے اگر یقین رکھتے ہو •

٦١ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَوٰةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ

اور جس وقت پکارو نماز کو اُسکو ٹھہرا دیں ہنسی اور کھیل •

٦٢ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْقِلُونَ ۝ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ

یہہ اِس واسطے کہ وے لوگ بے عقل ہیں • ف • تو کہہ ای کتاب والو

هَلْ تَنْقِمُونَ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ

کیا بیر ہی تمکو ہمسے مگر یہی کہ ہم یقین لائے اللہ پر اور جو ہم کو اترا اور جو اترا

٦٣ مِنْ قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَاسِقُونَ ۝ قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ

پہلے اور یہی کہ تم میں اکثر بے حکم ہیں • تو کہہ میں تمکو بتادوں اُس میں کسکی بُری

مِنْ ذَٰلِكَ مَثُوبَةً عِنْدَ اللَّهِ ۚ مَنْ لَعَنَهُ اللَّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ

جزا ہی اللہ کے یہاں • وہی جسکو اللہ نے لعنت کی اور اُسپر غضب ہوا اور اُنمیں

حضرت صدیق نے یمن سے مسلمان بُلائے اُنسے جہاد کروایا کہ تمام عرب پھر مسلمان ہوئے • یہہ اُنکے حق میں بشارت ہی

ف • یعنی یہود دل ہنستے تھے اذان کی آواز پر اسسے یہہ اُنکی بے عقلی تھی • اللہ نے برائی مردوں میں بھری

مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوتَ ۚ أُولَٰئِكَ

بعضے بندر کئے اور سؤر اور پوجنے لگے شیطان کو ۔ وہی بدتر ہیں

شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ ۝ وَإِذَا جَاءُوكُمْ قَالُوا ٦٤

درجے میں اور بہت بہکے سیدھی راہ سے ۔ اور جب پاس آویں کہیں

آمَنَّا وَقَد دَّخَلُوا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا بِهِ ۚ وَاللَّهُ

ہم یقین لائے اور منکر ہی آئے تھے اور ویسی طرح نکلے ۔ اور اللہ

أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا يَكْتُمُونَ ۝ وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُونَ ٦٥

خوب جانتا ہے جو چھپا رہے تھے ۔ اور تو دیکھے بہت اُن میں دوڑتے ہیں گناہ پر

فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا

اور زیادتی پر اور حرام کھانے پر ۔ کیا برے کام ہیں جو کر رہے

يَعْمَلُونَ ۝ لَوْلَا يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ ٦٦

ہیں ۔ کیوں نہیں منع کرتے اُن کے درویش اور علما گناہ کی بات کہنے سے

وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝ وَقَالَتِ ٦٧

اور حرام کھانے سے ۔ کیا برے کام ہیں جو کر رہے ہیں ۔ اور یہود

الْيَهُودُ يَدُ اللَّهِ مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا ۘ

کہتے ہیں اللہ کا ہاتھ بند ہو گیا ۔ انہیں کے ہاتھ باندھے جاویں اور لعنت ہے انکو اس کہنے پر

بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا

بلکہ اسکے دونوں ہاتھ کھلے ہیں خرچ کرتا ہے جس طرح چاہے ۔ اور اُن کو اُس کلام سے

مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۚ وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ

جو اترا تیرے رب کی طرف سے ان کو بڑھیگی شرارت اور انکار ۔ اور ڈال دی

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ كُلَّمَا أَوْقَدُوا نَارًا

ہم نے ان میں دشمنی اور بیر قیامت کے دن تک ۔ جب ایک آگ سلگاتے ہیں

بدلی
مرسرط ادیا تو
لیکن ہمہ کہ نسرالان
ہی ہاے سے رداہی
ن مادا ور نار سے سونھو ا

لِلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ لا وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ط وَاللّٰهُ

لڑائی کے واسطے اللہ نے اُسکو بجھا دیا ہے • اور دوڑتے ہیں ملک میں فساد کرنے • اور اللہ

لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا ٦٨

نہیں چاہتا فساد والوں کو • ف • اور اگر کتاب والے ایمان لاتے اور ڈرتے

لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ ٦٩

تو ہم اُتار دیتے اُن کی برائیاں اور انکو داخل کرتے نعمت کے باغوں میں • اور اگر وے

اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ

قایم رکھتیں توراۃ اور انجیل کو اور جو اُترا اُن کو اُن کے رب کی طرف سے

لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ط مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ط

تو کھاویں اپنے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے • کچھ لوگ اُن میں سیدھے ہیں •

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ۝ يٰاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ ٧٠ ع٣

اور بہت اُن کے برے کام کر رہے ہیں • ف • اے رسول پہنچا جو اُترا تیرے

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ط

رب کی طرف سے • اور اگر یہ نہ کیا تو تو نے کچھ نہ پہنچایا اُس کا پیغام •

وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اور اللہ تجھ کو بچا لیگا لوگوں سے • اللہ راہ نہیں دیتا منکر

الْكٰفِرِيْنَ ۝ قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ ٧١

قوم کو • ف • تو کہہ اے کتاب والو تم کچھ راہ

عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَا اُنْزِلَ

پر نہیں جب تک نہ قایم کرو توراۃ اور انجیل اور جو تمکو اُترا

اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ط وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّا اُنْزِلَ اِلَيْكَ

تمہارے رب سے • اور اُن میں بہتوں کو بڑھیگی اس کلام سے جو تجکو اُترا تیرے

ف • یہہ یہود میں بولنا رواج تھا کہ اللہ کا ہاتھہ بند ہوا • یعنے ہم پر روزی تنگ ہوئی یہہ کفر کا لفظ ہے • فرمایا کہ اللہ کے ہاتھہ کبھی بند نہیں دونو ہاتھہ کھلے ہیں • قہر کا اور مہر کا • تم پر اب قہر کا ہاتھہ کھلا مہر کا اوروں پر • فرمایا کہ اللہ نے اُن میں اتفاق نہیں رکھا جب آگ سلگاتے ہیں لڑائی کو یعنے فتنہ انگیزی کرتے ہیں کہ آپسمیں سبکو ملا کر مسلمانوں سے لڑیں • وہ اللہ بجھا دیتا ہے آپسمیں پھوٹ پڑجاتے ہیں

ف • کھاویں اوپر اور نیچے سے • یعنے آسمان زمین سے اُنکو رزق فراخ

ف • یعنے یہہ اُنکی بات کہ صاف اہل کتاب گمراہ ہیں ... تک یہہ کلام اللہ کا رسول ... اگرچہ وے ... کافر پہنچے ...

مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

رب سے شرارت اور انکار ۔ سو تو افسوس نکر اس قوم منکر پر ۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئُونَ وَالنَّصَارَىٰ ٧٢

البتہ جو مسلمان ہیں اور جو یہود ہیں اور صابئین اور نصاری

مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ

جو کوئی ایمان لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور عمل کرے نیک نہ اُن پر ڈر ہے

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ٧٣

نہ وے غم کھاویں ۔ ہم نے لیا تھا قول بنی اسرائیل سے

وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ

اور بھیجے اُن کی طرف رسول ۔ جب لایا اُن پاس کوئی رسول جو نہ خوش آیا

أَنفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ ۝ وَحَسِبُوا أَلَّا تَكُونَ ٧٤

اُن کے جیکو ۔ کتنوں کو جھٹلایا اور کتنوں کو خون کرنے لگے ۔ اور خیال کیا کہ کچھ خرابی

فِتْنَةٌ فَعَمُوا وَصَمُّوا ثُمَّ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوا وَصَمُّوا

نہ ہوگی سو اندھے ہوگئے اور بہرے پھر اللہ متوجہ ہوا اُن پر پھر اندھے اور بہرے ہوئے

كَثِيرٌ مِّنْهُمْ ۚ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ ٧٥

اُن میں بہت ۔ اور اللہ دیکھتا ہے جو کرتے ہیں ۔ بیشک کافر ہوئے جنہوں نے

قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۖ وَقَالَ الْمَسِيحُ يَا بَنِي

کہا اللہ وہی مسیح ہے مریم کا بیٹا اور مسیح نے کہا ہے کہ اے بنی

إِسْرَائِيلَ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ ۖ إِنَّهُ مَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ

اسرائیل بندگی کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور تمہارا ۔ مقرر جسنے شریک کیا اللہ کا

فَقَدْ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ ۖ وَمَا لِلظَّالِمِينَ

سو حرام کی اللہ نے اُس پر جنت اور اُسکا ٹھکانا دوزخ ۔ اور کوئی نہیں گنہگاروں کا

بدلی
... شرط دیا تو
لیکن یہ کہ شیطان
... سے روکتا ہے
کی یاد اور نماز سے ...

٧٦ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ
مدد کرنے والا • بیشک کافر ہوے جنہوں نے کہا اللہ ہی تین
ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ط وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا
میں کا ایک • اور بندگی کسیکو نہیں مگر ایک معبود کو • اور اگر نہ چھوڑینگے
عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ
جو بات کہتے ہیں البتہ جو اُن میں منکر ہیں پاوینگے دکھہ کی
٧٧ اَلِيْمٌ ۝ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
مار • کیوں نہیں توبہ کرتے اللہ پاس اور گناہ بخشواتے • اور اللہ ہی بخشنے والا مہربان •
٧٨ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط
اور کچھہ نہیں مسیح مریم کا بیٹا مگر رسول ہی • گذر چکے اُس سے پہلے رسول •
وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ط كَانَا يَاْكُلَانِ الطَّعَامَ ط اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ
اور اُسکی ماں ولی ہی • دونو کہاتے تھے کھانا • دیکھہ ہم کیسی بتاتے
٧٩ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ
ہیں اُن کو نشانیاں پھر دیکھہ کہاں اُلٹے جاتے ہیں • ف • تو کہہ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ط وَاللّٰهُ هُوَ
تم ایسی چیز پوجتے ہو اللہ کو چھوڑ کر جو مالک نہیں تمہارے برے کی نہ بھلے کی • اور اللہ
٨٠ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ
وہی ہی سنتا جانتا • تو کہہ اے اہل کتاب مت مبالغہ کرو اپنے دین کی بات میں
غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا
ناحق کا اور مت چلو خیالوں پر ایک لوگوں کے • بہک چکے ہیں آگے اور بہکا گئے بہتوں کو
٨١ ع وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۝ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
اور بھولے سیدھی راہ سے • لعنت کہائی منکروں نے

ف • نصاری میں دو قول ہیں بعضے کہتے ہیں اللہ ہی تھا بصورت مسیح میں آیا • اور بعضے کہتے ہیں تین حصہ ہو گیا ایک اللہ دوسرا ایک روح القدس ایک مسیح • یے دونو باتیں صریح کفر ہیں • کہا ہوئے حق میں یہی کہئے جو آگے فرمایا

ف • یعنے اِس سے زیادہ کیا نشانی کہ جو شخص کھانا کھاوے اُسے سب حاجت بشری کی لگے • اللہ کی ذات پاک اِس لایق کے ہی

بَنِيٓ إِسْرَآئِيلَ عَلَىٰ لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ط ذَٰلِكَ
بنی اسرائیل میں سے داؤد کی زبان پر اور عیسیٰ بیٹے مریم کی۔ یہ اس
۸۲ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ۝ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَن مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ ط
سے کہ گنہگار تھے اور حد پر نہ رہتے تھے۔ آپس میں منع نہ کرتے بُرے کام سے جو کر رہے تھے۔
۸۳ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ تَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ
کیا بُرا کام ہی جو کرتے تھے۔ تو دیکھے اُن میں بہت لوگ رفیق ہوتے ہیں
كَفَرُوا لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ
کافروں کے۔ بُری طیاری بھیجی ہی اپنے واسطے کہ اللہ غضب ہوا اُن پر اور ہمیشہ
۴ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ ۝ وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ
وے عذاب میں ہیں۔ اور اگر یقین رکھتے اللہ پر
وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا
اور نبی پر اور جو اُترا اُس پر تو اُن کو رفیق نہ ٹھہراتے پر اُن میں بہت لوگ
۸۵ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ۝ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِينَ
بےحکم ہیں۔ تو پاویگا سب لوگوں میں زیادہ دشمنی
آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ج وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً
مسلمانوں سے یہود کو اور شریک والوں کو۔ اور تو پاویگا سب سے نزدیک محبت میں
لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ط ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ
مسلمانوں کی دوست لوگ جو کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں۔ یہ اسواسطے کہ اُن میں
۸۶ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ وَإِذَا سَمِعُوا مَا
عالم ہیں اور درویش ہیں اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے۔ اور جب سنیں جو
أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ
اُترا رسول پر تو دیکھے اُن کی آنکھیں اُبلتی ہیں آنسوؤں سے

الجزو السابع

بجز شرط دیا تو
لیکن یہ کہ شیطان
میں ہماے سے روکا ہی
نی یاد اور نماز سے سو ہوا

مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝

اِس پر جو پہچانی بات حق • کہتے ہیں اے رب ہم نے یقین کیا سو تو لکھ ہمکو ماننے والوں کے ساتھ •

۸۷ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَن يُدْخِلَنَا

اور ہمکو کیا ہوا کہ یقین نہ لاویں اللہ پر اور جو پہنچا ہم پاس حق • اور ہمکو توقع ہی کہ داخل کرے ہمکو

۸۸ رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ۝ فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا

رب ہمارا ساتھ نیک بختوں کے • پھر اُن کو بدلا دیا اُن کے رب نے اِس کہنے پر

جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

باغ نیچے اُنکے بہتی نہریں رہا کریں اُن میں •

۸۹ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا

اور یہہ ہی بدلا نیکی کرنے والوں کا • اور جو منکر ہوے اور جھٹلانے لگے

۹۰ بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

ہماری آیتیں وے ہیں دوزخ کے لوگ • ف۲۲ اے ایمان والو

ع

لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ

مت حرام ٹھہراؤ ستھری چیزیں جو اللہ نے تمکو حلال کی ہیں اور حد سے نہ بڑھو • اللہ

۹۱ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ

نہیں چاہتا زیادتی والوں کو • اور کھاؤ اللہ کے دئے سے جو حلال ہو ستھرا •

۹۲ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝ لَا يُؤَاخِذُكُمُ

اور ڈرتے رہو اللہ سے جسپر یقین رکھتے ہو • ف۲۳ نہیں پکڑتا تمکو

اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ

اللہ تمہاری بے فائدہ قسموں پر لیکن پکڑتا ہی جو قسم تمنے کر باندھی •

الْأَيْمَانَ ۖ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ

سو اُسکا اُتار کھانا دس محتاج کو بیچ کا کھانا جو دیتے ہو اپنے

ف۲۲ کہتے ہیں کافروں نے جب مسلمانوں پر ظلم کیا تو حضرت نے فرمایا کہ اور ملک میں نکل جاؤ • قریب اسی آدمی مسلمان بعضے تنہا بعضے گھر سمیت ملک حبش میں جا رہے • وہاں کا پادشاہ خوب منصف تھا • پھر مکے کے کافروں نے اُسکو بہکایا کہ اِس قوم کو دے ڈالو کہ حضرت عیسیٰ کو غلام کہتے ہیں • تب پادشاہ نے مسلمانوں کو بلا کر پوچھا اور قرآن پڑھوا کر سنا وہ اور اُسکے علما بہت روئے اور کہا کہ حضرت عیسیٰ نے فرمایا ہی کہ میرے بعد پیش از قیامت ایک نبی اور آویگا وہ بیشک یہی نبی ہی • وہ پادشاہ غیب مسلمان ہوا اُنکے حق میں یہ آیتیں ہیں

ف۲۳ جو چیز شرع میں صاف حلال ہی اُس سے پرہیز کرنا برا ہی • یہہ دو طرح ہوتا ہی ایک یہہ کہ زہد کے سبب سے اپنے اوپر تنگ پکڑے سو یہہ رہبانیت ہمارے دین میں پسند نہیں • بلکہ تقوی چاہیے کہ جو منع ہوا اسکے نزدیک نجاوے • دوسرے یہہ کہ قسم کھا بیٹھا ... یہہ بھی منع ہی ... ہی اُس ... کھا بیٹھا ... ہے • یہہ

أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ ط فَمَن لَّمْ يَجِدْ

گھر والوں کو یا اُن کو کپڑا دینا یا ایک گردن آزاد کرنی ● پھر جسکو نہ پیدا ہو تو

فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ ط ذَٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ ط

روزے تین دن کا ● یہ اُتارا ہی تمھاری قسموں کا

وَاحْفَظُوا أَيْمَانَكُمْ ط كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ

جب قسم کھا بیٹھو اور تھامتے رہو اپنی قسمیں ● یوں سناتا ہی تمکو اللہ اپنے حکم

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ ٩٣

شاید تم احسان مانو ● ف ● اے ایمان والو یہ جو ہی شراب اور جوا

وَالْأَنصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ

اور بُت اور پانسے گندے کام ہیں شیطان کے سو اِن سے بچتے رہو

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ ٩٤

شاید تمھارا بھلا ہو ● شیطان یہی چاہتا ہی کہ ڈالے تم میں دشمنی

وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ

اور بیر شراب سے اور جوے سے اور روکے تمکو اللہ کی یاد سے اور

الصَّلَاةِ ج فَهَلْ أَنتُم مُّنتَهُونَ ○ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ٩٥

نماز سے ● پھر اب تم باز آؤ گے ● ف ● اور حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا

وَاحْذَرُوا ج فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ○ ع

اور بچتے رہو ● پھر اگر تم پھرو گے تو جان لو کہ ہمارے رسول کا ذمہ یہی ہی پہنچا دینا کھول کر ●

لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا ٩٦

جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کیے اُن پر نہیں گناہ جو کچھ پہلے

طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوا وَّآمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَوا وَّآمَنُوا

کھا چکے جب آگے کو ڈرے اور ایمان لائے اور عمل نیک کیے پھر ڈرے اور یقین کیا

ف ● جس بات پر قسم کر گو
قسم کھائی آیندہ کو پھر اُسکے
خلاف ہو تو تین بات میں
سے ایک کرے جو چاہے ● یا
دس محتاج کو کھلانا یعنی ہر ایک
کو اناج دینا دو سیر گیہوں یا
چار سیر جو یا انکو کپڑا دینا
جسمیں بدن کم ڈھکا رہے یا
ایک بردہ آزاد کرنا ان تین
میں کسی کا مقدور نہ ہو تو تین
روزے ● اور اپنی قسم کو
چاہیے تھامنا یعنی تا مقدور
قسم نہ کھاوے اور زبان کی
یہ عادت نہ کرے

ف ● شراب جس چیز کا پانی
سڑائے کر نشا لانے لگے وہ تھوڑا
اور بہت حرام اور نجس ہی ●
باقی جو چیز نشا لاوے اور سڑی
ہو وہ نجس نہیں لیکن حرام ہی ●
اور جوا شرط بدنا کسی چیز پر
جس میں جیت اور ہار ہو وہ
محض حرام ہی ● اور ایک
طرف کی شرط حرام نہیں ● ف ● جو
کھیل رائج ہیں اُن میں شرط بدلی
رواج ہی اگر بغیر شرط کھیلا تو
جسمیں یہ ● لیکن یہ کہ شیطان
اسے ہٹائے سے روکتا ہی
اللہ کی یاد اور نماز سے سو منع ا

ثُمَّ اتَّقَوا وَّاَحْسَنُوا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ ٩٧ ع ١٣

پھر ڈرتے اور نیکی کی ۰ اور اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو ۰ ف ۰ اے ایمان والو

اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗۤ اَيْدِيْكُمْ

البتہ تمکو آزماویگا اللہ کچھ ایک شکار کے کام سے جس پر پہنچتے ہیں ہاتھ تمھارے

وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى

اور نیزے کہ معلوم کرے اللہ کون اُس سے ڈرتا ہے بن دیکھے ۰ پھر جسنے زیادتی کی

بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا ٩٨

اُسکے بعد تو اُسکو دکھ کی مار ہے ۰ ف ۰ اے ایمان والو نہ مارو شکار

الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ

جسوقت تم ہو احرام میں ۰ اور جو کوئی تم میں اُسکو مارے جان کر تو بدلا ہے

مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ

اُس مارے کے برابر مواشی میں سے وہ ٹھہراویں دو معتبر تمھارے کر نیاز

الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ

پہنچاویں کعبے تک یا گناہ کا اُتار ہے کئی محتاج کا کھلانا یا اُسکے برابر روزے کہ چاکھے سزا اپنے

وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ

کام کی ۰ اللہ نے معاف کیا جو ہو چکا ۰ اور جو کوئی پھر کریگا اُس سے بدلہ لیگا اللہ ۰

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ ٩٩

اور اللہ زبردست ہے بدلہ لینے والا ۰ ف ۰ حلال ہوا تمکو دریا کا شکار اور اُسکا

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ

کھانا فایدے کو تمھارے اور مسافروں کے ۰ اور حرام ہوا تمپر شکار جنگل کا جب تک رہو تم

حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ ١٠٠

احرام میں ۰ اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پاس جمع ہوگے ۰ ف ۰ اللہ نے کیا ہے کعبہ جو

ف ۰ یعنے کفر کی حالت میں اگر چہ حرام چیز کھائی تھی پھر مسلمان ہوا اور ڈر کر اور منع پہنچا تو اُسکو مانا اور ڈر کر چھوڑ دیا پھر آگے نیکی پر رہا اور ڈر کر ایمان کے اعمال پر قایم رہا تو ان میں سبب کے آگے وہ گناہ نرہا

ف ۰ نیزے کا نام لیا اُس میں سب ہتھیار داخل ہوے ۰ پھر یہہ جو دو طرح ذکر کیا ہاتھ سے اور ہتھیار سے اِسواسطے کہ حرام میں دونو طرح شکار کومارنا یکسان ہے ۰ اور سے ہتھیار مارا یا ہاتھ سے صحیح سلامت پکڑ لیا پھر ذبح کیا اور طریق ذبح میں اِن دونوں کا فرق ہے ۰ دھار سے مارا تو جہاں زخم لگ کر مرگیا حلال ہوا ۰ اور سلامت پکڑ لیا تو ہو اسی کی طرح ذبح کرنا چاہیے

ف ۰ مسئلہ یون ہے کہ اگر احرام میں شکار پکڑے تو فرض ہے کہ چھوڑ دے ۰ اور اگر مارے تو اُس قدر قیمت کا ایک جانور اِن مواشی میں سے بکری یا گاے یا اونٹ وہ کعبے تک پہنچاکر ذبح کرے اور آپ نہ کھاوے ۰ یا اُس قیمت کا اناج لیکر محتاجوں کو کھلادے ۰ ہر محتاج کو دو سیر گیہوں یا جتنے محتاجوں کو پہنچتا اسی قدر روزے رکھے ۰ اسکا اسباب ٹھہراویں دو مسلمان معتبر

ف ۰ احرام میں دریا کا شکار

الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ

گھر بزرگی کا ٹھہرا لوگون کے واسطے اور مہینہ بزرگی کا اور قربانی جو پہنچانی

وَالْقَلَائِدَ ۚ ذَٰلِكَ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي

اور گلے مین لٹکن والیان • یہہ اسواسطے کہ تم سمجھو کہ اللہ کو معلوم ہی جو کچھہ ہی آسمان

الْأَرْضِ وَأَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۱۰۱ اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ

و زمین مین • اور اسہر چیز سے واقف ہی ف۳ جان رکھو کہ اللہ کی مار سخت ہی

الْعِقَابِ وَأَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۱۰۲ مَّا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہی • رسول پر ذمہ نہیں مگر پہنچا دینا •

وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ۱۰۳ قُل لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ

اور اللہ کو معلوم ہی جو ظاہر مین کروگے اور جو چھپا کرو • تو کہہ برابر نہیں گندا

وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي

اور پاک اگرچہ تجکو خوش لگے گندے کی بہتات سو ڈرتے رہو اللہ سے ای عقلمندو

الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۱۰۴ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

شاید تمہارا بھلا ہو • ف۱۰۴ ای ایمان والو مت پوچھو

ع ۱۴

لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِن تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ وَإِن تَسْأَلُوا

بہت چیزین کہ اگر تم پر کھولے تو تمکو بری لگین • اور اگر پوچھوگے جسوقت

عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللَّهُ عَنْهَا ۗ وَاللَّهُ

قران اُترتا ہی تو کھولی جاوینگی • اللہ نے اُنسے درگذر کی ہی • اور اللہ

غَفُورٌ حَلِيمٌ ۱۰۵ قَدْ سَأَلَهَا قَوْمٌ مِّن قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُوا بِهَا

بخشنہار تحمل والا • ویسی باتین پوچھہ چکے ہین ایک لوگ تمسے پہلے پھر ہو رہے اُنسے

كَافِرِينَ ۱۰۶ مَا جَعَلَ اللَّهُ مِن بَحِيرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيلَةٍ

منکر ہوئے • ف • نہین ٹھہرایا اللہ نے بحیرہ اور سائبہ اور نہ وصیلہ

یعنے مچھلی حلال ہی • اور دریا کا کھانا یعنے جو مچھلی پانی سے جدا ہوکر مرگئی اُسے نہین پکڑی وہ بھی حلال ہی • فرمایا کہ یہہ تمھارے فایدے کو رخصت دی پھر کوئی نہ سمجھے کہ حج کے طفیل سے حلال ہی • پھر فرمایا کہ اور سب مسافرونکے فایدے کو مچھلی اگرچہ تالاب مین ہو وہ بھی شکار دریا ہی یہہ حکم شکار کا معلوم ہوا احرام کے اندر • اور احرام مین قصد ہی مکے کا اُسکے شہر مکے اور گردپیش مین ہمیشہ شکار مارنا حرام ہی بلکہ شکار کو ڈرانا اور بھگانا بھی

ف۳ عرب کا ملک بیحاکم تھا ہمیشہ اُس مین جنگ و فتنہ رہتا مگر بزرگی کعبہ کی اُنپر ثابت تھی تو ماہ محرم مین امن ہوتا • اُس مین ہر کوئی سفر کرتا اپنا مطلب حاصل کرلاتا • اور قربانی کے ساتھہ قافلہ گذرجاتا اِسطرح گزران چلتی تھی

ف۴ یعنے موافق حکم شرع کے جو ہاتھہ لگے وہ پاک ہی تھوڑا بھی بہتر • اور خلاف شرع جو ہاتھہ لگے وہ ناپاک ہی اُسکی بہتایت پر نظر نکرے • بکری کا گوشت ایک سیر بہتر خنزیر کے من بھرسے

ف • یعنے آپ سے نہ پوچھو کہ یہہ چیز روا ہی یا نہین • یہہ

وَلَا حَامٍ ۙ وَلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ

اور نہ حامی • لیکن کافر باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹھ •

١٠٧ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۞ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ

اور اُن میں بہتوں کو عقل نہیں • ف • اور جب کہیے اُنکو آؤ اِسطرف جو اللہ نے نازل کیا

وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ

اور رسول کی طرف کہیں ہمکو کفایت ہی جسپر پایا ہمنے اپنے باپ دادونکو • بھلا اگر اُنکے

١٠٨ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۞ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

باپ نہ علم رکھتے ہوں کچھ اور نہ راہ جانتے تو بھی • ف • ای ایمان والو

عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ

تم پر لازم ہی فکر اپنی جان کا • تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہوئے راہ پر •

١٠٩ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞ يٰۤاَيُّهَا

اللہ پاس پھر جانا ہی تم سب کو پھر وہ جتا دیگا جو کچھ تم کرتے تھے • ف • ای

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

ایمان والو گواہ تمہارے اندر جب پہنچے کسی کو تم میں موت

حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ

جب لگے وصیت کرنے دو شخص معتبر چاہئیں تم میں سے یا دو اَور ہوں تمہارے اگر تم نے

مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ

سفر کیا ہو ملک میں پھر پہنچے تم پر مصیبت

الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ

موت کی • دونو کو کھڑا کرو بعد نماز کے پھر وہ قسم کھاویں اللہ کی

اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِىْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ

اگر تمکو شبہہ پڑے کہیں کہ ہم نہیں بیچتے قسم مال پر اگر چہ ہمسے قرابت ہوا اور ہم نہیں چھپاتے

کام کرتیں بانہ کرتیں مالکہ جو فرمایا اُس پر عمل کرو جو نہ فرمایا اُسکو معاف جانو اُسمیں دین آسان رہے • اور جو ہر بات کا جواب آوے تو دین تنگ ہو جاوے پھر عمل نہ کرسکو جیسے اگلے نہ کرسکے • پھر کفر کی رسمیں بتائیں کہ پوچھنے کی حاجت نہیں جو اللہ نے نہ فرمایا وہ بے اصل ہی • اور اسی طرح بیفایدہ باتیں پوچھنی • کسی نے پوچھا میرا باپ کون تھا یا میری عورت گھر میں کس طرح ہی • اگر پیغمبر جواب دے تو شاید برا جواب آوے پھر پشیمان ہو

ف • یعنے یہہ کفر کی رسمیں تھیں کہ مواشی میں کوئی بچہ نیاز رکھتے بت کی تو اُسکا کان پھاڑ دیتے نشان کو اُسکو بحیرہ کہتے • اور کوئی جانور بت کے نام پر آزاد کرتے اُسکو اُسکے اختیار پر چھوڑ دیتے وہ سایبہ تھا • اور بعض شخص نے ٹھہرایا کہ جو بچہ نر ہو وہ بت کی نیاز ذبح کر دیں اور جو مادہ ہو میں رکھیں • پھر اگر نر و مادہ ملے ہوتے تو نر بھی آپ رکھنا مادہ کے ساتھہ • یہہ وصیلہ تھا اور جس اونٹ کی پشت سے دس بچے پیدا ہوئے لایق سواری کے اور بوجھہ کے اُس باپ کو لادنا موقوف کرتے • اور چارے پانی پر سے نہ ہانکتے وہ حامی تھا • یہہ سب عادات

وہ سمجھیں ڈال کر اسکو حکم شرعی سمجھنے لگے

ف ۲ ۔ یعنے باپ کا احوال معلوم ہو کہ جو کا تابع تھا اور صاحب علم تھا تو اُسکی راہ پکڑے نہیں تو عبث ہے

ف ۳ ۔ یعنے ان مسئلوں کو نہیں جانا تم ان پر عمل کرو اور جو کوئی اصل دین ہی نہیں مانتا اُسکو مسئلے بتانے کیا حاصل اول دین سمجھائیے اگر وہ مانے تب مسئلے بتائیے

ف ۴ ۔ یعنے مسلمان مرتے وقت کسیکو اپنے مال کا کام حوالے کرے ۔ تو بہتر ہے کہ دو مسلمان معتبر کو کرے ۔ پھر اگر وارثونکو شبہ پڑے کہ ان شخصوں نے کچھ مال چھپایا اور وارث دعوی کریں اور شاہد نہیں ۔ تو دونو شخص قسم کھاویں کہ ہمنے نہیں چھپایا ۔ اگر سفر میں انکا مرنا ہو اور وہاں مسلمان پیدا نہ ہوسکے تو دو کافر بھی روا ہیں ۔ اور قسم دیں بعد نماز عصر کے کہ اُس وقت کی دعا بیشتر زیادہ قبول ہے ۔ شاید ڈر کر جھوٹی قسم نہ کھاویں

ف ۵ ۔ یعنے وارثونکو شبہ پڑے تو قسم دینے کا حکم دیکھا ۔ اسواسطے کہ قسم سے ڈر کر اول ہی جھوٹ ٹھہرنا ظاہر کریں ۔ پھر اگر اُنکی بات جھوٹ ٹھہرے نکلے تو وارث قسم کھاویں

۱۱۰ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ

اللہ کی گواہی نہیں تو ہم گنہگار ہیں ۔ ف ۳ پھر اگر خبر ہو جاوے کہ وہ دونوں دبا گئے

اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ

گناہ ۔ تو دو اور کھڑے ہوں اُن کی جگہ جنکا حق دبا ہے

عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ

اُنمیں جو بہت نزدیک ہیں پھر قسم کھاویں اللہ کی کہ ہماری گواہی تحقیق ہے

۱۱۱ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى

اُنکی گواہی سے اور ہمنے زیادہ نہیں کہا ۔ نہیں تو ہم بے انصاف ہیں ۔ اسمیں لگتا ہے

اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا

کہ شہادت ادا کریں راہ پر یا ڈریں

اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ

کہ اُلٹی پڑے گی قسم ہماری اُنکی قسم کے بعد ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے اور سن رکھو ۔

۱۱۲ ع وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ

اور اللہ راہ نہیں دیتا بے حکم لوگوں کو ۔ ف ۵ جس دن اللہ جمع کریگا رسول

فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

پھر کہیگا تمکو کیا جواب دیا ۔ بولینگے ہمکو خبر نہیں ۔ تو ہی ہے چھپی بات

۱۱۳ الْغُيُوْبِ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ

جانتا ۔ ف ۶ جب کہیگا اللہ اے عیسی مریم کے بیٹے یاد کر میرا احسان اپنے

وَعَلٰي وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ تُكَلِّمُ النَّاسَ

اوپر اور اپنی ماں پر ۔ جب مدد کی میں نے تجکو روح پاک سے ۔ تو کلام کرتا لوگوں سے

فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

گود میں اور بڑی عمر میں ۔ اور جب سکھائی میں نے تجکو کتاب اور پکی باتیں

وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ
اور توراۃ اور انجیل ۔ اور جب تو بناتا مٹی سے جانور کی صورت

بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًاۢ بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ
میرے حکم سے پھر دم پھونکتا اُسمین تو ہو جاتا جانور میرے حکم سے ۔ اور چنگا کرتا ماں کے پیٹ کا اندھا

وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ
اور کوڑھی کو میرے حکم سے ۔ اور جب نکال کھڑے کرتا مُردے میرے حکم سے ۔ اور جب روکا میں نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ
بنی اسرائیل کو تجھسے جب تو لایا اُن پاس نشانیاں تو کہنے لگے

۱۱۴ ربع
كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى
جو کافر تھے اُنمین اور کچھ نہین یہہ جادو ہی صریح ۔ ف ۱۰۶ اور جب مینے دل مین ڈالا

الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا
حواریونکو کہ یقین لاؤ مجھپر اور میرے رسول پر ۔ بولے ہم یقین لائے اور تو گواہ رہ کہ ہم حکم

۱۱۵
مُسْلِمُوْنَ ۝ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ
بردار ہین ۔ جب کہا حواریون نے ای عیسی مریم کے بیٹے ترے رب سے

رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۭ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ
ہوسکے کہ اُتارے ہم پر خوان بھرا آسمان سے ۔ بولا ڈرو اللہ سے اگر تمکو

۱۱۶
مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا
یقین ہی ۔ ف ۱۰۷ بولے ہم چاہتے ہین کہ کھاوین اُسمین سے اور چین پاوین ہمارے دل

۱۱۷
وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ
اور ہم جانین کہ تو نے ہمکو سچ سنایا اور رہین ہم اُسپر گواہ ۔ ف ۱۰۸ بولا

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ
عیسی مریم کا بیٹا ای اللہ رب ہمارے اُتار ہمپر ایک خوان بھرا آسمان سے کہ وہ

یہہ بھی اِسی واسطے کہ وے قسم مین دغا کرین ۔ جانین کہ آخر ہماری قسم پھر اُلٹی پڑیگی ف اِس جگہہ شہادت فرمایا ہی اظہار کو ۔ مدعی اظہار کرے یا مدعا علیہ جیسے اقرار کو کہتے ہین اپنی جان پر شہادت دی ف حضرت کے وقت ایک مسلمان تجارت کو گیا راہ مین مرنے لگا قافلے مین سے دو نصرانیون کو اپنا مال سپرد کیا کہ میرے وارثونکو دیجو جب وے لاکر دینے لگے ۔ وارثون نے ایک کٹورہ اُسمین نہ دیکھا سونے کا تھا سکاعت اُسکا دعوی کیا وے دونو قسم کھا گئے کہ ہمکو یہی دیا تھا پھر وارثون نے وہ کٹورہ سنار پاس پایا ۔ پوچھا تو معلوم ہوا کہ اُن نصرانیون نے بیچا اُنپر ثابت کیا ۔ تو کہنے لگے میت نے زندگی مین ہمارے ہاتھہ بیچا اور قیمت لیچکا تھا ۔ پھر وارثون مین جو دو شخص اُس میت کے زیادہ قریب تھے سب کی طرف سے قسم کھا گئے کہ ہمکو بیچنا معلوم نہین اور میت کے ہاتھہ کی فہرس بھی نکلی اُس مال مین سے ۔ کٹورہ اُسمین داخل تھا ۔ آخر نصرانیون سے بھر لیا

ف ۵ ۔ یہہ اللہ پوچھیگا کافر دیکھے سنانیکو کہ مینے تمکو جسکی طرف بھیجا تھا اُنون نے قبول

تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ ۖ وَارْزُقْنَا

دن عید رہے ہمارے پہلون اور پچھلون کو اور نشانی تیری طرف سے ۰ اور روزی دے ہمکو

وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۝ قَالَ اللَّهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۖ (۱۱۸)

اور تو ہی ہی بہتر روزی دینے والا ۰ ف۹ کہا اللہ نے مین اتارونگا وہ خوان تم پر ۰

فَمَن يَكْفُرْ بَعْدُ مِنكُمْ فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَّا أُعَذِّبُهُ

پھر جو کوئی تم مین ناشکری کرے اس سے پیچھے تو مین اسکو وہ عذاب کرونگا جو کرونگا

أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ ۝ وَإِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ (۱۱۹) ع ٦

کسی کو جہان مین ۰ ف۱۰ ۰ اور جب کہیگا اللہ ای عیسی مریم کے بیٹے

أَأَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَٰهَيْنِ مِن دُونِ

تو نے کہا لوگون کو کہ ٹھہراؤ مجھکو اور میری ماکو دو معبود سوا

اللَّهِ ۖ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ ۚ

اللہ کے ۰ بولا تو پاک ہی مجھکو نہیں بن آتا کہ کہون جو مجھکو نہین پہونچتا ۰

إِن كُنتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ ۚ تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا أَعْلَمُ

اگر مین نے یہ کہا ہوگا تو تجھکو معلوم ہوگا تو جانتا ہی جو میرے جی مین اور مین نہین جانتا

مَا فِي نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ (۱۲۰)

جو تیرے جی مین ۰ بیشک تو ہی ہی جانتا چھپی بات ۰ مین نے نہین کہا انکو

إِلَّا مَا أَمَرْتَنِي بِهِ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ ۚ

مگر جو تو نے حکم کیا کہ بندگی کرو اللہ کی جو رب ہی میرا اور تمہارا ۰

وَكُنتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ ۖ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنتَ

اور مین ان سے خبردار تھا جب تک ان مین رہا ۰ پھر جب تو نے مجھے بھر لیا تو

أَنتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۚ

تو ہی تھا خبر رکھتا انکی ۰ اور تو ہر چیز سے خبردار ہی ۰

گیا یا نگیا ۰ اور پیغمبر حوالے رکھینگے اللہ کے علم پر ۰ کہ ہمکو دلکی خبر نہین ظاہر کی ہی ۰ یہہ اونکو سنایا جو مغرور ہین پیغمبرونکی شفاعت پر ۰ تا معلوم کرین کہ اللہ کے آگے کوئی کسی کے دل پر گواہی نہین دیتا ۰ اور کوئی کسی کی حمایت نہین کرتا

ف۶ ۰ بنی اسرائیل کو روکا تجھسے یعنے قتل کرنے نہ دیا ۰

ف۷ ۰ ہو سکے یہہ معنے کہ ہمارے واسطے تمہاری دعاسے اسقدر خرق عادت کرے یا نکرے ۰ فرمایا کہ ڈرو اللہ سے ۰ یعنی بندہ چاہیے اللہ کو نہ آزمادے کہ میرا کہنا مانتا ہی یا نہین اگرچہ خاوند بہتیری مہربانی کرے

ف۸ ۰ یعنے برکت کی اُمید پر مانگتے ہین ۰ اور معجزہ ہمیشہ مشہور رہے ۰ آزمانے کو نہیں

ف۹ ۰ کہتے ہین کہ وہ خوان اُترا یکشنبہ کو کہ وہ روز نصاری کی عید ہی ۰ جیسے ہمکو روز جمعہ

ف۱۰ ۰ یعنے کہتے ہین وہ خوان اُترا چالیس روز تک ۰ پھر بعضوں نے ناشکری کی ۰ یعنے حکم ہوا تھا کہ فقیر اور مریض کھاوین محفوظ اور چنگا بھی لگے کھانے ۰ پھر قریب اسّی آدمی کے سوٗر اور بندر ہوگئے ۰ یہہ عذاب پہلے یہود مین ہوا تھا ۰ پیچھے کسی کو

١٢١ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ج وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

اگر تو اُنکو عذاب کرے تو وے بندے تیرے ہیں • اور اگر اُنکو معاف کرے تو تو ہی ہی زبردست

١٢٢ الْحَكِيْمُ ۝ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ط لَهُمْ

حکمت والا • فرمایا اللہ نے یہہ وہ دن ہی کہ کام آویگا سچون کو اُن کا سچ • اُن کو ہیں

جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ط

باغ جنکے نیچے بہتی نہرین رہا کرین اُن میں ہمیشہ •

١٢٣ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ط ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ

اللہ راضی ہوا اُنسے اور وے راضی ہوے اُس سے • یہی ہی بڑی مراد ملنی • اللہ کو ہی سلطنت

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

آسمان و زمین کی اور جو اُن کے بیچ ہی • اور وہ ہر چیز پر قادر ہی •

سورة الانعام وهى مكية و مائة وخمس وستون آية

سورہ انعام کے میں نازل ہوئی ایک سو پینسٹھ آیت کی ہی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع٧ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ

سب تعریف اللہ کو جن نے بنائے آسمان و زمین اور ٹھہرائیں

الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝

اندھیریان اور اُجالا • پھر یے منکر اپنے رب کے ساتھہ کسیکو برابر کرتے ہیں • ف

٢ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ط وَاَجَلٌ

وہی ہی جن نے تمکو بنایا مٹی سے پھر ٹھہرایا ایک وعدہ • اور ایک

٣ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ

وعدہ ٹھہر رہا ہی اُسکے پاس پھر تم شک لاتے ہو • ف • اور وہی اللہ ہی آسمان

نہیں ہوا • اور بعضے کہتے ہیں کہ اُترا نہیں تہدید سنکر مانگنے والے ڈر گئے نہ مانگا • لیکن پیغمبر کی دعا عبث نہیں اور اِس کلام میں تمل کرنا بے حکمت نہیں • شاید اُس دعا کا اثر یہہ ہی کہ حضرت عیسٰی کی اُمت میں آسودگی مال سے ہمیشہ رہے • اور جو کوئی اُن میں ناشکری کرے یعنے دل کے چین سے عبادت میں نہ لگے بلکہ گناہ میں خرچ کرے • تو شاید آخرت میں سب سے زیادہ عذاب پاوے • اِس میں مسلمان کو عبرت ہی • کہ اپنا مدعا خرق عادت کی راہ سے نچاہے کہ پھر اُسکی شکرگذاری بہت مشکل ہی • اسباب ظاہری پر قناعت کرے تو بہتر ہی • اِس قصے میں بھی ثابت ہوا کہ حق تعالی کے آگے حمایت پیش نہیں جاتی

ف • اندھیرا اُجالا یہی رات دن ہی اور اِشارت میں راہ غلط کو اندھیرا کہتے ہیں اور راہ صحیح کو اُجالا • سو راہ صحیح ایک ہی اُسکے سوا سب راہین غلط ہیں وے بہت ہیں

ف • وعدہ یعنے دنیا کا وقت

وَفِي الْأَرْضِ ط يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ ۝

اور زمین میں • جانتا ہے تمہارا چھپا اور کھلا اور جانتا ہے جو کماتے ہو •

۴ وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝

اور نہیں پہنچی اُنکو کوئی نشانی تیرے رب کی نشانیوں میں مگر کرتے ہیں اُس سے تغافل •

۵ فَقَدْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ط فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ

سو جھٹلا چکے حق بات کو جب اُن تک پہنچی • اب آگے آویگی اُنپر حقیقت

۶ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ

اُس بات کی جسپر ہنستے تھے • کیا دیکھتے نہیں کتنی ہلاک کیں ہمنے پہلے اُنسے

مِنْ قَرْنٍ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَكُمْ وَأَرْسَلْنَا

سنگتیں اُنکو جمایا تھا ہمنے ملک میں جتنا تمکو نہیں جمایا اور چھوڑ دیا ہمنے

السَّمَاءَ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمْ

اُن پر آسمان برستا • اور بنا دیں نہریں بہتی اُن کے نیچے پھر ہلاک کیا

فَأَهْلَكْنَاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ وَأَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝

اُن کو اُن کے گناہوں پر اور کھڑی کی اُن کے پیچھے اور سنگت •

۷ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ

اور اگر اُتاریں ہم تجھ پر لکھا ہوا کاغذ میں پھر ٹٹولیں اُسکو اپنے ہاتھ سے البتہ

۸ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ۝ وَقَالُوا لَوْلَا

کہینگے منکر یہہ کچھ نہیں مگر جادو ہے صریح • ف • اور کہتے ہیں کیوں نہ

أُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ط وَلَوْ أَنْزَلْنَا مَلَكًا لَقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ لَا

اُترا اُس پر کوئی فرشتہ • اور اگر ہم فرشتہ اُتاریں تو فیصل ہوجاوے کام پھر اُن کو

۹ يُنْظَرُونَ ۝ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَلَلَبَسْنَا

فرصت نہ ملے • ف • اور اگر ہم رسول کریں کوئی فرشتہ تو وہی صورت میں ایک مرد کرتے اور

سو ایک اجل ہے ہر شخص کی وہ نہیں جانتا ہر فرشتے جانتے ہیں • اور ایک اجل ہے سب خلق کی سو کوئی نہیں جانتا • اس اجل سے قیاس کر لیا اُس اجل کو اور شک نہ لائے

ف • یعنی دنیا کی فرصت میں [illegible] نہیں [illegible]

فرشتہ اُترے ۔ سو جب آدمی فرشتوں کو دیکھیں تو عالم غیب ظاہر ہووے ۔ پھر عمل کی خرابی غیب سے ظاہر میں آنے لگے

۱۰ عَلَيْهِمْ مَا يَلْبِسُونَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ

اُنپر شبہہ ڈالتے وہی شبہہ جو ڈالتے ہیں ۔ اور ٹھٹھے ہو چکے ہیں بہت رسولوں سے

مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ

تیرے پہلے پھر اُلٹ پڑے اُن سے ہنسنے والوں پر جس بات پر ہنسا کرتے

۱۱ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ

ع ۸

تھے ۔ تو کہہ پھرو ملک میں تو دیکھو آخر کیا ہوا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ قُلْ لِمَنْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ط

۱۲ جھٹلانے والوں کا ۔ پوچھ کہ کس کا ہی جو کچھ ہی آسمان و زمین میں ۔

قُلْ لِلّٰهِ ط كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ط لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ

کہہ اللہ کا ۔ اُسنے لکھی ہی اپنے ذمے مہربانی ۔ البتہ تمکو جمع کریگا قیامت کے

الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ط الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

دن تک اُسمیں شک نہیں ۔ جنھوں نے ہاری اپنی جان وہی نہیں مانتے ۔

۱۳ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ط وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ

۱۴ اور اُسی کا ہی جو بسیرا لیتا ہی رات میں اور دن میں ۔ اور وہی ہی سب سنتا جانتا ۔ تو کہہ

أَغَيْرَ اللّٰهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ

کیا اور کوئی پکڑوں اپنا مددگار اللہ کے سوا سے جو بنانے والا آسمان و زمین کا اور وہ سبکو کھلاتا ہی

وَلَا يُطْعَمُ ط قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ

اور اُسکو کوئی نہیں کھلاتا ۔ تو کہہ مجکو حکم ہوا ہی کہ سب سے پہلے حکم مانوں

۱۵ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ

اور تو نہ ہو شریک کرنے والا ۔ تو کہہ میں ڈرتا ہوں اگر حکم نہ مانوں

۱۶ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ ط

اپنے رب کا ایک بڑے دن کے عذاب سے ۔ جس پر سے وہ ٹلا اُسدن اُسپر رحم کیا ۔

۱۷ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ
اور یہی ہے بڑی مراد ملنی ۝ اور اگر پہنچاوے تجکو اللہ کچھ سختی پھر اسکا کوئی

۱۸ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَهُوَ
نہ اٹھادے سواے اسکے ۝ اور اگر تجکو پہنچاوے بھلائی تو وہ ہر چیز پر قادر ہے ۝ ف ۝ اور اسیکا

۱۹ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ
زور پہنچتا ہے اپنے بندوں پر ۔ اور وہی ہے حکمت والا خبردار ۝ تو کہہ کس چیز کی بڑی

شَهَادَةً ۭ قُلِ اللّٰهُ ۣ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۣ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا
گواہی ۝ تو کہہ اللہ گواہی میرے اور تمہارے بیچ اور اترا ہے مجکو یہہ

الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ۭ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ
قران کہ تمکو اس سے خبردار کردوں اور جسکو یہہ پہنچے ۝ کیا تم گواہی دیتے ہو

اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰي ۭ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ
کہ اللہ کے ساتھ معبود اور بھی ہیں ۝ تو کہہ میں نہ گواہی دونگا ۝ تو کہہ وہی ہے معبود

۲۰ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ
ایک ۝ اور میں قبول نہیں رکھتا جو تم شریک کرتے ہو ۝ ف ۝ جنکو ہم نے

الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَاۗءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ
دی ہے کتاب اسکو پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو ۝ جنہوں نے

۲۱ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰي
ع ۹ ہاری اپنی جان وہی نہیں مانتے ۝ اور اس سے ظالم کون جو جھوٹھ باندھے

عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝
اللہ پر یا جھٹلاوے اسکی آیتیں ۝ مقرر بھلا نہیں پاتے گنہگار ۝ ف ۝

۲۲ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ
اور جس دن ہم جمع کرینگے ان سب کو پھر کہینگے شریک والوں کو کہاں ہیں

ف ۝ معلوم ہوا کہ بھلائی پہنچانا بھی [illegible]

ف ۝ یہاں گواہی فرمایا قسم کو یعنے میں قسم کھاتا ہوں اللہ کی اس سے زیادہ کون قسم ہوگی

ف ۝ یعنے اگر مشرک [illegible] باندھا گیہ [illegible] پر [illegible] پہنچے تو اگر [illegible] توبہ کرے [illegible] جھوٹ [illegible] اس سے زیادہ [illegible] نہیں کرتے ۔

٢٣ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ
شریک تمہارے جنکا تم دعوی کرتے تھے • پھر نہ رہیگی اُن کی
فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝
شرارت مگر یہی کہ کہینگے قسم اللہ کی اپنے رب کی ہم شریک نہ کرتے تھے •
٢٤ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوْا
دیکھ تو کیسا جھوٹھ بولے اپنے اوپر اور کھوئی گئیں اُنسے جو باتیں
٢٥ يَفْتَرُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
بناتے تھے • اور بعضے اُنمیں کان رکھتے ہیں تیری طرف اور ہم نے اُنکے دلوں پر
اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ
غلاف رکھے ہیں کہ اُسکو نہ سمجھیں اور اُنکے کانوں میں بوجھہ اور اگر دیکھیں ساری نشانیاں
لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ
یقین نہ لاویں اُن پر • جب تک کہ آویں تیرے پاس جھگڑنے کو تجھسے کہتے ہیں
٢٦ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَهُمْ يَنْهَوْنَ
وے منکر یہ کچھہ نہیں مگر نقلیں ہیں اگلوں کی • اور وے اُس سے منع کرتے ہیں
عَنْهُ وَيَنْــَٔـوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝
اور اُس سے بھاگتے ہیں اور ہلاک کرتے نہیں مگر آپ کو اور نہیں سمجھتے
٢٧ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ
اور کبھی تو دیکھے جس وقت اُن کو ٹھہرایا ہے آگ پر تو کہتے ہیں اے کاش کہ ہمکو پھر بھیجیں
٢٨ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ بَلْ بَدَا لَهُمْ
اور ہم نہ جھٹلاویں اپنے رب کی آیتیں اور ہوویں ایمان والوں میں • کوئی نہیں بلکہ کھل گیا اُنسے
مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا
جو چھپاتے تھے پہلے • اور اگر پھر بھیجے تو پھر کریں وہی جو منع ہوا تھا

٢٩ عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكَاذِبُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ

انکو اور وے جھوٹھے بولتے ہیں • ف • اور کہتے ہیں ہمکو زندگی نہین

٣٠ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝ وَلَوْ

مگر یہی دنیا مین اور ہمکو پھر نہین اُٹھنا • اور کبھی

تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا

تو دیکھے جسوقت اُنکو کھڑا کیا ہی اُنکے رب کے سامھنے • فرمایا اب یہ سچ نہین • بولے

بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ع

کیون نہین قسم ہمارے رب کی • فرمایا تو چکھو عذاب بدلا اپنے کفر کا •

٣١ ع ١٠ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمُ

خراب ہوے جنھون نے جھوٹھ جانا ملنا اللہ کا • جب تک کہ آپہنچی اُن پر

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰي مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ

قیامت بے خبر کہنے لگے ای افسوس کہ ہمنے قصور کیا اُسمین اور وے اُٹھاتے

٣٢ اَوْزَارَهُمْ عَلٰي ظُهُوْرِهِمْ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝ وَمَا الْحَيٰوةُ

ہین اپنے بوجھ اپنی پیٹھ پر • سنتا ہی برا بوجھ ہی جو اُٹھاتے ہین • اور کچھ نہین

الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ

دنیا کا جینا مگر کھیل اور جی بہلانا • اور پچھلا گھر جو ہی سو بہتر ہی ڈرنے والون کو •

٣٣ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ

کیا تمکو سمجھ نہین • ہم جانتے ہین کہ تجکو غم دلاتی ہین اُن کی باتین سو وے تجکو

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝

نہین جھٹلاتے لیکن بے انصاف اللہ کے حکمون سے منکر ہوے جاتے ہین •

٣٤ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰي مَا كُذِّبُوْا

اور جھٹلائے گئے ہین بہت رسولون کو تجسے پہلے پھر صبر کرتے رہے جھٹلانے پر

ف • یعنے دوزخ کے کنارے پر پہنچ کر حکم ہوگا کہ ٹھہراؤ • تو کافرونکو توقع پڑیگی کہ شاید ہمکو پھر دنیا مین بھیجین • تو اب کی بار کو نکرین ایمان لاوین • سو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ اسواسطے اُنکو نہین ٹھہرایا بلکہ اِس تدبیر سے اُنکے منہہ اقرار کروایا کہ ہمنے کفر کیا تھا • حالانکہ پہلے منکر ہوے تھے کہ ہم شریک نکرتے تھے • اور پھر بھیجنا اُنکو عبث ہی

نا ... پر ... پہنچے تو
ت توبہ کرے ... راہ
ے کہ اِس سے زیادہ
... تو نہین کرون •

وَأُوذُوا حَتَّىٰ أَتَاهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ

اور ایذا پر جب تک پہنچی اُن کو مدد ہماری ، اور کوئی بدلنے والا نہیں اللہ کی باتیں ،

٣٥ وَلَقَدْ جَاءَكَ مِنْ نَبَإِ الْمُرْسَلِينَ ۝ وَإِنْ كَانَ كَبُرَ

اور تجھکو پہنچ چکا ہے کچھ احوال رسولوں کا ، اور اگر بھاری ہے

عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْأَرْضِ

اُن کا تغافل کرنا تو اگر تو سکے کہ ڈھونڈھ نکالے کوئی سرنگ زمین میں

أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ فَتَأْتِيَهُمْ بِآيَةٍ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى

یا کوئی سیڑھی آسمان میں پھر آ کو لاوے ایک نشانی ، اور اگر اللہ چاہتا جمع کر لاتا سبکو

٣٦ الْهُدَىٰ ۚ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْجَاهِلِينَ ۝ إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ

راہ پر سو مت ہو نادانوں میں ، ف ، مانتے وے ہیں

الَّذِينَ يَسْمَعُونَ ۘ وَالْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۝

جو سنتے ہیں ، اور مردوں کو اُٹھاوے گا اللہ پھر اُسکی طرف جاوینگے ، ف

٣٧ وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ۚ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَنْ يُنَزِّلَ آيَةً

اور کہتے ہیں کیوں نہیں اُتری اُس پر نشانی اُسکے رب سے ، تو کہہ اللہ کو قدرت ہے کہ اُتارے کچھ نشانی

٣٨ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ

لیکن اُن بہتوں کو سمجھ نہیں ، اور کوئی ہلتا نہیں زمین میں

وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ ۚ مَا فَرَّطْنَا فِي

نہ جانور ہے کہ اُڑتا ہے دو پروں سے مگر ایک ایک امت ہیں تمہاری طرح ، چھوڑی نہیں ہمنے

٣٩ الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا

لکھنے میں کوئی چیز پھر اپنے رب کی طرف اکٹھے ہونگے ، اور وے جو جھٹلاتے ہیں

بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ ۗ مَنْ يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ ۚ

ہماری آیتیں بہرے اور گونگے ہیں اندھیروں میں ، جسکو چاہے اللہ گمراہ کرے

ف ، کافر چاہتے تھے کہ یہ نبی ہیں تو اُن کے ساتھ ہمیشہ ایک نشانی رہے کہ ہر کوئی دیکھے اور یقین لاوے ، سو شاید حضرت کا دل بھی چاہا ہو ، اسواسطے تربیت فرمائی کہ اللہ کے تابع رہو ، اُسکو منظور ہوتا تو یوں نشانی سبکے دل پھیر لاتا ایمان پر

ف ، یعنے سب سے تو نہ رکھو کہ مانیں ، جنکے دل میں اللہ نے کان نہیں دیے سے نہیں تو کسی طرح مانیں ، مگر یہ کافر کہ مثل مردے کے ہیں قیامت میں دیکھکر یقین کرینگے

وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ ۴۰

اور جسکو چاہے ڈال دے سیدھی راہ پر • تو کہہ دیکھو تو اگر آوے تم پر

عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ

عذاب اللہ کا یا آوے تم پر قیامت کیا اللہ کے سوائے کسی کو پکارو گے بتاؤ اگر تم

صَادِقِينَ ۝ بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ ۴۱

سچے ہو • بلکہ آپ اسکو پکارتے ہو پھر کھول دیتا ہی جس پر پکارتے تھے

إِلَيْهِ إِن شَاءَ وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِّن ۴۲ ع۱۱

اگر چاہی اور بھول جاتے ہو جنکو شریک کرتے تھے • اور ہمنے رسول بھیجے تھے بہت امتوں پر جو تھے

کر مارا اُنکو اور مجھکو • کیا ہلاک کریگا ایک کام پر جو کیا ہمارے احمقون نے • یہہ سب تیرا

اِلَّا فِتْنَتُكَ ۖ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَاءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَاءُ ۖ اَنْتَ

آزمانا ہی بچلادے اُسمین جسکو چاہے اور راہ دے جسکو چاہے • توہی ہمارا

ف • حضرت ہارون اور اُنکی اولاد حضرت موسی کی اُمت مین امام تھے • لیکن جب اُنکی جگہہ خلیفہ ہونے تو اُمت حکم مین نرہی خلافت اور کی قسمت مین تھی • خلیفہ وہ جو اُمت کو دین و دنیا کے بند و بست مین رکھے جس طرح پیغمبر رکھے • اور کیا ناحضرت حق اُنکے ساتھہ رہے • اور امام وہ کہ پیغمبر کا یادگار ہو جو خدمت اور نیاز پیغمبر سے منزلو رہو سوائے اُمت اُنسے کرے تا برکات اور قبولیت کا درجہ ملے • تو راہ مین امام کے لوازم دیکھیے تو معلوم ہون

وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِينَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا ١٥٦

تھامنے والا سو بخش ہمکو اور مہر کر ہم پر اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہی اور لکھ دے

فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ ط

ہمارے واسطے اس دنیا میں نیکی اور آخرت میں ہم رجوع لائے تیری طرف •

قَالَ عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ

فرمایا میرا عذاب جو ہی وہ ڈالتا ہوں جسپر چاہوں • اور میری مہر شامل ہی

كُلَّ شَيْءٍ ط فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ

ہر چیز کو • سو وہ لکھ دونگا اُنکو جو ڈرتے ہیں اور دیتے ہیں زکواۃ

وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ ۝ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ ١٥٧

اور جو ہماری باتیں یقین کرتے ہیں ف • وے جو تابع ہوتے ہیں اس رسول کے

النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ

جو نبی ہی اُمّی جسکو پاتے ہیں لکھا ہوا اپنے پاس

فِي التَّوْرٰىةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهٰىهُمْ

توریت اور انجیل میں • بتاتا ہی اُن کو نیک کام اور منع کرتا ہی

عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ

بُرے کام سے اور حلال کرتا ہی اُن کے واسطے سب پاک چیزیں اور حرام کرتا ہی اُنپر

الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ

ناپاک اور اُتارتا ہی اُن سے بوجھ اُن کے اور پھانسیاں جو اُن پر

عَلَيْهِمْ ط فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ

تھیں • سو جو اُسپر یقین لائے اور اُسکی رفاقت کی اور مدد کی اور تابع ہوئے اُس نور کے

الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ أُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ قُلْ ١٥٨ ع ١٠

جو اُسکے ساتھ اترا ہی وے لوگ پہنچے مراد کو • ف • تو کہہ

ف • حضرت موسی اپنے ساتھ لگئے ستر آدمی سردار قوم کے • جب حق تعالی نے کلام کیا تب مکر کہنے لگے ہم جب تک نہ دیکھیں ہمکو یقین نہیں • اِس سے اُنپر بجلی گری اور کانپ کر مرگئے • حضرت موسی نے اس طرح دعا کی آپ کو شامل کرکر • تب جیتے پھر زندہ ہوئے • یہ شاید پھر ادا تھے سے پہلے تھا یا شاید پیچھے تھا واللہ اعلم

ف • شاید حضرت موسی نے اپنی امّت کے حق میں دنیا اور آخرت کی نیکی مانگی مراد یہہ تھی کہ سب امتوں پر مقدّم رہیں دنیا اور آخرت میں • فرمایا کہ میرا عذاب اور رحمت کسی فرقے پر مخصوص نہیں • سو عذاب تو اُسی پر ہی جسکو اللہ چاہے • اور رحمت سب کو شامل ہی • لیکن وہ رحمت خاص لکھی ہی اُنکے نصیب میں جو اللہ کی ساری باتیں یقین کرینگے • یعنے آخری اُمت کہ سب کتابوں پر ایمان لاوینگے • سو حضرت موسی کی امّت میں سے جو لوگ آخری کتاب پر یقین لائے • وے پہنچے اُس نعمت کو اور حضرت موسی کی دعا اُنکو لگی

ف • حضرت کو پہلی کتابوں میں یہی اُمّی نبیا بتا دو وسے • ایک

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا الَّذِي لَهُ مُلْكُ
ای لوگو میں رسول ہوں اللہ کا تم سب کی طرف جسکی حکومت ہی
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ج لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ص
آسمان و زمین میں • کسی کی بندگی نہیں سوا اُسکے جلاتا ہی اور مارتا ہی •
فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللَّهِ
سو مانو اللہ کو اور اُسکے بھیجے نبی اُمی کو جو یقین کرتا ہی اللہ پر
۱۵۹ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ وَمِنْ قَوْمِ مُوسَىٰ
اور اُسکے سب کلام پر اور اُسکے تابع ہو تا شاید تم راہ پاؤ • اور موسی کی قوم میں ایک
۱۶۰ أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ۝ وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ
فرقہ راہ بتاتے ہیں حق کی اور اسی پر انصاف کرتے ہیں • ف • اور بانٹ کر انکو ہمنے کیا کئے فرقے
عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا ط وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ إِذِ اسْتَسْقَاهُ
بارہ دادوں کے پوتے • اور حکم بھیجا ہم نے موسی کو جب پانی مانگا اُس سے
قَوْمُهُ أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ ط فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا
اُسکی قوم نے کہ مار اپنی لاٹھی سے اِس پتھر کو • تو پھوٹ نکلے اُس سے
عَشْرَةَ عَيْنًا ج قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ ط وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ
بارہ چشمے • پہچان لیا ہر ایک لوگوں نے اپنا گھاٹ • اور سایہ کیا ہم نے اُنپر
الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ط كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ
ابر کا اور اُتارا اُن پر من اور سلوا • کھاؤ ستھری چیزیں
مَا رَزَقْنَاكُمْ ط وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝
ہم نے روزی دی تمکو • اور ہمارا کچھ نہ بگاڑا لیکن اپنا برا کرتے رہے •
۱۶۱ وَإِذْ قِيلَ لَهُمُ اسْكُنُوا هَٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ
اور جب حکم ہوا اُن کو کہ بسو اُس شہر میں اور کھاؤ اُسمیں جہاں سے چاہو

نوبن پر تھے اور دوسرے اُمت اِنکی سے پیدا ہوئے یعنے کہ سے • اور یہود پر احکام سخت تھے اور کھانے کی چیزوں میں تنگی تھی اِسی دین میں وہ سب آسان ہوئی • اُسکو بوجھ اور پھانسی فرمایا • اور نور سے مراد قرآن اور شریعت ہی

ف • وہی لوگ تھے کہ جب حضرت تک پہنچے تو ایمان لائے جیسے عبد اللہ ابن سلام

وَقُولُوا حِطَّةٌ وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيئَاتِكُمْ ۚ

اور کہو گناہ اترے اور پیٹھو دروازے میں سجدہ کرتے تو بخشیں ہم تمہاری تقصیریں ۔

سَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ۝ فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ قَوْلًا ۱۶۲

آگے اور دینگے نیکی والوں کو ۔ ف ۔ سو بدل لیا بے انصافوں نے اُنمیں سے اور لفظ

غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا

سوا اُسکے جو کہدیا تھا پھر بھیجا ہم نے اُن پر عذاب آسمان سے بدلا اُنکی

يَظْلِمُونَ ۝ وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۱۶۳ ع

شرارت کا ۔ اور پوچھ اُنسے احوال اُس بستی کا کہ تھی کنارے دریا کے

إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ إِذْ تَأْتِيهِمْ حِيتَانُهُمْ يَوْمَ

جب حد سے بڑھنے لگے ہفتے کے حکم میں جب آنے لگیں اُن پاس مچھلیاں ہفتے کے

سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُونَ ۙ لَا تَأْتِيهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ ۚ نَبْلُوهُم

دن پانی کے اوپر اور جسدن ہفتہ نہو نہ آویں ۔ یوں ہم آزمانے لگے اُنکو

بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝ وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ ۱۶۴ النصف

اسواسطے کہ بے حکم تھے ۔ ف ۔ اور جب بولا ایک فرقہ اُنمیں کیوں نصیحت کرتے ہو ایک

قَوْمًا ۙ اللَّهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۖ قَالُوا

لوگونکو کہ اللہ چاہتا ہے اُنکو ہلاک کرے یا اُنکو عذاب کرے سخت ۔ بولے الزام

مَعْذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا ۱۶۵

اُتارنے کو تمہارے رب کے آگے اور شاید وے ڈریں ۔ ف ۔ پھر جب بھول گئے جو اُنکو

بِهِ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوءِ وَأَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا

سمجھایا تھا بچا لیا ہمنے جو منع کرتے تھے بُرے کام سے اور پکڑا گنہگاروں کو بُرے

بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝ فَلَمَّا عَتَوْا عَن ۱۶۶

عذاب میں بدلا اُنکی بے حکمی کا ۔ پھر جب بڑھنے لگے جس کام سے

ف ۔ یعنے ابھی ایک شہر فتح ہوا ہے آگے سارا ملیگا

ف ۔ حضرت داؤد کے عہد میں یہہ قصہ ہوا ہے ۔ یہود پر ہفتے کے دن شکار کرنا منع تھا ۔ اللہ نے اُس شہر والونکو بے حکم دیکھا لگا آزمانے ۔ ہفتے کے دن مچھلیاں اُوپر پھرتیں اور دنوں غایب رہتیں ۔ اُنکا تُرہ سکا آخر ہفتے کو شکار کیا ۔ ابتدا میں حیلہ کیا کہ کنارے دریا کے پانی کاٹ لاے کہ مچھلیاں وہاں بند ہو رہیں ۔ سو بھی مچھلیاں نہ آئیں ہفتے کی شام کو نکل جاتیں ۔ آخر ہفتے کے دن راہ بھاگ گئی بند کی اور اُنکو پکڑ لیا ۔ پھر وے لوگ بندر ہوگئے ۔ اِس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو حلال روزی نہ ملے اور حرام چاہے تو ملے ۔ تو اُسکو آزمایش ہے آخر روزی وبال ہوگی ۔ اور معلوم ہوا کہ حیلہ اللہ پاس کام نہیں آتا

ف ۔ اُن میں تین فرقے ہوئے ایک شکار کرنے ایک منع کرتے جاتے ایک تھک کر منع کرنا چھوڑ بیٹھے ۔ لیکن وہی بہتر تھے جو منع کرتے رہے

۱۶۶ مَا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ۝ وَإِذْ تَأَذَّنَ

منع ہوا تھا اُس سے حکم کیا کہ ہو جاؤ بندر پھٹکارے ف اور وہ وقت یاد کر کہ خبر کر دی

رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ يَسُومُهُمْ سُوءَ

تیرے رب نے البتہ بھیجتا رہیگا یہود پر قیامت کے دن تک کوئی شخص کہ دیا کرے اُنکو

الْعَذَابِ ۗ إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

بُری مار • تیرا رب شتاب سزا دیتا ہی • اور وہ بخشتا بھی ہی مہربان • ف •

۱۶۸ وَقَطَّعْنَاهُمْ فِي الْأَرْضِ أُمَمًا ۖ مِنْهُمُ الصَّالِحُونَ وَمِنْهُمْ دُونَ

اور متفرق کیا ہمنے اُن کو ملک میں کئی فرقے • بعضے اُن میں نیک اور بعضے اور

ذَٰلِكَ ۖ وَبَلَوْنَاهُمْ بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝

طرح کے • اور آزمایا اُنکو خوبیوں میں اور بُرائیوں میں شاید وے پھر آویں • ف

۱۶۹ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَرِثُوا الْكِتَابَ يَأْخُذُونَ

پھر اُنکے پیچھے آئے ناخلف وارث کتاب کے لیتے اسباب اِس ادنیٰ

عَرَضَ هَٰذَا الْأَدْنَىٰ وَيَقُولُونَ سَيُغْفَرُ لَنَا وَإِنْ يَأْتِهِمْ عَرَضٌ

زندگی کا اور کہتے ہیں کہ ہمکو معاف ہوگا • اور اگر ویسا ہی اسباب پھر آوے

مِثْلُهُ يَأْخُذُوهُ ۚ أَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِيثَاقُ الْكِتَابِ

تو لے لیویں • کیا اُنپر عہد نہیں لیا کتاب کے حق میں

أَنْ لَا يَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوا مَا فِيهِ ۗ

کہ نہ بولیں اللہ پر سوا سچ کے اور پڑھا اُنھوں نے جو لکھا ہی اِسمیں •

وَالدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝

اور پچھلا گھر بہتر ہی ڈر والوں کو • کیا تمکو بوجھ نہیں • ف •

۱۷۰ وَالَّذِينَ يُمَسِّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ إِنَّا لَا نُضِيعُ

اور جو لوگ پکڑ رہتے ہیں کتاب اور قائم رکھتے ہیں نماز • ہم ضایع نہ کرینگے

ف • منع کرنے والوں نے شکار کرنے والوں سے بیاہ موقوف کیا اور بیچ میں دیوار اُٹھائی • ایکدن صبح کو انکے دوسری طرف کی آواز نہ سنی دیوار پر سے دیکھا ہر گھر میں بندر • وے آدمیوں کو پہچان کر اپنے قرابت والوں کے پاؤں پر سر رکھتے اور روتے • آخر بُرے حال سے تین دن میں مر گئے

ف • توریت میں فرمایا تھا کہ جب حکم توریت چھوڑ دوگے تم پر اور بندے مسلط ہونگے • پھر قیامت تک تم ذلیل رہوگے • اب یہود کو کہیں حکومت نہیں غیر کی رعیت ہیں

ف • یہود کی دولت برہم ہوئی تو آپس کی مخالفت سے ہر طرف نکل گئے • اور مذہب مختلف پیدا ہوئے • یہہ احوال اِس اُمت کو سنایا ہی کہ یہہ سب کچھ اِنپر بھی ہوگا • حدیث میں فرمایا ہی کہ اِس اُمت میں بھی ویسے ہی بندر اور سؤر ہو جاوینگے • اللہ گمراہی سے پناہ دے

ف • پچھلے لوگ رشوت لیکر مسئلے غلط بتا دیتے اور اُمید رکھتے کہ ہم بخشے جاوینگے • حالانکہ پھر اسی کام کو حاضر • اللہ بخشے کسی کی جب باز آویں • اسباب زندگی دنیا کو فرمایا

أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ ۝ وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ ١٧١

ثواب نیکی والوں کا ۔ اور جس وقت اٹھایا ہمنے پہاڑ انکے اوپر جیسے سائبان

وَظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ ۚ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا

اور ڈرے کہ وہ گریگا اُن پر ۔ پکڑو جو ہمنے دیا ہی زور سے اور یاد کرتے رہو

مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ١٧٢ ع ٢

جو اُسمین ہی شاید تمکو ڈر ہو ۔ اور جس وقت نکالی تیرے رب نے آدم کے بیٹوں کی

ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ ۚ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۖ

پیٹھ میں سے انکی اولاد اور اقرار کروایا اُنسے اُنکی جان پر ۔ کیا میں نہیں ہوں رب تمہارا ۔

قَالُوا بَلَىٰ ۛ شَهِدْنَا ۛ أَنْ تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَٰذَا

بولے البتہ ۔ ہم قائل ہیں ۔ کبھی کہو قیامت کے دن ہمکو اسکی

غَافِلِينَ ۝ أَوْ تَقُولُوا إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً ١٧٣

خبر نہ تھی ۔ یا کہو کہ شرک تو کیا تھا ہمارے باپ دادوں نے پہلے اور ہم ہوئے اولاد

مِنْ بَعْدِهِمْ ۖ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ ١٧٤

اُنکے پیچھے ۔ تو ہمکو کیوں ہلاک کرتا ہی ایک کام پر کہ کیا ہی خطاوالوں نے ۔ ف ۔ اور یوں ہم

نُفَصِّلُ الْآيَاتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ١٧٥

کھولتے ہیں باتیں شاید وے لوگ پھر آویں ۔ ف ۔ اور سنا اُنکو احوال اُس شخص کا کہ ہمنے اُسکو

الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ

دیں اپنی آیتیں پھر اُنکو چھوڑ نکلا پھر پیچھے لگا اُسکے شیطان تو وہ ہوا

الْغَاوِينَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا وَلَٰكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ ١٧٦

گمراہوں میں ۔ اور ہم چاہتے تو اُسکو اٹھاتے اُن آیتوں سے لیکن وہ گر رہا زمین پر

وَاتَّبَعَ هَوَاهُ ۚ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ

اور چلا اپنی چاہ پر ۔ تو اُسکا حال جیسے کتا ۔ اسپر تو لادے

ف ۔ اللہ تعالی نے حضرت آدم کی پشت سے اُنکی اولاد اور اُسے اُنکی اولاد نکالی ۔ سب سے اقرار کروایا اپنی خدائی کا پھر پشت میں داخل کیا ۔ اِس سے مدعا یہ ہے کہ خدا کے ماننے میں ہر کوئی آپ کفایت ہی باپ کی تقلید نچاہیے ۔ اگر باپ شرک کرے تو بیٹا چاہیے ایمان لاوے ۔ اگر کسی کو شبہہ ہو کہ وہ عہد تو یاد نہیں رہا پھر کیا حاصل ۔ تو یوں سمجھے کہ اُسکا نشان ہر کسی کے دل میں ہی اور یہ زبان پر مشہور ہو رہا ہی کہ سب کا خالق اللہ ہی ۔ سارا جہان قائل ہی اور جو کوئی منکر ہی یا شرک کرتا ہی سو اپنی عقل ناقص کے دخل سے ۔ پھر آپ ہی جھوٹا ہوتا ہی

ف ۔ یہ قصہ یہود کو سنانا کہ وے (بھی) عہد سے پھرے ہیں جیسے مشرک پھرے ہیں

يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ط ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

تو ہانپے اور چھوڑ دے تو ہانپے • یہہ مثال ہی اُن لوگوں کی کہ جھٹلائیں

١٧٧ بِاٰيٰتِنَا ج فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ سَآءَ مَثَلَا نِ الْقَوْمُ

ہماری آیتیں • سو تو بیان کر احوال شاید وے دھیان کریں • ف بری کہاوت

١٧٨ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

اُن لوگوں کی کہ جھٹلائیں ہماری آیتیں اور اپنا ہی نقصان کرتے رہے • جسکو اللہ راہ دے

فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ج وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

وہی پاوے راہ • اور جسکو وہ بھٹکاوے سو وہی ہیں زیان میں •

١٧٩ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ز لَهُمْ قُلُوْبٌ

اور ہم نے پھیلا رکھے ہیں دوزخ کے واسطے بہت جن اور آدمی • اُنکے دل ہیں

لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ز وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ز وَلَهُمْ اٰذَانٌ

اُن سے سمجھتے نہیں • اور آنکھیں ہیں اُن سے دیکھتے نہیں • اور کان ہیں اُن سے

لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ط اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ط اُولٰٓئِكَ

سنتے نہیں • وے جیسے چوپائے بلکہ اُن سے زیادہ بیراہ • وہی لوگ ہیں

١٨٠ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ص

غافل • ف ٢ اور اللہ کے ہیں سب نام خاصے سو اُسکو پکارو وہی کہکر •

وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ط سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا

اور چھوڑ دو اُن کو جو کج راہ چلتے ہیں اُسکے ناموں میں • وے بدلا پاوینگے

١٨١ ع ١٣ يَعْمَلُوْنَ ۝ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ

اپنے کئے کا • ف ٣ اور ہماری پیدایش میں سے ایک لوگ ہیں کہ راہ بتاتے سچی

١٨٢ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

اور اُسی پر انصاف کرتے ہیں • ف ٤ اور جنہوں نے جھٹلائیں ہماری آیتیں

ف • حضرت موسیٰ کا لشکر چلا ایک بادشاہ پر • اُسکے ملک میں ایک درویش تھا صاحب تصرف بادشاہ نے اُس سے مدد چاہی • اُسکو باطن سے منع ہوا • پھر بادشاہ نے اُسکی عورت کو مال کی طمع دی • اسنے اُسکو راضی کرکر تھکا دیا اُن اپنے عمل جانے نہ دیکھے بادشاہ کو حیلہ سکھایا کہ اُس لشکر میں فاحشہ عورتیں بھیجے اور لوگ بدکاری کریں تو اُن پر لعنت پڑے • حق تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کی برکت سے حیلہ پیش نہ چلا یا لیکن سکھانے والا مردود ہوا • شاید دنیا میں یا آخرت میں اُسکو یہہ عذاب ہوا کہ کتے کی طرح زبان لٹک پڑی • حق تعالیٰ نے یہہ قصہ یہود کو سنایا کہ اگرچہ علم کامل اپنے پاس ہو کام تب آوے کہ آپ اُسکے تابع ہو • اور اگر آپ تابع ہو حرص کا اور چاہے کہ علم میرے کام آوے تو کچھ نہیں ہوتا • اور شاید یہہ بھی کتے کی مثال اُسمیں ہو کہ جب تک وہ حرص سے خالی تھا اُسکو باطن سے صحیح معلوم ہوا جب دل میں حرص پیٹھی تو

١٨٣ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَأُمْلِي لَهُمْ قف

اُنکو ہم سہج سہج پکڑ کر جائینگے جہان سے وے نہ جانینگے ۰ اور اُن کو فرصت دونگا ۰

١٨٤ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِهِمْ مِنْ جِنَّةٍ ط

بیشک میرا داؤ پکا ہی ۰ کیا دھیان نہین کیا انھون نے آنکے رفیق کو کچھ جنون نہیں ۰

١٨٥ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَنْظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ

وہ تو ڈرانے والا ہی صاف ۰ ف ۰۰ کیا نگاہ نہین کی سلطنت مین آسمان

وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ لا وَأَنْ عَسَى أَنْ يَكُونَ

و زمین کی اور جو الله نے بنائی ہی کوئی چیز اور یہہ کہ شاید نزدیک پہنچا ہو

قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ ج فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ۝

اُنکا وعدہ ۰ ۔ ۔ سو اُسکے پیچھے کس بات پر یقین لاوینگے ۰

١٨٦ مَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ ط وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ

جسکو الله بھٹکاوے اُسے کوئی نہین راہ دینے والا ۰ اور انکو چھوڑ رکھتا ہی انکی شرارت مین

١٨٧ يَعْمَهُونَ ۝ يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا ط

بہکتے ۰ ۔ تجھسے پوچھتے ہین قیامت کس وقت ہی اُسکا ٹھہراؤ ۰

قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي ج لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ط

تو کہہ اُسکی خبر تو ہی میرے رب ہی پاس ۰ وہی کھول دکھاویگا اُسکو اپنے وقت ۰

ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ط لَا تَأْتِيكُمْ إِلَّا بَغْتَةً ط

بھاری بات ہی آسمان و زمین مین ۰ تمپر آویگی تو بیخبر آویگی ۰

يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ط قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللَّهِ

تجھسے پوچھنے لگتے ہین گویا تو اُسکا تلاشی ہی ۰ تو کہہ اُسکی خبر ہی خاص الله پاس

١٨٨ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي

لیکن اکثر لوگ سمجھ نہین رکھتے ۰ تو کہہ مین مالک نہین اپنی جان کا

باطن سے معلوم نہوا یا ہوا تو مجمل معلوم ہوا اُسکو اپنی طبیعت کے موافق سمجھ لیا ۰ نقل مین ہی کہ جب وہ چلنے لگا تو چاہا کہ ادھر غیب سے کچھ معلوم ہو ۰ تب معلوم ہوا کہ جاوے جب راہ مین پہنچا تو ایک فرشتہ ملا شمشیر ننگی ہاتھہ مین ۰ اُسنے التجا کی کہ اگر حکم ہو تو نہ جاؤن ۰ کہا جا لیکن کچھ بددعا نہ کریو ۰ پھر بادشاہ پاس پہنچ کر بددعا لگا کرنے ۰ منہہ سے خود بخود دعا نیک نکلنے لگی حضرت موسیٰ کے لشکر کو ۰ تب ناچار وہ حیلہ سکھایا

ف ۲ ۰ یعنے خدا اور رسول کو پہچاننا اور حکم سیکھنے ہر کسی پر فرض ہین ۰ نہ کرے تو دوزخ مین جاوے

ف ۳ ۰ یعنے الله نے اپنے وصف بتائے ہین کہ مناجات مین وہ کہہ کر پکارو کہ متوجہ ہو ۰ اور کج راہ نہ چلو کج راہ یہہ کہ جو صفت نہین بتائی وہ کہہ ۰ جیسے الله کو برا لمبا لمبا نہین کہا یا قد ہم کہا پر انا نہ کہا ۰ اور ایک کج راہ یہہ ہی کہ اُنکو سحر مین چلادے ۰ وے اپنے کئے کا بدلا پاوینگے ۰ یعنے قرب خدا نہ ملیگا وہ مطلب ملیگا بھلا یا برا

ف ۴ ۰ یعنے شرع پر

ف ۵ ۰ رفیق فرمایا پیغمبر کو کہ ہمیشہ اُنکے پاس ہی ۰ اور وے اُسکے حال سے واقف ہین

نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

بھلے کا نہ برے کا مگر جو اللہ چاہے • اور اگر میں جانا کرتا غیب کی بات

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ

تو بہت خوبیاں لیتا • اور مجھکو برائی کبھی نہ پہنچی • میں تو یہی ہوں ڈر

۱۸۹ ع ۱۴

وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ

اور خوشی سنانے والا مانتے والوں کو • وہی ہے جسنے تمکو بنایا ایک جان سے

وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا

اور اُسی سے بنایا اُسکا جوڑا کہ اُس پاس آرام پکڑے • پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانکا

حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا

حمل رہا ہلکا سا حمل پھر ترھتی رہی اُس کے ساتھ • پھر جب بوجھل ہوئی دونو نے پکارا

۱۹۰

اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝

اللہ اپنے رب کو اگر تو ہمکو بخشے چنگا بھلا تو ہم تیرا شکر کریں •

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

پھر جب دیا اُن کو چنگا بھلا ٹھہرانے لگے اُسکے شریک اُسکی بخشی چیز میں • سو اللہ اوپر ہی

۱۹۱

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ

اُنکے شریک بتانے سے • ف • کیونکر شریک بتاتے ہیں جو پیدا نہ کریں ایک چیز اور آپ

۱۹۲

يُخْلَقُوْنَ ۝ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝

پیدا ہوتے ہیں • اور نہ کر سکتے ہیں اُنکی مدد نہ اپنی مدد کریں •

۱۹۳

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ

اور اگر اُنکو پکارو راہ پر نہ چلیں تمہاری پکار پر • برابر ہی تمکو

۱۹۴

اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

کہ اُنکو پکارو یا چپکے رہو • جن کو تم پکارتے ہو

ف • بعضے کہتے ہیں حضرت آدم وحوا پر یہہ گذرا اول جو حمل ہوا • ابلیس وہاں ایک نیک مرد کی صورت بنکر آیا • اور ڈرایا کہ تیرے پیٹ میں شاید کچھ بلا ہی • جب دونو دعا کرنے لگے تب کہا کہ میری دعا سے یہہ بلا بدل کر بیٹا پیدا ہوگا • اُسکا نام رکھیو عبد الحارث • حارث شیطان کا نام تھا دیکہا اِس قصے میں

مِن دُونِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا

اللہ کے سوا سب بندے ہین تم جیسے بھلا پکارو اُن کو تو چاہئے قبول کرین

لَكُمْ اِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا اَمْ لَهُمْ ۱۹۵

تمھارا پکارنا اگر تم سچے ہو ۔ کیا اُنکے پانون ہین جس سے چلتے ہین ۔ یا اُن کے ہاتھ ہین

اَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ

جس سے پکڑتے ہین ۔ یا اُن کی آنکھین ہین جس سے دیکھتے ہین ۔ یا اُن کے کان ہین

يَسْمَعُونَ بِهَا ط قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ فَلَا تُنظِرُونِ ۝

جس سے سنتے ہین ۔ تو کہہ پکارو اپنے شریکون کو پھر برا کرو میرے حق مین اور مجھکو ڈھیل نہ دو ۔

اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ ۝ ۱۹۶

میرا حمایتی اللہ ہی جن نے اُتاری کتاب ۔ اور وہ حمایت کرتا ہی نیک بندون کی ۔

وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَا اَنفُسَهُمْ ۱۹۷

اور جنکو تم پکارتے ہو اُسکے سوا نہین کر سکتے تمھاری مدد اور نہ اپنی جان بچا

يَنصُرُونَ ۝ وَاِن تَدْعُوهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوا ط وَتَرٰىهُمْ ۱۹۸

سکین ۔ اور اگر اُنکو پکارو راہ کی طرف کچھ نہ سنین ۔ اور تو دیکھے

يَنظُرُونَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۝ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَ ۱۹۹

کہ تکتے ہین تیری طرف اور کچھ نہین دیکھتے ۔ خو پکڑ معاف کرنا اور کہہ نیک کام کو اور

اَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ۝ وَاِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ ۲۰۰

کنارہ کر جاہلون سے ۔ اور کبھی اُبھارے تجکو شیطان کی چھیڑ

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ط اِنَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ اِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ ۲۰۱

تو پناہ پکڑ اللہ کی ۔ وہی سنتا جانتا ۔ ف ۔ جو لوگ ڈر رکھتے ہین جب ان پر گیا اُپر

طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَاِذَا هُم مُّبْصِرُونَ ۝ وَ ۲۰۲

شیطان کا گذر چونک گئے پھر تبھی اُنکو سوجھ آگئی ۔ اور جو شیطانون کے

پیغمبرون سے شرک ثابت ہوتا ہی ۔ یا یہہ قصہ غلط ہی ۔ اس آیت مین مرد و عورت کو فرمایا ہی آدم و حوا کو نہین کو اول ذکر انکا ہو چکا ۔ یا یون کہئے کہ جو کچھ انسانون مین ہونا مقدر تھا وہ حضرت آدم مین اول ظہور پکڑ گیا ۔ اسمین دبے ہوئے تقدیر تھے ۔ اولاد کے گناہ اُسمین نظر آئے جیسے آئینہ مین صورت ۔ چنانچہ نفس کی خواہش اور اللہ کی بے حکمی اور کہہ کر بھول جانا اور دیکر مُنکر ہونا یہہ سب اولاد کی خوبین اُن مین نظر آچکین

ف ۔ یعنے نیک کام کو کہئے اور جاہلون سے برے نہ ہوئے لڑنے لگئے نہین تو آپ بھی جاہل بنا ۔ اور کار رحمن مین کار شیطان آیا ۔

۲۰۳ اِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ۝ وَاِذَا لَمْ
بھائی ہیں دیتاؤں کو کھینچے جاتے ہیں غلطی میں پھر وے کمی نہیں کرتے۔ اور جب تو لیکر نہ دے
تَأْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۭ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ
اُن پاس کوئی آیت کہیں کچھ چھانٹ کیوں نہ لایا۔ تو کہہ میں چلتا ہوں اُسی پر جو حکم
مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى
آوے مجکو میرے رب سے یہہ سوجھہ کی باتیں ہیں تمھارے رب کی طرف سے اور راہ کی

۲۰۴ وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَ
اور مہر ہی اُن لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں۔ اور جب قران پڑھا جاوے تو اُسطرف کان رکھو اور

۲۰۵ اَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ
چپ رہو شاید تمپر رحم ہو۔ ف اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو دل میں
تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ
گڑگڑاتا اور ڈرتا اور پکارنے سے کم آواز بولنے میں صبح اور شام کے وقتوں

۲۰۶ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ
اور مت رہ بے خبر۔ جو لوگ پاس ہیں تیرے رب کے
لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۝ سجدہ
بڑائی نہیں کرتے اُسکی بندگی سے اور یاد کرتے ہیں اُسکی پاک ذات کو اور اُسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

اور اگر ایسے وقت شیطان چھیڑ کرے تو جب یاد آوے شتاب پناہ پکڑے اللہ کی۔ اور سنبھل جاوے اپنی جہل میں چلا نہ جاوے

ف یعنی جب کوئی قران پڑھے اور دن پر یہہ ادب واجب ہی کہ نہیں نہ کریں دھیان سے سنیں شاید دل میں اثر کرے۔ اور اگر پڑھنے والا ماں کی ہوس میں پکار کر پڑھنے لگے تو اُسی دعا ہی

کلمات	سورۃ الانفال مدنیہ خمس و سبعون آیۃ	حروف
۲۳۲۵	سورت انفال مدینے میں نازل ہوئی پچھتر آیت کی ہی	۵۲۱۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۱ ۱ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ۭ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ
تجھسے پوچھتے ہیں حکم غنیمت کا۔ تو کہہ مال غنیمت اللہ کا ہی اور رسول کا سو ڈرو اللہ سے

وَأَصْلِحُوا ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَأَطِيعُوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ إِن كُنتُم
اور صلح کرو آپس میں اور حکم میں چلو اللہ کے اور اُسکے رسول کے اگر ایمان

۲ مُؤْمِنِينَ ۝ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ
رکھتے ہو • ف • ایمان والے وہی ہیں کہ جب نام آوے اللہ کا ڈر جاوین

قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ
اُنکے دل اور جب پڑھئے اُن پاس اُسکے کلام زیادہ ہووے اُنکا ایمان اور اپنے

۳ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ
رب پر بھروسا رکھتے ہیں • جو کھڑی رکھتے ہیں نماز اور ہمارا دیا کچھ خرچ

۴ يُنفِقُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَّهُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ
کرتے ہیں • وہی ہیں سچے ایمان والے • اُن کے واسطے درجے ہیں اُن کے

۵ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِن
رب پاس اور معافی اور روزی آبرو کی • جیسے نکالا تجکو تیرے رب نے

بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ لَكَارِهُونَ ۝
تیرے گھر سے درست کام پر • اور ایک جماعت ایمان والی راضی نتھی • ف •

۶ يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَمَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى
تجہسے جھگڑتے تھے درست بات میں واضح ہوچکے پیچھے گویا اُنکو ہانکتے ہیں

۷ الْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ ۝ وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ
موت کی طرف آنکھون دیکھتے • اور جسوقت وعدہ دیتا تہا اللہ تمکو دو جماعت میں سے کہ

أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ
ایک تمکو ہاتھہ لگے اور تم چاہتے تھے کہ جسمین کانٹا نہ لگے وہ تمکو ملے اور

وَيُرِيدُ اللّٰهُ أَن يُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِينَ ۝
اللہ چاہتا تہا کہ سچا کرے سچ کو اپنے کلامون سے اور کاٹے پیچھا کافرون کا • ف •

ف • جنگ میں بعضے آگے بڑھے اور بعضے پُشت پر رہے • جب غنیمت جمع ہوئی بڑھنے والون نے کہا یہہ حق ہمارا ہی کہ فتح ہمسے کی • اور پُشتی والون نے کہا ہم ہماری قوت سے لڑتے • حق تعالی نے دونو کو خاموش کیا کہ فتح اللہ کی مدد سے ہی زور کسی کا پیش نہین جاتا • سو مال کا اللہ ہی اور نایب اُسکا رسول ہی • پھر آگے بہت دور تک یہی بیان فرمایا کہ فتح اللہ کی مدد سے ہی اپنی قوت سے نہ سمجھو

ف • یعنے غنیمت کا جھگڑا بھی ویسا ہی ہی جیسا نکلتے وقت عقل کی تدبیرین کرنے لگے • اور آخر صلاح وہی ٹھہری جو رسول نے فرمایا • تو ہر کام مین یہی اختیار کر دکر حکم برداری مین اپنی عقل کو دخل نہ دو

ف • حضرت نے فرمایا تہا کہ •

۸ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ۚ

تا سچا کرے سچ کو اور جھوٹا کرے جھوٹ کو اگرچہ راضی ہوں گنہگار۔

۹ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ

جب تم لگے فریاد کرنے اپنے رب سے تو پہنچا تمہاری پکار کو کہ میں مدد بھیجونگا تمہاری ہزار

۱۰ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝ وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ

فرشتے لگاتار آنیوالے ۔ اور یہہ تو دی اللہ نے فقط خوشخبری

وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۚ

اور تا چین پکڑیں دل تمہارے ۔ اور مدد نہیں مگر اللہ کی طرف سے۔

۱۱ ع۱۶ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِنْهُ

بیشک اللہ زورآور ہے حکمت والا۔ جسوقت ڈال دی تمپر اونگھ اپنی طرف سے تسکین کو

وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لِيُطَهِّرَكُمْ بِهِ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ

اور اتارا تم پر آسمان سے پانی کہ اس سے تمکو پاک کرے اور دور کرے تم سے

رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ۝

شیطان کی نجاست اور مضبوط گرہ دے تمہارے دلوں پر اور ثابت کرے تمہارے قدم۔ ف

۱۲ إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ

جب حکم بھیجا تیرے رب نے فرشتوں کو کہ میں ساتھ ہوں تمہارے سو تم دل ثابت کرو

آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ

مسلمانوں کے ۔ میں ڈال دونگا دل میں کافروں کے دہشت

فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۝

سو مارو اوپر گردنوں کے اور کاٹو اُن کے پور پور۔ ف

۱۳ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَنْ يُشَاقِقِ اللَّهَ

یہہ اسواسطے کہ وے مخالف ہوئے اللہ کے اور اُسکے رسول کے۔ اور جو کوئی مخالف ہو اللہ کا

قافلہ یا دو ہمارے ہاتھ آئیگی۔ لوگ چاہتے تھے کہ قافلہ ہاتھ آوے۔ اور بہتر یہی ہوا کہ کفر کا زور ٹوٹا

ف۔ جب دو لشکر مقابل ہوئے۔ رات کو مسلمانوں کو حاجت غسل ہوگئی اور پانی پینے کا بھی نہ تھا اور زمین ریت تھی جہاں پاؤں نہ ٹھہرتے۔ صبح کو لڑائی درپیش تھی ڈیلے پڑتے دیکھکر مسلمان ڈرے کہ آثار شکست کے ہیں۔ اُسوقت باران کامل برسا کہ غسل اور پیاس کو کافی ہوا اور زمین جم گئی اور ایک اونگھ آپڑی اُس سے چونکے تو دل کا خوف جاتا رہا

ف۔ کافروں کے دل قابل نہیں فرشتوں کے الہام کے۔ سو رعب ڈالا اپنی طرف لیا۔ اور مسلمانوں کے دل ثابت۔

کرنے کو حکم فرمایا۔ اور اُس جنگ مین فرشتے ہاتھوں سے بھی لڑے ہین

ف • یعنے جب میدان مین مقابلہ ہو تو بھاگنا اشد گناہ ہی• اور جو دو پر ہو یا غارت تو بھاگنا روا ہی

ف • جب لڑائی کی سختی ہوئی تب حضرت نے ایک مٹھی کنکریان اُس لشکر کی طرف پھینکین • اللہ کی قدرت سے ہر کسیکی آنکھ مین خاک پہنچی اُسکے بعد شکست کھائی • یہہ فرمایا کہ مسلمان سمجھین کہ فتح ہماری قوت سے نہین سب اللہ کی مدد سے ہی • تو کسی بات مین اپنا دخل نہ کرین

۱۴ وَرَسُولَهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ ذٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ

اور اُسکے رسول کا تو اللہ کی مار سخت ہی • یہہ تم چکھہ لو

۱۵ وَاَنَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ۝ يَآاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اِذَا

اور جان رکھو کہ منکرون کو ہی عذاب دوزخ کا • ای ایمان والو جب

لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْاَدْبَارَ ۝ج

بھڑو تم کافرون سے میدان جنگ مین تو مت دو اُن کو پیٹھ • ف •

۱۶ وَمَنْ يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِقِتَالٍ اَوْ

اور جو کوئی اُن کو پیٹھ دے اُس دن مگر یہہ کہ ہنر کرتا ہو لڑائی کا یا

مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ ط

جا ملتا ہو فوج مین سو وہ لے پھرا غضب اللہ کا اور اُسکا ٹھکانا دوزخ ہی •

۱۷ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ص

اور کیا بُری جگہہ جا ٹھہرا • سو تمنے اُن کو نہین مارا لیکن اللہ نے مارا •

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ج وَلِيُبْلِيَ

اور تونے نہین پھینکی مٹھی خاک جسوقت پھینکی تھی لیکن اللہ نے پھینکی • اور کیا چاہتا تھا

الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلَاءً حَسَنًا ط اِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝

ایمان والون پر اپنی طرف سے خوب احسان • تحقیق اللہ ہی سُنتا جانتا • ف •

۱۸ ۱۹ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوهِنُ كَيْدِ الْكَافِرِينَ ۝ اِنْ تَسْتَفْتِحُوا

یہہ تو ہو چکا اور جان رکھو کہ اللہ سُست کریگا تدبیر کافرون کی • اگر تم چاہو فیصلہ

فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ ج وَاِنْ تَنْتَهُوا فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ج

سو پہنچ چکا تمکو فیصلہ • اور اگر باز آؤ تو تمہارا بھلا ہی •

وَاِنْ تَعُودُوا نَعُدْ ج وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَلَوْ كَثُرَتْ ط

اور اگر پھر کروگے تو ہم بھی پھر کرینگے • اور کام نہ آویگا تمکو تمہارا جتھا اگرچہ بہت ہون •

وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ ۲۰ ع ۱۷

اور جانو کہ اللہ ساتھ ہی ایمان والون کے ٭ ف ٭ ای ایمان والو حکم پر چلو اللہ کے

وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا ۲۱

اور اُسکے رسول کے اور اُس سے مت پھرو سُنکر ٭ اور ویسے مت ہو

كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ اِنَّ شَرَّ ۲۲

جنھون نے کہا کہ ہمنے سُنا اور وے سُنتے نہین ٭ ف ٭ بد تر

الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

سب جاندارون مین اللہ کے پاس وہی بہرے گونگے ہین جو نہین بوجھتے ٭ ف ٭

وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ ۲۳

اور اگر اللہ جانتا اُن مین کچھ بھلائی تو اُنکو سُنا تا ٭ اور جو اب اُنکو سُنا دے تو

لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا ۲۴

اُلٹے بھاگین مُنھہ پھیر کر ٭ ف ٭ ای ایمان والو مانو حکم

لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْۤا

اللہ کا اور رسول کا جسوقت بُلاوے تمکو ایک کام پر جسمین تمھاری زندگی ہی ٭ اور جان لو

اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

کہ اللہ روک لیتا ہی آدمی سے اُسکے دل کو اور یہہ کہ اُسی پاس تم جمع ہوگے ٭ ف ٭

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ ۲۵

اور بچتے رہو اِس فساد سے کہ نہ پڑیگا تم مین سے ظالمون پر

خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

چُن کر ٭ اور جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہی ٭ ف ٭

وَاذْكُرُوْۤا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ ۲۶

اور یاد کرو جسوقت تم تھوڑے تھے مغلوب پڑے ہوئے ملک مین ڈرتے تھے

ف ٭ مکے کی سورتون مین یہہ آگاہ کافرونکا کلام نقل فرمایا کہ ہمپر آتی کیون نہین ہی الفتح یعنے کب ہوگا یہہ فیصلہ ٭ سو اب جواب فرمایا کہ یہہ فیصلہ آپہنچا ٭ اور اگر باز آؤ ٭ یعنے کفر سے ٭ اور اگر پھر کروگے ٭ یعنے لڑائی ٭ تو ہم پھر کرینگے ٭ یعنے مدد

ف ٭ یعنے جیسے یہودنے حکم توراۃ زور آوری قبول کیا اور دل سے نا قبول رکھا ٭ ویسے منافق زبان سے حکم بردار ہین اور دل سے نہین

ف ٭ یعنے جانورون سے بھی بدتر ہین وے آدمی کہ دین حق کو نہ سمجھین

ف ٭ یعنے اللہ نے اُنکے دل مین ہدایت کی لیاقت نہیں رکھی ٭ جسمین لیاقت رکھی ہی اُنہین کو ہدایت دیتا ہی ٭ اور جو بے لیاقت والے ہین سو سنتے ہین تو انکار کرتے ہین

٭ اِس آیت کے معنے دوسرے نے یون ترجمہ کیا ہی ٭ اللہ ہر شخص کے اور اُسکے دل کے بیچ مین سماتا ہی

ف ٭ یعنے حکم بجا لانے مین دیر مکرو ٭ شاید اُسوقت دل ایسا نہ رہے ٭ دل اللہ کے ہاتھہ ہی اور اللہ اول کسی کے دل کو روکتا نہیں اور مہر نہیں کرتا ٭ جب بندہ کاہلی کرے تو اُسکی جزا مین روک دیتا ہی ٭ یا صد

اَنْ يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ

کہ اچک لیں تمکو لوگ پھر اُسنے تمکو جگہہ دی اور زور دیا اپنی مدد سے اور روزی دی تمکو

مِنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا ۲۷

ستھری چیزیں شاید تم حق مانو ۰ ف ۱۰۳ ای ایمان والو چوری نکرو

اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْۤا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

اللہ سے اور رسول سے باچوری کرو آپس کی اماتوں میں جان کر ۰

وَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ ۲۸

اور جان لو کہ تمہارے مال اور اولاد جو ہیں خراب کرنے والے ہیں اور یہہ کہ اللہ کے پاس

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ ۲۹

بڑا ثواب ہی ۰ ف ۰ ای ایمان والو اگر ڈرتے رہوگے اللہ سے توکر دیگا تم میں

ع ۱۸

فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

فیصلہ اور اتار دیگا تم سے تمہارے گناہ اور تمکو بخشیگا ۰ اور اللہ کا فضل

الْعَظِيْمِ ۝ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ ۳۰

بڑا ہی ۰ ف ۰ اور جب فریب بنانے لگے کافر کہ تجھکو تھام دیں

اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ

یا مار ڈالیں یا نکال دیں اور وہ بھی فریب کرتے تھے اور اللہ بھی فریب کرتا تھا اور اللہ کا فریب

الْمٰكِرِيْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ ۳۱

سب سے بہتر ۰ ف ۱۰۲ اور جب کوئی پڑھے اُنپر ہماری آیتیں کہیں ہم سن چکے ہم چاہیں تو

لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَاۤ ۙ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالُوا ۳۲

کہہ لیں ایسا یہہ کچھ نہیں مگر احوال ہیں پہلوں کے ۰ ف ۱۰۳ اور جب کہنے لگے

اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً

کہ یا اللہ اگر یہی دین حق ہی تیرے پاس سے تو ہم پر برسا آسمان سے

کرے حق پرستی نہ کرے تو مہر کر دیتا ہی

ف ۱۰۲ یعنے لکم میں کاہلی کرنے سے ایک تو دل ہٹتا ہی دمبدم ۰ اور وہ کام زیادہ مشکل پڑتا ہی ۰ دوسرے بیکونکی کاہلی سے کبھہ گاہ بالکل چھوڑ دینگے تو رسم مٹ جائیگی اللہ کا نام سب پر ہے جب مین دلیرستی کریں تو آگے ہی باقی ۰ پھر نہ رہے تو دلیر بھی نہ تھام سکیں

ف ۱۰۳ ستھری چیزیں یعنے مال غنیمت

ف ۰ چوری اللہ رسول کی یہہ بھی ہی کہ چھپکر کافروں سے ملیں اپنے مال و اولاد کی بچاؤ کو ۰ جیسے مہاجرین کہ اُنمیں اکثر ولکے گھر مکے میں تھے ۰ اور یہہ بھی ہی کہ مال غنیمت چھپا رکھیں سردار پاس ظاہر نکریں

ف ۰ شاید فتح بدر میں مسلمانوں کے دل میں آیا ہو کہ یہہ فتح اتفاقی ہی حضرت سے مخفی کافروں پر احسان کریں کہ ہمارے گھر بار کو نہ ستاویں ۰ سو پہلی آیت میں چوری کو منع فرمایا ۰ اور دوسری آیت میں تسلی دی کہ آگے فیصلہ ہو جاویگا تمہارا گھر بار کافروں میں گرفتار نہ ہوگا

ف ۱۰۲ یعنے تدبیر کر رکھیں ۰

۳۳ مِنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ

پتھر یا ہم پر دُکھہ کی مار ف۱۰۳ اور اللہ ہرگز نہ عذاب کرتا اُن کو

۳۴ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ط وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝ وَمَا

جب تک تو تھا اُن میں اور اللہ نہ عذاب کرنگا اُن کو جب تک بخشواتے ہیں ف۱۰۴ اور اُن میں

لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

کیا ہی کہ عذاب نکرے اُن کو اللہ اور وے روکتے ہیں مسجد حرام سے

وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ط اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ

اور اُسکے اختیار والے نہیں ف۱۰۵ اُسکے اختیار والے وہی ہیں جو پرہیزگار ہیں لیکن

۳۵ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا

وے اکثر خبر نہیں رکھتے ف۱۰۶ اور اُنکی نماز کچھ نتھی کعبے کے پاس مگر

مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ط فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝

سیٹیاں بجانی اور تالیان سو چکھو عذاب بدلا اپنے کفر کا

۳۶ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

جو لوگ کافر ہیں خرچ کرتے ہیں اپنے مال کہ روکیں اللہ کی راہ

اللّٰهِ ط فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۝

سے سو ابھی اور خرچ کرینگے پھر آخر ہوگا اُن پر پچتاوا اور آخر مغلوب ہونگے

۳۷ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ۝ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ

اور جو کافر ہیں دوزخ کو ہانکے جاوینگے تا جُدا کرے اللہ ناپاک کو

مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ

پاک سے اور رکھے ناپاک کو ایک پر ایک پھر اُسکو

۳۸ ع۱۹ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ قُلْ

ڈھیر کرے سارا پھر ڈالے اُسکو دوزخ میں وہی لوگ ہیں نقصان پانے والے ف۱۰۷ تو کہدے

معلوم ہوا کہ جیسے اللہ نے پیغمبر کو بچا لیا چاہے تو تمہارے گھر بار کو بچا رکھے

ف۱۰۳ یعنے ہمیشہ یہہ کہتے تھے اب تو دیکھہ لیا کہ یہہ قصے نہ تھے وعدۂ عذاب پھر بھی آیا جیسے پہلوں پر آیا تھا

ف۱۰۴ ابو جہل جب مکے سے نکلنے لگا تو یہی دعا کعبے کے سامنے دی پیش آئی

ف۱۰۵ یعنے مکے میں حضرت کے قدم سے عذاب اٹکا رہا تھا اب اُنپر عذاب آیا اسی طرح جب تک گنہگار نادم رہے اور توبہ کرتا رہے تو پکڑا نہیں جاتا اگرچہ بڑے سے بڑا گناہ ہو حضرت نے فرمایا کہ گنہگاروں کو دو چیز پناہ ہیں ایک میرا وجود اور دوسری استغفار

ف۱۰۶ قریش آپ کو اولاد ابراہیم سمجھہ کر کعبے کے مختار ٹھہرائے تھے اور مسلمانوں کو آنے نہ دیتے سو فرمایا کہ اولاد ابراہیم میں جو پرہیزگار ہوا اُسی کا حق ہے اور بے انصافوں کا حق نہیں کہ جس سے آپ ناخوش ہوئے نہ آنے دیا

ف۱۰۷ یعنے آہستہ آہستہ اسلام غالب کریگا اس بیچ میں کافر اپنا زور جان و مال کا خرچ کرینگے تا نیک و بد جدا ہو جاوے یعنے کسی کی قسمت میں الزام لکھا ہی وے سب مسلمان

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ج وَاِنْ

کافروں کو اگر باز آویں تو معاف ہو اُن کو جو ہو چکا۔ اور اگر

يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى ۳۹

پھر وہی کرینگے تو پڑ چکی ہے راہ اگلوں کی۔ اور لڑتے رہو اُن سے جب تک

لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ج فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

نہ رہے فساد اور ہو جاوے حکم سب اللہ کا۔ پھر اگر وے باز آویں تو اللہ

بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ط ۴۰

اُن کے کام دیکھتا ہے۔ اور اگر وے نہ مانیں تو جان لو کہ اللہ ہے حمایتی تمہارا۔

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۴۱

کیا خوب حمایتی ہے اور کیا خوب مددگار۔ ف۔ اور جان رکھو کہ جو غنیمت لاؤ کچھ چیز

فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

سو اُس میں سے پانچواں حصہ اللہ کے واسطے اور رسول کے اور قرابت والے اور یتیم کے

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ لا اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ

اور محتاج کے اور مسافر کے اگر تم یقین لائے ہو اللہ پر اور اُس چیز پر

اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ط وَاللّٰهُ

جو ہم نے اُتاری اپنے بندے پر جس دن فیصلہ ہوا جس دن بھڑیں دو فوجیں۔ اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ ۴۲

سب چیز پر قادر ہے۔ ف۔ جس وقت تم تھے ورلے کنارے اور وے پرلے

الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ط وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ

کنارے اور قافلہ نیچے اتر گیا تم سے۔ اور اگر آپس میں تم وعدے کرتے تو نہ پہنچتے

فِي الْمِيْعٰدِ لا وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۝ لِّيَهْلِكَ

وعدے پر لیکن اللہ کو کر ڈالنا ایک کام جو ہو چکا تھا۔ تا مرے

سو ٹلیں۔ اور منکروں کو مرنا ہی وہی اکٹھے دوزخ میں جاویں

الجزو العاشر

ف۔ لڑو جب تک فساد رہے۔ یعنے کافروں کا زور رہے کہ ایمان سے روک نہ سکیں

ف۔ یعنے اللہ نے اپنے رسول پر فتح و نصرت اتاری جس سے تم غالب ہوئے۔ اور اللہ قادر ہے کہ آگے اور فتحیں دیوے۔ سو مال جو دشمن سے لڑ کر لیوں وہ غنیمت ہے۔ اُس میں پانچواں حصہ نیاز اللہ کی ہے واسطے خرچ رسول کے۔ اور رسول

مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ ط وَاِنَّ اللّٰهَ

جو مرنا ہی سو جھکر اور جیوے جو جیتا ہی سو جھکر • اور اللہ

۴۳ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ط وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ

سنتا ہی جانتا • ف • جب اللہ نے اُنکو دکھایا تیرے خواب میں تھوڑے • اور اگر وہ تجھکو

كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ط

بہت دکھاتا تم لوگ نامردی کرتے اور جھگڑا ڈالتے کام میں لیکن اللہ نے بچا لیا •

۴۴ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ

اُسکو معلوم ہی جو بات ہی دلوں میں • اور جب تمکو دکھائی وہ فوج

اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ

وقت ملاقات کے تمھاری آنکھوں میں تھوڑی اور تمکو تھوڑا دکھایا اُنکی آنکھوں میں

۴۵ ع لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

تا کر ڈالے اللہ ایک کام جو ہو چکا تھا • اور اللہ تک پہنچ ہی ہر کام کی • ف •

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو جب بھڑو تم کسی فوج سے تو ثابت رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو

۴۶ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۚ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

شاید تم مراد پاؤ • ف • اور حکم مانو اللہ کا اور اُسکے رسول کا

وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ط اِنَّ اللّٰهَ

اور آپس میں نہ جھگڑو پھر نامرد ہو جاؤ گے اور جاتی رہیگی تمھاری باؤ اور ٹھہرے رہو • اللہ

۴۷ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

ساتھ ہی ٹھہرنے والوں کے • ف • اور مت ہو جیسے وے لوگ کہ نکلے اپنے گھروں سے

بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ

اِترانے اور لوگوں کو دکھانے اور روکتے اللہ کی راہ سے • اور اللہ کے

تو خرچ ہی اپنی ذات کا اور قرابت والونکا اور جمیع مسلمانونکا • اور بعد حضرت کے ہی خرچ ہونے ہیں سردار کو • اور وہاں سبھ سے زیادہ سارا خرچ مسلمانونکا • پھر غنیمت میں چار حصے دیے ہو لشکر کو تقسیم کرنا • سوار کو دو حصے پیادے کو ایک

ف • یعنے قریش اپنے قافلے کی مدد کو آئے تھے • اور ہم قافلے کی غارت کو قافلہ بچ گیا • اور دو فوجیں ایک میدان کے دو کناروں پر آ اتریں • ایک کو دوسرے کی خبر نہیں یہ تدبیر اللہ کی تھی • اگر تم قصد اجاتے تو ایسا بر وقت نہ پہنچتے • اور اس فتح کے بعد کافروں پر صدق پیغمبر کا کھل گیا • جو مرا وہ بھی یقین جانکر مرا اور جو جیا رہا وہ بھی حق پہچان کر • تا اللہ کا الزام پورا ہو

ف • پیغمبر کو خواب میں کافر تھوڑے دکھلائے • اور مسلمانونکو مقابلے کے وقت نا جرأت سے لڑیں • پیغمبر کا خواب غلط نہیں • انمیں کافر رہنے والے تھوڑے تھے • اکثر وے تھے جو پیچھے مسلمان ہوئے

ف • یعنے مدد اللہ کی چاہو تو اسباب ظاہر سے نہیں • وہی استقامت اور یاد اللہ کی اور حکم برداری سردار کی اور ایک جماعت رہنا چاہیے

ف • باؤ بندھی رہیگی • یعنے اقبال

سے ادبار آویگا

ف • جہاد عبادت ہی • پر اِترادے یاد کھادے کو کرے تو قبول نہیں

•

بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝ وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ ۴۸
قابو مین ہی جو کرتے ہین • ف • اور جسوقت سنوارے لگا شیطان اُنکی نظر مین اُنکے کام اور بولا

لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَاءَتِ
کوئی غالب نہو گا تم پر آج کے دن لوگون مین اور مین رفیق ہون تمہارا • پھر جب سامھنے ہوئین

الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ
دو فوجین اُلٹا پھرا اپنی ایڑیون پر اور بولا مین تمہارے ساتھ نہین

مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ ۚ وَاللَّهُ
مین دیکھتا ہون جو تم نہین دیکھتے مین ڈرتا ہون اللہ سے • اور اللہ کا

شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم ۴۹ ع ۳
عذاب سخت ہی • ف • جب کہنے لگے منافق لوگ اور جنکے دلمین

مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ
آزار ہی یے لوگ مغرور ہین اپنے دین پر • اور جو کوئی بھروسا کرے اللہ پر

فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ ۵۰
تو اللہ زبردست ہی حکمت والا • ف • اور کبھی تو دیکھے جسوقت جان لیتے ہین

كَفَرُوا ۙ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ج
فرشتے کافرون کی مارتے ہین اُن کے مُنہہ پر اور پیچھے •

وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ ۵۱
اور چکھو عذاب جلنے کا • یہہ بدلا ہی اُسی کا جو تم نے بھیجا اپنے ہاتھون

وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ ۵۲
اور اسو اسطے کہ اللہ ظلم نہین کرتا بندون پر • جیسے دستور فرعون والون کا

وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ
اور جو اُن سے پہلے تھے • منکر ہوئے اللہ کی باتون سے سو پکڑا اُن کو اللہ نے

ف • جب کافر جمع ہو کر نکلے لڑائی پر راہ مین ایک شخص ملا بوڑھا • کہا مین بھی مسلمانونکا دشمن ہون تمہاری رفاقت کو آیا ہون اور جنگ کا بڑا ماہر ہون • پھر جب لڑائی ہونے لگی ابوجہل سے ہاتھہ چھڑا کر بھاگا • اُس شخص کو نہ پہلے کسی نے دیکھا تھا نہ پیچھے دیکھا • وہ شیطان تھا • جب اُسنے جبرئیل و میکائیل کو دیکھا سماون کی طرف تب بھاگا

ف • مسلمانونکی دلیری دیکھہ کر منافق اِسطرح طعن کرنے لگے تھے • سو اللہ نے فرمایا کہ یہہ غرور نہین توکل ہی

۵۳ بِذُنُوبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

انکے گناہون پر۔ اللہ زوراور ہی سخت عذاب کرنیوالا • یہ اِسپر کہا کہ اللہ

لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰي قَوْمٍ حَتّٰي يُغَيِّرُوْا

بدلنے والا نہین نعمت کو جو دی تھی ایک قوم کو جب تک وے نہ بدلین

۵۴ مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اپنے جی کی بات اور اللہ سنتا جانتا ہی ف • جیسے دستور فرعون والونکا

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ

اور جو اُن سے پہلے تھے • جھٹلائین باتین اپنے رب کی • پھر کھپادیا ہمنے انکے

بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝

گناہون پر اور ڈبادیا فرعون والون کو • وے سارے ظالم تھے •

۵۵ اِنَّ شَرَّ الدَّوَاۗبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا

بدتر جانورون مین اللہ کے یہان وے ہین • منکر ہوے پھر وے نہین

۵۶ يُؤْمِنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ

مانے • جسے تو نے قرار کیا ہی پھر وے توڑتے ہین

۵۷ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ۝ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ

اپنا قرار ہربار اور وہ نہین ڈرتے • سو اگر کبھی تو پاوے اُنکو

فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝

لڑائی مین تو ایسی سزا دے کہ دیکھکر بھاگین اُنکے پچھلے شاید وے عبرت پکڑین •

۵۸ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰي سَوَاۗءٍ ۭ اِنَّ

اور اگر تجھکو ڈر ہو ایک قوم کی دغا کا تو جواب دے اُنکو برابر کے برابر •

۵۹ ع اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ۝ۧ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اللہ کو خوش نہین آتے دغاباز • ف • اور یہ نہ سمجھین منکر لوگ کہ وے

ف • اپنے جی کی بات بدلنی • یعنے اعتقاد اور نیت جب تک نہ بدلے تو اللہ کی بخشی نعمت چھنتی نہین بالی

ف • اگر ایک قوم نے کا ڈر سے صلح کی ہو پھر انکی طرف سے

سَبَقُوا ۭ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ۝ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ ۶۰

بھاگ نکلے وے تھکا نہ سکینگے ۔ اور سرانجام کرو انکی لڑائی کو جو پیدا کر سکو

قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ

زور اور گھوڑے پالنے کو اس سے دھاک پڑے اللہ کے دشمن پر اور تمہارے دشمنوں پر

وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا

اور ایک اور لوگوں پر سوا انکے جنکو تم نہیں جانتے ۔ اللہ انکو جانتا ہے ۔ اور جو خرچ کرو گے

مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

اللہ کی راہ میں پورا ملیگا تمکو اور تمہارا حق نہ رہیگا ۔ ف ۔

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ ۶۱

اور اگر وے جھکیں صلح کو تو تو بھی جھک اسطرف اور بھروسا کر اللہ پر ۔ بیشک وہی ہے

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۭ ۶۲

سنتا جانتا ف ۔ اور اگر وے چاہیں کہ تجکو دغا دیں تو تجکو بس ہے اللہ

هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَلَّفَ بَيْنَ ۶۳

اسی نے تجکو زور دیا اپنی مدد کا اور مسلمانوں کا ۔ اور الفت ڈالی انکے دل میں

قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

الفت ڈالی ۔ اگر تو خرچ کرتا جو سارے ملک میں ہے تمام الفت نہ دے سکتا انکے دلوں میں

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا ۶۴

لیکن اللہ نے الفت ڈالی انمیں ۔ بیشک وہ زور آور ہے حکمت والا ۔ ف ۔ اے

النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نبی کفایت ہے تجکو اللہ اور جتنے تیرے ساتھ ہوے ہیں مسلمان ۔ ف ۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۭ اِنْ ۶۵ ع

اے نبی شوق دلا مسلمانوں کو لڑائی کا ۔ اگر

دغا دے چکے اب انکو بے خبر مار نہ ۔ اور جو دغا نہیں ہوئی انکی اندیشہ ہی تو خبردار کر کر ۔ تو اب دیجے برابر کے برابر ۔ یعنے یہ سرانجام لڑائی کا صلح سے پہلے کر سکتے ہو اب بھی کر سکتے ہو اسمین کچھ بد قولی نہیں

ف ۔ حکم فرمایا کہ جہاد کا سرانجام جو ہو سکے ۔ زور فرمایا تیر اندازی کو اور ہتھیار کا کسب اسمین داخل ہے ۔ اور گھوڑے پالنے میں جو خرچ ہو اسکی خوراک میں لکھا اسکا فضل سب ترازو میں چڑھیگا قیامت کو ۔ فرمایا کہ یہ واسطے رعب کے ہے تا جانیں کہ فتح ہوتی اسباب سے ۔ فتح تو اللہ کی مدد سے ہے ۔ اور وے لوگ جنکو تم نہیں جانتے وے منافق ہیں کہ ہر مسلمان کے پردے میں ہیں

ف ۔ یعنے اگر دل میں دغا رکھیں گے تو اللہ کو معلوم ہے اسکی سزا دیگا

ف ۔ عرب کی قوم میں آگے ہمیشہ بیر رکھتے تھے اور ایک دوسرے کے لہو کا پیاسا ۔ حضرت کے سبب سب ملے اور دوست ہوئے

ف ۔ حضرت نے مدینے میں آ کر مسلمان شمار کروائے مرد قابل جنگ چھ سو ہوئے ۔ سب سوچ میں ہوئے کہ اب ہمکو بس

يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ج

ہوں تم میں بیس شخص ثابت غالب ہوں دو سو پر •

وَاِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ يَغْلِبُوا اَلْفًا مِنَ الَّذِيْنَ

اور اگر ہوں تم میں سو شخص غالب ہوں ہزار کافروں کے

۶۶ كَفَرُوا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿اَلْاٰنَ خَفَّفَ

اوپر اسواسطے کہ دے لوگ سمجھ نہیں رکھتے • ف • اب بوجھ ہلکا کیا

اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ط فَاِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ صَابِرَةٌ

اللہ نے تمپر اور جانا کہ تم میں سستی ہی • سو اگر ہوں تم میں سو شخص ثابت غالب ہوں

يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ج وَاِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ اَلْفٌ يَغْلِبُوا اَلْفَيْنِ

دوسو پر • اور اگر ہوں ہزار شخص غالب ہوں دو ہزار پر

۶۷ بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَكُوْنَ

اللہ کے حکم سے • اور اللہ ساتھہ ہی ثابت رہنے والونکے • ف • کیا چاہئے ہی کو اُنکے یہاں قیدی

لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ط تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ

والوں میں • ف • اور مت پکار اللہ کے سوا ایسے کو کہ نہ بھلا کرے تیرا

وَلَا يَضُرُّكَ ج فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۞

نہ برا • پھر اگر تو نے یہہ کیا تو تو بھی اِس وقت ہی گنہگاروں میں •

۱۰۷ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ ط وَ

اور اگر پہنچاوے تجھکو اللہ کچھہ تکلیف تو کوئی نہیں اُسکو کھولنیوالا اُسکے سواے • اور

اِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ط يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ

اگر چاہے تجھپر کچھہ بھلائی تو کوئی پھیرنیوالا نہیں اُسکے فضل کو • پہنچاوے وہ

۱۰۸ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ط وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۞ قُلْ يٰٓاَيُّهَا

جسپر چاہے اپنے بندوں میں • اور وہی ہی بخشنے والا مہربان • تو کہہ لوگو آچکا

النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ج فَمَنِ اهْتَدٰى

حق تمکو تمھارے رب سے • اب جو کوئی راہ پر آوے

فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ج وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا

سو راہ پاتا ہی اپنے بھلے کو • اور جو کوئی بھولا پھرے سو بھولا پھریگا اپنے بُرے کو •

۱۰۹ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۞ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ

اور میں تم پر نہیں ہوں مختار • اور تو چل اُسی پر جو حکم پہنچے تیری طرف

وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ج وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۞

اور ثابت رہ جب تک فیصلہ کرے اللہ اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا

دنیا ہی • یہہ صفت سب لوگ اللہ کی سمجھتے ہیں اِسواسطے یہہ سنا دیا

ف • حنیف نام ہی ابراہیم کے دین والوں کا • اور عرب شرک کرے اور آپ کو حنیف کہے جاے

كلمات سورة هود مكية وهي مائة وثلث وعشرون آيه حروف

۱۹۱۵ سورت ہود کے مین نازل ہوئی ایک سو تئیس آیت کی ہی ۷۶۹۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الۗرٰ قف كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ ع۱۷ ۱

• کتاب ہی کہ جانچ لی ہین باتین اُسکی پھر کھولی گئی ہین ایک

حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ ۲

حکمت والے خبردار کے پاس سے • کہ پوجو مگر اللہ کو مین تمکو اُسکی طرف سے ڈر سناتا

وَّبَشِيْرٌ ۙ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ ۳

اور خوشخبری پہنچاتا ہون • اور یہہ کہ گناہ بخشواؤ اپنے رب سے پھر رجوع لاؤ اُسکی طرف.

مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ

کہ برتاوے تمکو اچھہ برتانا ایک وعدہ مقرر تک اور دیوے ہر زیادتی والونکو

فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

زیادتی اپنی • اور اگر تم پھر جاؤگے تو ڈرتا ہون تم پر ایک بڑے دن کی

يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ۴

مار سے • ف • اللہ کی طرف ہی تمکو پھر جانا • اور وہ ہر چیز پر قادر ہی •

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا ۵

سنتا ہی وے دوہرے کرتے ہین اپنے سینے کہ پردہ کرین اُس سے • سنتا

حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ ۱

جس وقت اوڑھتے ہین اپنے کپڑے • وہ جانتا ہی جو چھپاتے ہین اور جو کھولتے ہین

ف • برتاوے اور زیادتی والونکو اپنی زیادتی دیوے • یعنے ایمان لاؤ تو دنیا کی زندگی اچھی طرح گذرے • اور جو کوئی اس سے زیادہ قدم رکھے وہ زیادہ درجہ پاوے

الجزو ثانی عشر ۱۲

۶ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ

وہ تو جاننے والا ہی جیون کی بات • ف • اور کوئی نہین پانو چلنے والا زمین پر

اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ

کہ اللہ پر نہی اُسکی روزی اور جانتا ہی جہان ٹھہرتا ہی اور جہان سونپا جاتا ہی • سب موجود ہی

۷ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

کھلی کتاب مین • ف • اور وہی ہی جس نے بنائے آسمان

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ

اور زمین چھہ دن مین اور تھا تخت اُسکا پانی پر کہ تمکو آزماوے

اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ

کون تم مین اچھا کرتا ہی کام • اور اگر تو کہے کہ تم اُٹھو گے

مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

مرنے کے بعد تو البتہ کافر کہنے لگین یہہ کچھ نہین مگر جادو

۸ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ

صریح • اور اگر ہم دیر لگا دین اُنسے عذاب کو ایک مدت گنی تک تو کہنے لگین

لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ

کیا رول رہی اُسکو • سنتا ہی جس دن آویگا اُنپر نہ پھیرا جاویگا اُن سے

۹ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَلَئِنْ اَذَقْنَا

ع۹ اور اُلٹ پڑیگا اُنپر جسپر ٹھٹھے کرتے تھے • اور اگر ہم چکھا دین

الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ

آدمی کو اپنی طرف سے مہر پھر چھین لین اُس سے • تو وہ نا امید

۱۰ كَفُوْرٌ ۝ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ

ناشکر ہو • اور اگر ہم چکھا دین اُسکو آرام بعد تکلیف کے جو پہنچی اُسکو تو کہنے لگے

ف • کافر چھپ کر نفت کی بات گھر مین کہتے اُسکا جواب قرآن مین اُترتا • سمجھے کہ کوئی کھڑا اُسکو سنتا ہی جاکر رسول خدا سے کہہ دیتا ہی • تب سے ایسی بات کہتے ہوئے اوڑھکر جھک کر دہر سے ہوکر • اللہ تعالی نے یہہ آیت نازل کیا

ف • جہان ٹھہرتا ہی بہشت اور دوزخ • جہان سونپا جاتا ہی اُسکی قبر • اور روزی اُسکی ہو دنیا مین

ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ط اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ ١١

گئین برائیان مجھسے • تو وہ خوشیان کرے بڑائیان کرتا • مگر جو لوگ

صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ط اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ

ثابت ہین اور کرتے ہین نیکیان • اُن کو بخشش ہی اور

اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌ ١٢

ثواب بڑا • سو کہین تو چھوڑ بیٹھے گا کوئی چیز جو وحی آئی تیری طرف اور رکتا ہوگا

بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ط

اُس سے تیرا جی اسپر اسواسطے کہ وہ کہین کیون نہ اُترا اسپر خزانہ یا آیا اُسکے ساتھ فرشتہ •

اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ ١٣

تو تو ڈر سنانیوالا ہی • اور اللہ ہی ہر چیز پر ذمہ رکھنے والا • کیا کہتے ہین

افْتَرٰىهُ ط قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا

باندھ لایا ہی اُسکو • تو کہہ تم لاؤ ایک دس سورتین ایسی باندھکر اور پکارو

مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ ١٤

جسکو پکار سکو اللہ کے سوائے اگر ہو تم سچے • پھر اگر

لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ

نہ پورا کرین تمہارا کہنا تو جان لو یہ اُترا ہی اللہ کی خبر سے اور کوئی حاکم نہین

اِلَّا هُوَ ج فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ ١٥

سوائے اُسکے • پھر اب تم حکم مانتے ہو • جو کوئی چاہتا ہو دنیا کا

الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا

جینا اور اُسکی رونق پھیر دین ہم اُنکو اُنکے عمل اُسی مین • اور اُنکو اُس مین

لَا يُبْخَسُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ق ١٦

نقصان نہین • وہی ہین جنکو کچھ نہین پچھلے گھر مین سوائے آگ •

۱۷

وَحَبِطَ مَا صَنَعُوا فِيهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أَفَمَن كَانَ

اور مٹ گیا جو کیا تھا اُس جگہہ اور خراب ہوا جو کماتے تھے • بھلا ایک شخص جو ہی

عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ

نظر آتا راہ پر اپنے رب کی اور پہنچتی ہی اُسکو گواہی اُس سے اور پہلے اُس سے کتاب

مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ أُولَٰئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ ۚ وَمَن يَكْفُرْ بِهِ

موسی کی راہ ڈالی اور مہربانی • وہی لوگ مانتے ہیں اُسکو • اور جو کوئی منکر ہو اُس

مِنَ الْأَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهُ ۚ فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ

سے سب فرقون میں سو آگ ہی وعدہ اُسکا • سو تو مت رہ شبہے میں اُس سے •

إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

یہہ تحقیق ہی تیرے رب کی طرف سے پھر بہت لوگ یقین نہیں رکھتے • ف

۱۸

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۚ أُولَٰئِكَ يُعْرَضُونَ

اور کون ظالم اُس سے جو باندھے الله پر جھوٹھ • وے لوگ روبرو آوینگے

عَلَىٰ رَبِّهِمْ وَيَقُولُ الْأَشْهَادُ هَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ

اپنے رب کے اور کہنے لگے گواہی والے یہی ہیں جنھون نے جھوٹھ کہا اپنے رب پر •

۱۹

أَلَا لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ۝ الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ

سن لو پھٹکار ہی الله کی بے انصاف لوگون پر • جو روکتے ہیں الله کی راہ سے

۲۰

وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ۝ أُولَٰئِكَ

اور ڈھونڈھتے ہیں اُسمین کجی • اور وہی ہیں آخرت سے منکر • ف • وے لوگ

لَمْ يَكُونُوا مُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ وَمَا كَانَ لَهُم

نہیں تھکانے والے زمین میں بھاگ کر • اور نہیں اُن کو

مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ۘ يُضَاعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۚ

الله کے سوا کے حمایتی • دونا ہی اُن کے لئے عذاب •

ف • گواہی پہنچتی ہی • یعنے دل میں اِس دین کا نور اور مزا پاتا ہی اور قرآن کی حلاوت

ف • گواہی والے آخرت میں فرشتے ہونگے جو عمل لکھتے ہیں اور نیک بخت آدمی جنکو خبر تھی • خدا پر جھوٹھ بولنا کئی طرح ہی علم میں غلط فکر کرنا یا اپنا بنا لینا یا عقل سے حکم کرنا دین کی بات • نئی یاد تو ہی کر کہ کشف دیکھتا ہون یا الله کا قرب دونا •

ف • یعنے اللہ پر جھوٹھ بولنا کہاں سے لائے • نہ غیب سے سن آئے تھے نہ غیب کو دیکھتے تھے

مَا كَانُوا يَسْتَطِيعُونَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوا يُبْصِرُونَ ۝

نہ سکتے تھے سننے • اور نہ تھے دیکھتے • ف •

۲۱ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُم

وہی ہیں جو ہار بیٹھے اپنی جان اور گم ہو گیا اُن سے جو

۲۲ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ۝

جو جھوٹھ باندھتے تھے • ف • آپ ہی ہوا کیے لوگ آخرت میں یہی ہیں سب سے خراب •

ف • یعنے وے جو تھے دعوے آخرت میں گم ہو گئے

۲۳ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ لا

البتہ جو یقین لائے اور کیں بھلائیاں اور عاجزی کی اپنے رب کی طرف •

۲۴ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ج هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ مَثَلُ

وے ہیں جنت کے لوگ • اُسمیں رہا کرینگے • مثال

الْفَرِيقَيْنِ كَالْأَعْمَىٰ وَالْأَصَمِّ وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ ط

دونوں فرقوں کی جیسے ایک اندھا اور بہرا اور ایک دیکھتا اور سنتا •

۲۵ ع ۳ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ط أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

کیا برابر ہیں دونوں کا حال • پھر کیا تم دھیان نہیں کرتے • اور ہم نے بھیجا

۲۶ نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ ز إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ أَن لَّا تَعْبُدُوا

نوح کو اُسکی قوم کی طرف کہ میں تمکو ڈر سناتا ہوں کھولکر • کہ نہ پوجو

إِلَّا اللَّهَ ط إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ ۝

سوائے اللہ کے • میں ڈرتا ہوں تم پر عذاب سے ایک دکھ والے دن کے •

۲۷ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا

پھر بولے سردار جو منکر تھے اُسکی قوم کے ہم دیکھتے نہیں تجھکو مگر آدمی

مِّثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ

جیسے ہم اور دیکھتے نہیں کوئی تابع ہوا تیرا مگر جو ہم میں نیچ قوم ہیں اوپر کی

الرَّأْيِ ج وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ

عقل سے ٠ اور ہم نہیں دیکھتے تمکو اپنے اوپر کچھ بڑائی بلکہ ہمکو خیال ہی کہ تم

۲۸ كٰذِبِيْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

جھوٹھے ہو ٠ ف ٠ بولا ای قوم دیکھو تو اگر میں ہوا نظر آتی راہ پر اپنے رب کی

وَاٰتٰنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ط اَنُلْزِمُكُمُوْهَا

اور اُسنے دی مجھکو مہر اپنے پاس سے پھر وہ تمہاری آنکھ سے چھپا رکھی کیا ہم لگا دیں وہ تمکو

۲۹ وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ط اِنْ

اور تم اُس سے بیزار ہو ٠ اور ای قوم میں نہیں مانگتا تم سے اِسپر کچھ مال ٠ میری

اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ط اِنَّهُمْ

مزدوری نہیں مگر اللہ پر اور میں نہیں ہانکنے والا ایمان والوں کو ٠ اُن کو

۳۰ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ

ملنا ہی اپنے رب سے لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ جاہل ہو ٠ اور ای قوم

مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ط اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

کون چھڑاوے مجھکو اللہ سے اگر اُنکو ہانک دوں ٠ کیا تم دھیان نہیں کرتے ٠ ف ٠

۳۱ وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

اور میں نہیں کہتا تمکو کہ میرے پاس ہیں خزانے اللہ کے اور نہ میں خبر رکھوں غیب کی

وَلَاۤ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَاۤ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْۤ اَعْيُنُكُمْ

اور نہ کہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ کہوں گا کہ تمہاری آنکھ میں حقیر ہیں نہ دیگا

لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ط اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ ج اِنِّيْۤ

اُن کو اللہ بھلائی ٠ اللہ بہتر جاننے والا ہی اُنکا جو اُن کے جی میں ہی ٠

۳۲ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ

یہہ کہوں تو میں بے انصاف ہوں ٠ ف ٠ بولے ای نوح تو نے ہم سے جھگڑا اور بہت جھگڑا

ف ٠ اُوپر کی عقل سے یعنے پہلے ہی نظر میں

ف ٠ کافروں نے مسلمانوں کو رذالا ٹھہرایا اور چاہا کہ اُنکو ہانک دو تو ہم تمہارے پاس بیٹھیں بات سنیں ٠ سو فرمایا کہ دل کی بات اللہ تحقیق کریگا جب اُس سے ملینگے ٠ میں اگر مسلمان کو ہانکوں تو اللہ سے کون چھڑاوے مجھکو ٠ اور رذالا ٹھہرایا اُسپر کہ وے کسب کرتے تھے ٠ کسب سے بہتر کمائی نہیں اِسواسطے فرمایا کہ تم جاہل ہو

ف ٠ وہ جو کہتے تھے کہ تم میں ہم

٣٢ جِدَالَنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۞ قَالَ اِنَّمَا

اب لیا جو وعدہ دیتا ہی ہمکو اگر تو سچا ہی • کہا کہ لاویگا

٣٣ يَأْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ ط وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۞ وَلَا يَنْفَعُكُمْ

تو اُسکو اللہ ہی اگر چاہیگا درتم نہ تھکاؤ کے بھاگ کر • اور نہ کام کریگی تمکو میری

نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ

نصیحت جو میں چاہوں تمکو نصیحت کروں اگر اللہ چاہتا ہو گا

اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ط هُوَ رَبُّكُمْ قف وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۞

کہ تمکو بیراہ چلاوے • وہی ہی رب تمہارا • اور اُسیکی طرف پھر جاؤگے • ف •

٣٥ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ط قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ

کیا کہتے ہیں بنا لایا قران کو • تو کہہ اگر میں بنا لایا ہوں تو مجھ پر ہی میرا گناہ •

٣٦ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۞ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ

ع اور میرا ذمہ نہیں جو تم گناہ کرتے ہو • ف • اور حکم ہوا نوح کیطرف کہ اب ایمان نہ لاویگا

مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۞

تیری قوم میں مگر جو ایمان لا چکا سو تو غمگین نہ رہ اِن کاموں پر جو کر رہے ہیں •

٣٧ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ج

اور بنا کشتی روبرو ہمارے اور ہمارے حکم سے اور نہ بول مجھسے ظالموں کے واسطے •

٣٨ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۞ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ قف وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ

بیشک یہ غرق ہونگے • اور وہ کشتی بناتا تھا • اور جب گذرتے اُسپر سردار

مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ط قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ

اُسکی قوم کے ہنسی کرتے اُس سے • بولا اگر تم ہنستے ہو ہم سے تو ہم ہنستے ہیں تم سے

٣٩ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۞ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لا مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

جیسے تم ہنستے ہو • ف • اب آگے جان لوگے • کہ کسپر آتا ہی عذاب •

آپ سے برائی نہیں دیکھتے • سو فرمایا کہ میں فرشتہ نہیں غیب کی خبر نہیں رکھتا اللہ کے خزانے میرے ہاتھ نہیں • اور وہ جو اللہ نے مہر کی ہی تمہاری آنکھ سے چھپی ہی

ف • یہاں تک جتنے جواب سوال اِس قوم کے تھے دی تھے حضرت کی قوم کے • گویا یہہ سب جواب اِنکو ملے • ایک اِنکا بنا دعوی تھا وہ آگے فرمایا

ف • حضرت نوح کتاب نہ لائے تھے کہ اُنکی قوم یہہ بات کہی

ف • وے ہنستے تھے اِسپر کہ خشک زمین میں ناؤ کا

۴۰ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ۝ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَ

کر سوا کرے اُسکو ۔ اور اُترتا ہی اُسپر عذاب ہمیشہ کا ۔ یہانتک کہ جب پہنچا حکم ہمارا اور

فَارَ التَّنُّورُ قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ

جوش مارا تنور نے ۔ کہا ہم نے لاد لے اُس کشتی میں ہر قسم سے جوڑا دو عدد

وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ ۚ وَمَا

اور اپنے گھر کے لوگ مگر جسپر پہلے ہو چکی بات اور جو ایمان لایا ہو ۔ اور ایمان

۴۱ آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ ۝ وَقَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ

نہ لائے تھے اُسکے ساتھ مگر تھوڑے ۔ ف ۔ اور بولا سوار ہو اُس کشتی میں اللہ کے نام سے

۴۲ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَهِيَ تَجْرِي

ہی اُسکا بہنا اور ٹھہرنا ۔ تحقیق میرا رب ہی بخشنے والا مہربان ۔ اور وہ لئے چلتی ہی

بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي

اُنکو لہروں میں جیسے پہاڑ اور پکارا نوح نے اپنے بیٹے کو اور وہ ہو رہا تھا

۴۳ مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلَا تَكُن مَّعَ الْكَافِرِينَ ۝ قَالَ

کنارے ای بیٹے سوار ہو ساتھ ہمارے اور مت رہ ساتھ منکروں کے ۔ کہا میں

سَآوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي مِنَ الْمَاءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ

لگ رہونگا کسی پہاڑ کو بچا لیگا مجھکو پانی سے ۔ بولا کوئی بچانے والا نہیں

الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَن رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ

آج کے دن اللہ کے حکم سے مگر جسپر وہ مہر کرے ۔ اور بیچ میں آپڑی دونوں کے موج

۴۴ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ ۝ وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ

پھر ہو گیا ڈوبنے والوں میں ۔ ف ۔ اور حکم آیا ای زمین نگل جا اپنا پانی

وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ

اور ای آسمان تھم جا اور سکھا دیا پانی اور ہو چکا کام اور

بچاؤ کرنا ہی ۔ یعنی اُسپر کو موت سر پر کھڑی ہی اور یعنی جیتے ہیں

ف ۔ ہر جانور کا جوڑا رکھ لیا کشتی میں جنکی نسل رہنی مقدر تھی ۔ اور گھر والوں میں سے جسپر بات پڑ چکی ایک بیٹا کنعان اور اُسکی ماں سو ڈوبے ۔ اور تین بیٹے گئے جنکی اولاد ساری خلقت ہی ۔ اور تنور تھا حضرت نوح کے گھر میں طوفان کا نشان یہ بتا رکھا تھا کہ جب اُس تنور سے پانی اُبلے تب کشتی میں سوار ہو جائیو

ف ۔ اُس دن بلند پہاڑ کے بلند درخت بھی ڈوب گئے تھے کہ پرندے کا بچاؤ نہ تھا

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝

کشتی ٹھہری جودی پہاڑ پر اور حکم ہوا کہ دور ہوویں قوم بے انصاف • ف •

وَنَادَىٰ نُوحٌ رَبَّهُ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي وَ ۴۵ ربع

اور پکارا نوح نے اپنے رب کو بولا ای رب میرا بیٹا ہی میرے گھر والوں میں اور

إِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَأَنْتَ أَحْكَمُ الْحَاكِمِينَ ۝ قَالَ يَا ۴۶

تیرا وعدہ سچ ہی اور تو سب سے بڑا حاکم • ف • فرمایا ای

نُوحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۚ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا

نوح وہ نہیں تیرے گھر والوں میں • اُسکے کام ہیں ناکارے • سو مت

تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۖ إِنِّي أَعِظُكَ أَنْ تَكُونَ

پوچھ مجھسے جو تجھکو معلوم نہیں • میں نصیحت کرتا ہوں تجھکو کہ نہو جاوے

مِنَ الْجَاهِلِينَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ ۴۷

تو جاہلوں میں • ف • بولا ای رب میں پناہ لیتا ہوں تیری اِس سے کہ پوچھوں

مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُنْ مِنَ

جو معلوم نہو مجھکو • اور اگر تو نہ بخشے مجھکو اور رحم کرے تو میں ہوں

الْخَاسِرِينَ ۝ قِيلَ يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِنَّا وَبَرَكَاتٍ ۴۸

خرابی والوں میں • ف • حکم ہوا ای نوح اُتر سلامتی کے ساتھ ہماری طرف سے اور برکتوں کے ساتھ

عَلَيْكَ وَعَلَىٰ أُمَمٍ مِمَّنْ مَعَكَ ۚ وَأُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ

تجھپر اور کتنے فرقوں پر جو تیرے ساتھ والوں میں • اور کتنے فرقوں کو فائدہ دینگے پھر

يَمَسُّهُمْ مِنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ تِلْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ ۴۹

پہنچیگا اُن کو ہماری طرف سے دکھ کی مار • ف • یہ باتیں جو ہیں غیب کی

نُوحِيهَا إِلَيْكَ ۖ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَا أَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ

کہ ہم بھیجتے ہیں تیری طرف • اُن کو جانتا نہ تھا تو نہ تیری قوم اِس سے

ف • چالیس دن پانی آسمان سے برسا اور زمین سے اُبلا • پھر چھ مہینے کے بعد پہاڑ دنکے سر کھلے کہ کشتی لگی جودی پہاڑ سے • وہ پہاڑ ملک شام میں ہی

ف • یعنے ایک عورت تو ہلاکت میں آچکی اب تو چاہے بیٹے کو ہلاکت میں رہن جاہے نجات میں

ف • آدمی پوچھتا ہی جو معلوم نہو لیکن مرضی معلوم بانے • یہہ کام ہی جاہل کا کہ اگلے کی مرضی نہ دیکھے پوچھنے کی پھر پوچھے

ف • حضرت نوح نے توبہ کی لیکن یہہ نہ کہا کہ پھر ایسا نکرونگا کہ اپنی میں دعوی نکلتا ہی بندے کا کیا مقدور ہی چاہیے کہ آسکے پناہ مانگے کہ مجھسے پھر نہو

ف • حق تعالی نے تسلی فرمادی کہ پھر ساری قوم نوع انسان پر ہلاکت نہ آویگی قیامت سے پہلے مگر بعضے فرقے ہلاک ہونگے

۵۰ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاِلٰى عَادٍ

ع پہلے • سو تو ٹھہر اره • البتہ آخر بھلا ہی ڈر والون کا • اور عاد کی طرف

اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

بھیجا ہم نے ہود کو • بولا ای قوم بندگی کرو الله کی کوئی تمھارا حاکم نہیں

۵۱ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ

سوا اُسکے • تم سب جھوٹ کہتے ہو • ای قوم میں تم سے نہیں مانگتا اِسپر مزدوری •

اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

میری مزدوری اُسی پر ہی جس نے مجھکو پیدا کیا • پھر کیا تم نہیں بوجھتے •

۵۲ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاۗءَ

اور ای قوم گناہ بخشواؤ اپنے رب سے پھر رجوع لاؤ اُسکی طرف چھوڑ دے تم پر آسمان کی

عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ۝

دھارین اور زیادہ دے تمکو زور پر زور اور نہ پھیرے جاؤ گنہگار ہوکر •

۵۳ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

بولے ای ہود تو ہم پاس کچھ سند سے نہیں آیا اور ہم نہیں چھوڑنیوالے

۵۴ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ نَّقُوْلُ

اپنے ٹھاکرون کو تیرے کہنے سے اور ہم نہیں تجھکو ماننے والے • ہم تو یہی کہتے ہیں

اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْۗءٍ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ

کہ تجھکو جھپٹ لیا ہی کسی ہمارے ٹھاکرون نے بُری طرح • بولا میں گواہ کرتا ہون الله کو

۵۵ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِهٖ

اور تم گواہ رہو کہ میں بیزار ہون اُن سے جنکو تم شریک کرتے ہو • اُسکے سوائے

۵۶ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ۝ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ

سو بدی کرو میرے حق میں سب ملکر پھر مجھکو فرصت نہ دو • میں نے بھروسا کیا

عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ

اللہ پر جو رب ہی میرا اور تمہارا • کوئی نہیں پاؤں دھرنے والا مگر اُسکے

اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ فَاِنْ ۵۷

ہاتھہ میں ہی چوٹی اُسکی • بیشک میرا رب ہی سیدھی راہ پر • ف • پھر اگر

تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَ

پھر جاؤ گے تو میں پہنچا چکا جو میرے ہاتھہ بھیجا تھا تمکو اور

يَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَـيْـــًٔـا ۭ

قایم مقام تمہارے کریگا میرا رب کوئی اور لوگ • اور نہ بگاڑ سکو گے کچھ •

اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ وَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا ۵۸

تحقیق میرا رب ہی ہر چیز پر نگہبان • ف • اور جب پہنچا ہمارا حکم

نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ

بچا دیا ہمنے ہود کو اور جو یقین لائے تھے اُسکے ساتھ اپنی مہر سے • اور بچایا اُنکو

مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝ وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ ۵۹

ایک گاڑھی مار سے • ف • اور یہ تھے عاد منکر ہوئے اپنے رب کی باتوں سے

رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝

اور نہ مانا اُسکے رسولوں کو اور مانا حکم اُنکا جو سرکش تھے مخالف •

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ ۶۰

اور پیچھے پائی اِس دنیا میں پھٹکار اور قیامت کے دن • سُن لو

عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ۝ وَاِلٰي ثَمُوْدَ ۶۱ ع۶

عاد منکر ہوئے اپنے رب سے • سُن لو پھٹکار ہی عاد کو جو قوم تھی ہود کی • ف • اور ثمود کی طرف

اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

بھیجا اُنکا بھائی صالح • بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی حاکم نہیں تمہارا

ف • یعنے جو سیدھی راہ چلے وہ اُس سے ملے

ف • یعنے اللہ کے رسول کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے کہ اللہ نگہبان ہی

ف • گاڑھی مار دہی جو دنیا میں آئی یا آخرت کے عذاب سے

ف • یعنے قیامت کو یوں پکارینگے

اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا

اسکے سوا ۔ اسی نے بنایا تمکو زمین سے اور بسایا تمکو اس میں

۶۲ فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۝ قَالُوْا

سو بخشواؤ اس سے اور اسکی طرف آؤ تحقیق میرا رب نزدیک ہی قبول کرنیوالا ۔ بولے

يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ

ای صالح تجہپر ہمکو امید تھی اس سے پہلے توہمکو منع کرتا ہی کہ پوجیں جنکو پوجتے رہے

مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝

ہمارے باپ دادے اور ہمکو تو شبہہ ہی اسمیں جس طرف تو بلاتا ہی ایسا کہ دل نہیں ٹھہرتا ۔ ف

۶۳ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ

بولا ای قوم بھلا دیکھو تو اگر مجکو سوجھ ملی اپنے رب سے اور

اٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ

اسنے مجکو دی مہر اپنی طرف سے پھر کون میری مدد کرے اللہ کے ہاتھ سے اگر اسکی بےحکمی کروں

۶۴ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ۝ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ

سو تم کچھ نہیں بڑھاتے میرا سوا نقصان ۔ اور ای قوم یہہ اونٹنی ہی اللہ کی تمکو

اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْۗءٍ

نشانی سو چھوڑ دو اسکو کھاتی پھرے اللہ کی زمین میں اور نہ چھیڑو اسکو بری طرح

۶۵ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ۝ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا

تو پکڑیگا تمکو عذاب نزدیک کا ۔ ف ۔ پھر اسکے پاؤں کاٹے تب کہا برت لو

۶۶ فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَ

اپنے گھروں میں تین دن ۔ یہہ وعدہ جھوٹا نہ ہوگا ۔ پھر جب پہنچا

اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ

حکم ہمارا بچادیا ہمنے صالح کو اور جو یقین لائے اسکے ساتھ اپنی مہر کر اور اس دن کی

ف ۔ تجہپر ہمکو امید تھی ۔ یعنے ہونہار لگتا تھا کہ باپ دادے کی راہ روشن کریگا تو لگا مٹانے

ف ۔ حضرت صالح سے قوم نے معجزہ مانگا حق تعالی نے انکی دعا سے پتھر میں سے اونٹنی نکالی ۔ اسیوقت اسنے بچہ دیا اسیوقت ماں کے برابر ہوگیا ۔ حضرت صالح نے فرمایا کہ اسکی تعظیم کرتے رہو گے تب تک

يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ۶۷

رسوائی سے • تحقیق تیرا رب وہی ہی زور آور زبردست • اور پکڑا اُن

ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ كَاَنْ ۶۸

ظالموں کو چنگھاڑ نے پھر صبح کو رہ گئے اپنے گھروں میں اوندھے پڑے • جیسے

لَمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝

کبھی رہتے تھے اُسمیں • سُن لو ثمود منکر ہوئے اپنے رب سے • سُن لو پھٹکار ہی ثمود کو • ف •

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ ۶۹ ع۷

اور آچکے ہیں ہمارے بھیجے ابراہیم پاس خوش خبری لیکر بولے سلام •

قَالَ سَلٰمٌ ؕ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ۝ فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ ۷۰

وہ بولا سلام ہی • پھر دیر نکی کہ لے آیا ایک بچھڑ ا تلا ہوا • ف • پھر جب دیکھا اُنکے ہاتھ

لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۜ

نہیں آتے کھانے پر اوپری سمجھا اور دل میں اُنسے ڈرا • وے بولے مت ڈر •

اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ۝ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ ۷۱

ہم بھیجے آئے ہیں طرف قوم لوط کی • ف • اور اُسکی عورت کھڑی تھی وہ ہنس پڑی

فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ۝

پھر ہمنے خوشخبری دی اُسکو اسحاق کی اور اسحاق کے پیچھے یعقوب کی • ف •

قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ؕ ۷۲

بولی ای خرابی کیا میں جنونگی اور میں بڑھیا ہوں اور یہہ خاوند میرا ہی بوڑھا •

اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ ۷۳

یہہ تو ایک عجب چیز ہی • وے بولے کیا تعجب کرتی ہی اللہ کے حکم سے •

رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اللہ کی مہر ہی اور برکتیں تم پر ای گھر والو • وہی ہی سراہا بڑائیوں والا •

دنیا کا عذاب نہوگا • جہاں وہ جاتی کھانے کو پانی کو سب جنور بھاگ جاتے اور آدمی کوئی اُسکو نہ ہانکتا

ف • اُنپر عذاب آیا اسطرح کہ رات کو سوتے پڑے تھے فرشتے نے چنگھاڑ ماری سب کے جگر پھٹ گئے

ف • وے کئی شخص فرشتے تھے قوم لوط پر جاتے تھے ہلاک لیکر • اول حضرت ابراہیم پاس آئے اور بشارت دی بیٹے کی • اُنکو بی بی سے بیٹا نہ تھا اول حضرت ابراہیم نے نہ پہچانا کہ فرشتے ہیں کھانا لے آئے

ف • اُنکے ساتھ جو عذاب تھا اُسکا ڈر پڑا اُنکے دل پر

ف • اُس ڈر کے دور ہونے سے خوش ہو کر ہنس پڑی حق تعالی نے خوشی پر اور خوشیاں سنائیں

۷۴ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ وَجَاءَتْهُ الْبُشْرَى يُجَادِلُنَا

پھر جب گیا ابراہیم سے ڈر اور آئی اُسکو خوشخبری جھگڑنے لگا

۷۵ فِي قَوْمِ لُوطٍ ۚ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُنِيبٌ

ہم سے لوط کے حق میں • البتہ ابراہیم تحمل والا نرم دل ہی رجوع رہنے والا • ف

۷۶ يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۖ إِنَّهُ قَدْ جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ

ای ابراہیم چھوڑ یہ خیال • وہ تو آچکا حکم تیرے رب کا •

وَإِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ

اور اُن پر آتا ہی عذاب جو پھیرا نہیں جاتا •

۷۷ وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

اور جب پہنچے ہمارے بھیجے لوط پاس خفہ ہوا اُنکے آنے سے اور رک گیا جی میں

۷۸ وَقَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ ۝ وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ

اور بولا آج دن بڑا سخت ہی • ف • اور آئی اُس پاس قوم اُسکی دوڑتی

إِلَيْهِ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوا يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ قَالَ يَا قَوْمِ

بے اختیار • اور آگے سے کر رہے تھے برے کام • بولا ای قوم

هَٰؤُلَاءِ بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ

یے میری بیٹیاں حاضر ہیں یے پاک ہیں تمکو اُنسے سو ڈرو اللہ سے اور مت رسوا کرو مجھکو

۷۹ فِي ضَيْفِي ۖ أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ ۝ قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ

میرے مہمانوں میں • کیا تم میں ایک مرد بھی نہیں نیک راہ • ف • بولے تو تو جان چکا ہی ہمکو

۸۰ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ ۖ وَإِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ۝ قَالَ

تیری بیٹیوں سے دعوی نہیں • اور تجھکو تو معلوم ہی جو ہم چاہتے ہیں • کہنے لگا

۸۱ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ۝ قَالُوا

کہیں سے مجھکو تمہارے سامنے زور ہوتا یا جا بیٹھتا کسی محکم آسرے میں • مہمان بولے

ف • حضرت لوط انھیں کے بھیجے گئے تھے اُس قوم میں • جب سنا کہ اب عذاب آیا تو بس لگا کر سفارش کرنے لگے

ف • یے فرشتے گئے لڑکے بن کر • اُس قوم کی خو معلوم تھی اِس سے خفہ ہوئے کہ لڑائی کرنی پڑی

ف • فرشتے مہمان اترے اُنکے گھر اور قوم دیکھکر دوڑے • یے اُنکے بچانے کو اپنی بیٹیاں بیاہ دینے قبول کرنے لگے • لیکن وے کیا مانتے تھے • اُس وقت کافر سے بیاہ دینا منع نہ تھا

يَالُوطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ

اے لوط ہم بھیجے ہیں تیرے رب کے ہرگز نہ پہنچ سکین گے تجھ تک سو لے نکل اپنے گھر کو

بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ط

کچھ رات سے اور مڑ کر نہ دیکھے تم میں کوئی مگر تیری عورت ۔

اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ط اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ط اَلَيْسَ

یوں ہی کہ اُسپر پڑنا ہی جو اُن پر پڑیگا۔ اُن کے وعدے کا وقت ہی صبح۔ کیا صبح

الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ۝ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا ۸۲

نہیں نزدیک۔ ف۔ پھر جب پہنچا حکم ہمارا کر ڈالی ہمنے وہ بستی اوپر نیچے

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ لا مَّنْضُوْدٍ ۝

اور برسائی ہمنے اُسپر پتھر بان کنکر کی تہہ بتہہ۔

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ط وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ۝ ۸۳

صاف نشان تیرے رب کے پاس۔ اور نہیں وہ بستی اُن ظالموں سے کچھ دور۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ط قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ ۸۴ ع ۸

اور مدین کی طرف بھیجا اُن کے بھائی شعیب کو۔ بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ

حاکم اُسکے سوائے۔ اور نہ گھٹاؤ ناپ اور تول میں دیکھتا ہوں تمکو

بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ۝ وَيٰقَوْمِ ۸۵

آسودہ اور ڈرتا ہوں تم پر آفت سے ایک گھیر لینے والے دن کی۔ اور اے قوم

اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ

پورا کرو ناپ اور تول کو انصاف سے اور نہ گھٹا دو لوگوں کو

اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ بَقِيَّتُ اللّٰهِ ۸۶

اُن کی چیزیں اور نہ مچاؤ زمین میں خرابی۔ ف۔ جو بچ رہے اللہ کا دیا

ف۔ ہمارے حضرت کو مکہ فتح ہوا صبح کے وقت شاید وہی اشارت ہو

ف۔ بھلی ہی کہ امانت کے دو پیسے کم لیے

خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيظٍ ۝

وہ بہتر ہی تمکو اگر ہو تم یقین رکھتے • اور میں نہیں ہوں تم پر نگہبان •

۸۷ قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَوٰتُكَ تَأْمُرُكَ أَنْ نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ

نصف

بولے ای شعیب تیرے نماز پڑھنے نے تجھکو یہہ سکھایا کہ ہم چھوڑ دیں جنکو پوجتے رہے

آبَاؤُنَا أَوْ أَنْ نَفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيمُ

ہمارے باپ دادے یا چھوڑ دیں کرنا اپنے مالوں میں جو چاہیں • تو ہی بڑا باوقار ہی نیک

۸۸ الرَّشِيدُ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي

چال والا • بولا ای قوم دیکھو تو اگر مجھکو سوجھ ہوئی اپنے رب کی طرف سے

وَرَزَقَنِي مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ

اور اُسنے روزی دی مجھکو نیک روزی • اور میں نہیں چاہتا کہ پیچھے آپ کروں

مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ

جو کام تم سے چھڑاؤں • میں تو چاہتا ہوں سنوارنا جہانتک ہو سکے •

وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ۝

اور بن لانا ہی اللہ سے • اُسی پر میں نے بھروسا کیا ہی اور اُسی کی طرف رجوع ہوں • ف

۸۹ وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِي أَنْ يُصِيبَكُمْ مِثْلُ مَا

اور ای قوم نہ کمائیو میری ضد کر کر یہہ کہ پڑے تمپر جیسا کچھ پڑا

أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ

قوم نوح پر یا قوم ہود پر یا قوم صالح پر • اور قوم لوط

۹۰ مِنْكُمْ بِبَعِيدٍ ۝ وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ

تو تم سے دور نہیں • اور گناہ بخشواؤ اپنے رب سے اور اُسکی طرف رجوع لاؤ •

۹۱ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ وَدُودٌ ۝ قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا

البتہ میرا رب مہربان ہی محبت والا • بولے ای شعیب ہم نہیں بوجھتے بہت

ف • چاہا ہوگا دوسروں کو کہ نیکوں کے کام آپ نہ کرسکیں تو انکو ہاتھ نہ چڑانے بھی حسادت ہی کبر ہی

ف • یہہ خصلت ہی خدائی لوگوں کی کہ بڑانے سے برا نہ مانا اور اپنے مقدور بھر سمجھاتے رہے

مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ج وَلَوْلَا رَهْطُكَ

باتیں جو تو کہتا ہی اور ہم دیکھتے ہیں تو ہم میں کمزور ہی ۰ اور اگر نہوتے تیرے بھائی بند

لَرَجَمْنٰكَ ز وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ ۹۲

تو تجکو ہم پتھراو کرتے ۰ اور کچھ تو ہم پر سردار نہیں ۰ ای قوم کیا میرے بھائی بندو نکا

اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ط وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ

دباو تم پر زیادہ ہی اللہ سے ۰ اور اسکو ڈال رکھا تم نے پیٹھ پیچھے

ظِهْرِيًّا ط اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا ۹۳

فراموش ۰ تحقیق میرے رب کے قابو میں ہی جو کرتے ہو ۰ اور ای قوم کام کیے جاؤ

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ط سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لا

اپنی جگہ میں میں کام کرتا ہون ۰ آگے معلوم کر لوگے

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ط

کس پر آتا ہی عذاب کہ اسکو رسوا کرے اور کون ہی جھوٹا ۰

وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا م

اور تاکتے رہو میں بھی تمہارے ساتھ ہون تاکتا ۰ اور جب پہنچا ہمارا حکم بچا دیا ہمنے

شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ

شعیب کو اور جو یقین لائے تھے اسکے ساتھ اپنی مہر سے اور پکڑا ان

ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝

ظالموں کو چنگھاڑ نے پھر صبح کو رہ گئے اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ۰

كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ط اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ۹۵

جیسے کبھی نہ بسے تھے ان میں ۰ سن لو ۰ پھٹکار ہی مدین کو جیسے پھٹکار ہائی

ثَمُوْدُ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ ۹۶

ثمود نے ۰ اور بھیج چکے ہیں ہم موسی کو اپنی نشانیوں سے اور واضح سند سے ۰

۹۷ ع۹ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَاتَّبَعُوا أَمْرَ فِرْعَوْنَ ۖ وَمَا أَمْرُ فِرْعَوْنَ

فرعون اور اُسکے سرداروں پاس پھر چلے کہنے میں فرعون کے• اور نہیں بات فرعون کی

۹۸ بِرَشِيدٍ ۝ يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۖ وَبِئْسَ

کچھ نیک چال رکھتی• آگے ہوگا اپنی قوم کے قیامت کے دن پھر پہنچاویگا انکو آگ پر• اور

۹۹ الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ ۝ وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ بِئْسَ

برا گھاٹ ہی جسپر پہنچے• اور پیچھے سے ملی اِس جہان میں لعنت اور دن قیامت کے• برا

۱۰۰ الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ ۝ ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْقُرَىٰ نَقُصُّهُ عَلَيْكَ

انعام ہی جو ملا• یہ تھوڑے احوال ہیں بستیوں کے کہ ہم سناتے ہیں تجکو

۱۰۱ مِنْهَا قَائِمٌ وَحَصِيدٌ ۝ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِنْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ

کوئی اُن میں قایم ہی اور کوئی کٹ گیا• ف• اور ہمنے اُنپر ظلم نہ کیا لیکن ظلم کر گئے اپنی جان پر

فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ

پھر کچھ کام نہ آئے اُنکے ٹھاکر جنکو پکارتے تھے اللہ کے سواے

مِنْ شَيْءٍ لَمَّا جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ ۝

کسی چیز میں جب پہنچا حکم تیرے رب کا• اور کچھ نہ بڑھایا انکے حق میں سواے ہلاک کرنا

۱۰۲ وَكَذَٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَىٰ وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۚ

اور ایسی ہی پکڑ تیرے رب کی جب پکڑتا ہی بستیوں کو اور وہ ظلم کر رہے ہیں•

۱۰۳ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِمَنْ خَافَ

بیشک اُسکی پکڑ دکھ دینے والی ہی زور کی• اس بات میں نشانی ہی اُسکو جو ڈرتا ہو

عَذَابَ الْآخِرَةِ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمٌ مَجْمُوعٌ لَهُ النَّاسُ وَذَٰلِكَ يَوْمٌ

آخرت کے عذاب سے• وہ دن ہی جس میں جمع ہونگے سب لوگ اور وہ دن ہی

۱۰۵ مَشْهُودٌ ۝ وَمَا نُؤَخِّرُهُ إِلَّا لِأَجَلٍ مَعْدُودٍ ۝ يَوْمَ يَأْتِ

دیکھنے کا• اور اُسکو ہم دیر جو کرتے ہیں سو ایک وعدے کی گنتی کو• جسدن وہ آویگا

ف• قایم ہی اور کٹ گیا• یعنے آباد ہی اور اُجاڑ

لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ۝
بول نہ سکیگا کوئی جاندار مگر اُسکے حکم سے ۔ سو اُنمیں کوئی بدبخت ہی اور کوئی نیک بخت ۔

۱۰۶ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۝
سو وے لوگ جو بدبخت ہیں سو آگ میں ہیں اُنکو وہاں چلانا اور دھاڑنا ۔

۱۰۷ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا
رہا کرینگے اُسمیں جب تک رہے آسمان و زمین مگر

۱۰۸ مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ
جو چاہے تیرا رب ۔ تیرا رب کر ڈالتا ہی جو چاہے ۔ ف ۔ اور وے جو

سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ
نیک بخت ہیں سو جنت میں ہیں رہا کرینگے اُسمیں جب تک رہے آسمان

وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ۝
و زمین مگر جو چاہے تیرا رب ۔ ف ۔ بخشش ہی بے انتہا ۔

۱۰۹ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ۭ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا
سو تو نہ رہ دھوکے میں اُن چیزوں سے جنکو پوجتے ہیں یہ لوگ ۔ نہیں پوجتے مگر

كَمَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ
ویسا ہی جیسا پوجتے تھے اُنکے باپ دادے اِس سے پہلے ۔ اور ہم دینے والے ہیں اُنکو

۱۱۰ ع۱۰ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ
اُنکا حصہ بن گھٹایا ۔ اور ہمنے دی تھی موسی کو کتاب

فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ
پھر اُسمیں پھوٹ پڑ گئی ۔ اور اگر نہوتا ایک لفظ کہ آگے نکل چکا تیرے رب سے تو فیصلہ ہو جاتا

۱۱۱ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝ وَاِنَّ كُلًّا
اُن میں ۔ اور اُنکو اُس میں شبہ ہی کہ جی نہیں ٹھہرتا ۔ ف ۔ اور جتنے لوگ ہیں

ف ۔ اِسمیں دو معنے ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ رہینگے آگ میں جب تک رہیگے ہیں آسمان و زمین دنیا میں مگر جتنا اور چاہے تیرا رب وہ اُسکو معلوم ہی ۔ دوسرے یہ کہ رہینگے آگ میں جب تک رہے آسمان و زمین اِس جہان کا یعنے ہمیشہ مگر جو چاہے رب تو موقوف کر دے ۔ لیکن چاہ چکا کہ موقوف نہ ۔ اِس کہنے میں فرق نکلا اللہ کے ہمیشہ رہنے میں اور بندے کے ۔ کہ بندہ کو ہمیشہ رہے پر ساتھ یہہ بات لگی ہی کہ اللہ چاہے تو فنا کر دے

ف ۔ یعنے کتاب دی تھی ۔

لَمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۚ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ

جب وقت آیا پورا دیگا تیرا رب اُنکو اُنکے کیے • اُسکو سب خبر ہی جو کرتے ہیں •

۱۱۲ فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ

سو تو سیدھا چلا جا جیسا تجکو حکم ہوا اور جسنے توبہ کی تیرے ساتھہ اور حد سے نہ بڑھو •

۱۱۳ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ

وہ دیکھتا ہی جو تم کرتے ہو • اور مت جھکو اُن کی طرف جو

ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ

ظالم ہیں پھر تمکو لگیگی آگ • اور کوئی نہیں تمھارا اللہ کے سواے

۱۱۴ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُونَ ۝ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ

مددگار پھر کہیں مدد نہ پاؤ گے • اور کھڑی کر نماز دونو سرے

النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ

دن کے اور کچھہ ٹکڑے دن میں رات کے • البتہ نیکیاں دور کرتی ہیں

۱۱۵ السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ ۝ وَاصْبِرْ فَإِنَّ

برائیوں کو • یہہ یادگاری ہی یاد رکھنے والونکو • اور ٹھہرا رہ البتہ

۱۱۶ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ

اللہ ضایع نہیں کرتا ثواب نیکی والونکا • ف • سو کیون نہوے اُن سنگتون میں تم سے پہلے

مِنْ قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ

کوئی لوگ جن میں اثر رہا ہو کہ منع کرتے بگاڑ کرنے سے ملک میں

إِلَّا قَلِيلًا مِمَّنْ أَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا

مگر تھوڑے سے جو ہم نے بچالئے اُن میں سے • اور چلے وے لوگ جو ظالم تھے وہی راہ جسمیں

۱۱۷ فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ۝ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ

عیش پایا اور تھے گنہگار • ف • اور تیرا رب ایسا نہیں کہ ہلاک کرے بستیونکو

راہ بتانے کو لوگ اُسکے سمجھنے میں اختلاف کرنے لگے • اور لفظ آگے ہو چکا یہہ کہ دنیا میں سچ اور جھوٹھہ صاف نہوا

ف • نیکیاں دور کرتی ہیں برائیونکو تین طرح • جو نیکیاں کرے اُسکی برائیاں معاف ہون • اور جو نیکیاں پکڑے اُس سے خو برائیون کی چھوٹے • اور جس ملک میں نیکی کا رواج ہو وہان ہدایت بڑھے اور گمراہی مٹے • لیکن تینون جگہہ وزن غالب چاہیے جاننا مثل اسباب صالحون

ف • یعنے نیک لوگ غالب

ہوتے تو وہ قوم ہلاک نہوتی تھوڑے
تھے سو آپ بچ گئے

بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ۝ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً ١١٨

زبردستی سے اور لوگ وہانکے نیک ہوں • اور اگر چاہتا تیرا رب کر ڈالتا لوگوں کو ایک

وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ۝ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ ١١٩

راہ پر اور ہمیشہ رہتے ہیں اختلاف میں مگر جن پر رحم کیا تیرے رب نے • اور اسی واسطے

خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ

انکو پیدا کیا ہی • اور پورا ہوا لفظ تیرے رب کا کہ البتہ بھر دونگا دوزخ جنوں سے

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ ١٢٠

اور آدمیوں سے اکٹھے • اور سب بیان کرتے ہیں ہم تیرے پاس رسولوں کے احوال

مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّ

جس سے تسلی دیں تیرے دلکو • اور آئی تجکو اس سورے میں تحقیق بات اور نصیحت اور

ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا ١٢١

سمجھوتی ایمان والونکو • اور کہہ دے انکو جو یقین نہیں کرتے کام کیے جاؤ

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ۝ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝ ١٢٢

اپنی جگہ ہم بھی کام کرتے ہیں • اور راہ دیکھو • ہم بھی راہ دیکھتے ہیں •

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ ١٢٣

اور اللہ کے پاس ہی چھپی بات آسمانوں کی اور زمین کی اور اسی کی طرف رجوع ہی

كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

سارا کام سو اسکی بندگی کر اور اسپر بھروسا رکھہ • اور تیرا رب بے خبر نہیں جو کام کرتے ہو •

سورة یوسف مکیة و هي مائة و احدی عشر آیة
سورہ یوسف مکی ہے ایک سو گیارہ آیت کی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ
یہ آیتیں ہیں واضح کتاب کی ۝ ہم نے اسکو اتارا ہے
قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْکَ
قران عربی زبان کا شاید تم بوجھو ۝ ہم بیان کرتے ہیں تیرے پاس
اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ ھٰذَا الْقُرْاٰنَ
بہتر بیان اسواسطے کہ بھیجا ہمنے تیری طرف یہ قران ۝
وَاِنْ کُنْتَ مِنْ قَبْلِہٖ لَمِنَ الْغٰفِلِیْنَ ۝ اِذْ قَالَ یُوْسُفُ
اور تو تھا اُس سے پہلے البتہ بے خبروں میں ۝ جس وقت کہا یوسف نے
لِاَبِیْہِ یٰٓاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّالشَّمْسَ
اپنے باپ کو ای باپ میں نے دیکھے گیارہ تارے اور سورج
وَالْقَمَرَ رَاَیْتُھُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ۝ قَالَ یٰبُنَیَّ لَا تَقْصُصْ
اور چاند دیکھے میرے تئیں سجدہ کرتے ۝ کہا ای بیٹے مت بیان کر
رُءْیَاکَ عَلٰٓی اِخْوَتِکَ فَیَکِیْدُوْا لَکَ کَیْدًا اِنَّ الشَّیْطٰنَ
خواب اپنا اپنے بھائیوں پاس پھر وے بنا دینگے تیرے واسطے کچھ فریب ۝ البتہ شیطان ہی
لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۝ وَکَذٰلِکَ یَجْتَبِیْکَ رَبُّکَ وَ
انسان کا صریح دشمن ۝ ف ۝ اور اسی طرح نوازیگا تجکو رب اور
یُعَلِّمُکَ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ وَیُتِمُّ نِعْمَتَہٗ عَلَیْکَ
سکھاویگا کل تھانی باتوں کی اور پورا کریگا اپنا انعام تجھپر

ف ۝ یعنے اُسکی تعبیر ظاہر ہی سے بیٹے ہی سمجھ لینگے ۝ گیارہ بھائی تیرا اور ایک باپ ایک ماں کی طرف محتاج ہونگے پھر شیطان اُنکے دل میں حسد ڈالیگا

وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ

اور یعقوب کے گھر پر جیسا پورا کیا ہی تیرے دو باپ دادوں پر پہلے سے

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ لَقَدْ كَانَ ۷ ع۱۴

ابراہیم و اسحاق پر • البتہ تیرا رب خبردار ہی حکمتوں والا • ف • البتہ ہیں

فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا ۸

یوسف کے مذکور میں اور اُسکے بھائیوں کے نشانیاں پوچھنے والونکو • ف • جب کہنے لگے

لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ

البتہ یوسف اور اُسکا بھائی زیادہ پیارا ہی ہمارے باپ کو ہم سے اور ہم قوت کے لوگ ہیں •

اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۝ ۚ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ ۹

البتہ ہمارا باپ خطا میں ہی صریح • ف • مار ڈالو یوسف کو یا پھینک دو کہیں

اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا

ملک میں کہ اکیلا رہے تم پر توجہ تمہارے باپ کا اور ہو رہیو اُسکے پیچھے

صٰلِحِيْنَ ۝ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ ۱۰

نیک لوگ • بولا ایک بولنے والا اُنمیں مت مار ڈالو یوسف کو اور پھینک دو اُسکو

فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ

گمنام کوئے میں کہ اُٹھا لیجاوے اُسکو کوئی مسافر اگر تمکو

فٰعِلِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ ۱۱

کرنا ہی • بولے ای باپ کیا ہی کہ اعتبار نہیں کرتا ہمارا یوسف پر

وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ ۱۲

اور ہم تو اُسکے خیرخواہ ہیں • بھیج اُسکو ہمارے ساتھ کل کہ کچھ چرے اور کھیلے •

وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا ۱۳

اور ہم تو اُسکے نگہبان ہیں • ف • بولا مجکو غم پکڑتا ہی اُس سے کہ لیجاؤ

ف • نوازش اللہ کی سجدے سے سمجھے • اور کل بتمامی باتوں کی • یعنے اُسمیں واصل ہی خواب کی تعبیر اُنکے ذہن کی رسائی سے اور لیاقت سے کہ ایسا خواب موزون دیکھا چھوٹی عمر میں • ابراہیم و اسحاق کا نام لیا ماننا نہیں انما عاجزی سے

ف • نقل ہی کہ قریش نے یہود سے کہا کہ کچھ بتاؤ کہ ہم محمد سے پوچھیں سچ آزمانیکو • کہا پوچھو کہ ابراہیم کا وطن شام ہی اسکی اولاد بنی اسرائیل مصر میں کیونکر آئی کہ موسی کو فرعون سے قصہ ہوا • یہ سورة اُتری فرمایا کہ پوچھنے والونکو نشانیاں ہیں قریش کو یہ کہ ایک بھائی کا حسد کیا اطاعت قبول نہ کی آخر اسکے اُسکی طرف محتاج کیا اور اسیطرح ہو وجیسہ کر کر خراب ہو سے اور قریش نے بھائی کو وطن سے نکالا وہیں آپ خراج ہوا

ف • ہمیں ہم وقت پر کام آنیوالے ہیں اور بڑے لڑکے ہیں چھوٹے ایک بھائی اُنکا سگا تھا اور سب سوتیلے

ف • بکریاں چرانے کو جنگل جاتے تھے

بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غَافِلُوْنَ ۝
اُسکو اور ڈرتا ہون کہ کھا جاوے اُسکو بھیڑیا اور تم اُس سے بے خبر ہو ● ف

١٤ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝
بولے اگر کھا گیا اُسکو بھیڑیا اور ہم یہ جماعت ہین قوت ور تو ہم نے سب کچھ کھو دیا ●

١٥ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ج
پھر جب لیکر چلے اُسکو اور متفق ہوئے کہ ڈالین اُسکو گمنام کوئے مین ●

وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝
اور ہم نے اشارت کی اُسکو کہ تو جتاویگا اُن کو اُن کا یہ کام اور وے نہ جانینگے ● ف

١٦ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا ١٧
اور آئے اپنے باپ پاس اندھیرا پڑے روتے ● کہنے لگے اے باپ ہم دوڑتے لگے

نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ج
آگے نکلنے کو اور چھوڑا یوسف کو اپنے اسباب پاس پھر اُسکو کھا گیا بھیڑیا ●

١٨ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ۝ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ
اور تو باور نہ کریگا ہمارا اگرچہ ہم سچے ہون ● اور لائے اُسکے کرتے پر

بِدَمٍ كَذِبٍ ط قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ط
لہو لگا جھوٹھا ● بولا کوئی نہین بنا دی ہے تمکو تمہارے جیون نے ایک بات ●

فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ط وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝
اب صبر ہی بہتر ہے ● اور اللہ ہی سے مدد مانگتا ہون اُس بات پر جو بناتے ہو ● ف

١٩ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ط
اور آیا ایک قافلہ پھر بھیجا اپنا پنہارا اُس نے لٹکایا اپنا ڈول ●

قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ط وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ط وَاللّٰهُ
کہا کیا خوشی کی بات ہے یہ ہے ایک لڑکا ● اور چھپا لیا اُسکو پونجی سمجھکر ● اور اللہ

ف ● اُنکو بھیڑئے کا بہانہ کرنا تھا سو وہی اُنکے دل مین خوف آگیا

ف ● پھر جب لیکر چلے فرمایا آگے نہ فرمایا کہ کیا ہوا اسواسطے کہ لایق بیان نہین جو کچھ بھائیون نے سلوک کیا راہ مین بُرا کہنے اور مارنے لگے ● نہ آنکے رونے پر رحم کھایا نہ فریاد پر ● پھر کوئے مین ڈالا وہ کنارے کو پکڑ کر رہ گئے تب رسّی مین باندھکر لٹکایا ● آدھی دور سے چھوڑ دیا تب پانی مین گرے چوٹ سے بچے ● کوئے مین ایک پتھر پر بیٹھ رہے ● اور بھائیون نے کُرتا اُتار کر رکھ ڈالا تب وہان حق تعالیٰ کی بشارت پہنچی کہ ایک وقت تو اُنکو یاد دلاویگا اُنکا کام

ف ● یعنے کرتے پر لہو بھی تھا لگا جھوٹھا ● بھیڑیا کھاتا تو کرتا ثابت کب چھوڑ جاتا

عَلِيمٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۞ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ ج ۲۰

خوب جانتا ہی جو وے کرتے ہیں • ف • اور بیچ آئے اُسکو ناقص مول کو گنتی کی کئی پاولیان •

وَكَانُوا فِيهِ مِنَ الزَّاهِدِينَ ۞ وَقَالَ الَّذِي ۲۱ ع۳

اور ہو رہے تھے اُس سے بیزار • ف • اور کہا جس شخص نے

اشْتَرَاهُ مِنْ مِصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ

خرید کیا اُسکو مصر سے اپنی عورت کو آبرو سے رکھہ اِسکو شاید ہمارے

عَسَىٰ أَنْ يَنْفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا ط وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا

کام آوے یا ہم کر لین اُسکو بیٹا • اور اِسطرح جگہہ دی ہم نے

لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهُ مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ط

یوسف کو اُس ملک مین • اور اسواسطے کہ اُسکو سکہاوین کچھہ کل بیٹہانی باتون کی •

وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۞

اور اللہ جیت رہتا ہی اپنا کام • لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے • ف •

وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا ط وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي ۲۲

اور جب پہنچا قوت کو دیا ہمنے اُسکو حکم اور علم • اور ایسا ہی بدلا دیتے ہیں

الْمُحْسِنِينَ ۞ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهِ ۲۳

ہم نیکی والون کو • ف • اور پھسلایا اُسکو عورت نے جسکے گھر مین تہا اپنا جی تہامنے سے

وَغَلَّقَتِ الْأَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ط قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ

اور بند کیے دروازے اور بولی شتابی کر • کہا خدا کی پناہ •

إِنَّهُ رَبِّي أَحْسَنَ مَثْوَايَ ط إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ۞

وہ عزیز مالک ہی میرا اچھی طرح رکہا مجھکو • البتہ بھلا نہیں پاتے لوگ بے انصاف ہو کر •

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ ۖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَا أَنْ رَأَىٰ بُرْهَانَ رَبِّهِ ۲۴

اور البتہ عورت نے فکر کیا اُسکا اور اُسنے فکر کیا عورت کا • اگر نہو یہ کہ دیکہے قدرت اپنے رب کی

ف • کوئے مین سے حضرت یوسف کے ڈالنے مین ہو تیسرے دن پہنچے قافلے والے نے اُنکا حسن دیکہہ کر خوشی سے دکہا کہ بڑی قیمت کو بکیگا • اور اللہ خوب جانتا ہی جو کرتے ہیں • شاید یہہ مراد ہو کہ یہود اُس جاگہہ یہہ قصہ بدلتے ہیں توراۃ مین بدل ڈالا ہی ماں باپ دادون پر عیب نہ آوے

ف • انکے بہائی گئے کوئے مین نہ پایا قافلے پر دعوی کیا جب ثابت ہوا اٹھارہ درم کو بیچ دیا • درم قریب ہی پاولی کے تو بہائیون نے دو دو درم بانٹے ایک نے حصہ نہ لیا پہر آکر قافلے والون نے مصر مین جاکر بیچا • حق تعالی نے جہر بڑا ایک پہنچایا مال پر وہ پونجی کو لیکن اشارہ سے معلوم ہوا کہ سستے مول تو اُسی جگہہ بیچا ہی

ف • مصر مین عزیز نے مول لیا عزیز کہتے تہے بادشاہ کے مختار کو • اُسے ہوشیار دیکہہ کر غلامون کی طرح نہ رکہا فرزند کی طرح رکہا کہ کاروبار مین نایب ہوگا • اسطرح حق تعالی نے اُس ملک مین اُنکا قدم جمایا • پہر اُنکے سبب سے سارے بنی اسرائیل کو بسایا اور یہہ باتین سکہلاوینا کہ سرداروں کی صحبت دیکہہ کر مدعا اور اشارہ سمجہنے کا سلیقہ کمال پکڑتا ہی • اور

كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ

یونہیں ہوا اس واسطے کہ ہٹادیں ہم اُس سے برائی اور بیحیائی ۰ البتہ وہ ہے ہمارے

۲۵ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ

چنے بندوں میں ۰ ف ۰ اور دونوں دوڑے دروازے کو اور عورت نے

قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۭ قَالَتْ

چیر ڈالا اُسکا کرتا پیچھے سے اور دونوں مل گئے عورت کے خاوند سے دروازے پاس ۰ بولی

مَا جَزَاۗءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

اور کچھ سزا نہیں ایسے شخص کی جو چاہے تیرے گھر میں برائی مگر یہی کہ قید پڑے یا دکھ کی مار ۰ ف

۲۶ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ

یوسف بولا اُسی نے خواہش کی مجھ سے کہ نہ تھاموں اپنا جی اور گواہی دی ایک گواہ نے

مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ

عورت کے لوگوں میں سے ۰ اگر ہے کرتا اُسکا پھٹا آگے سے تو عورت سچی ہے اور وہ

۲۷ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ

جھوٹا ۰ اور اگر ہے کرتا اُسکا پھٹا پیچھے سے تو یہ جھوٹی ہے

۲۸ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ

اور وہ سچا ۰ ف ۰ پھر جب دیکھا عزیز نے کرتا اُسکا پھٹا پیچھے سے کہا یہ بیشک

۲۹ مِنْ كَيْدِكُنَّ ۭ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ۝ يُوْسُفُ اَعْرِضْ

ایک فریب ہے تم عورتوں کا ۰ البتہ تمہارا فریب بڑا ہے ۰ یوسف جانے دے

عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ښ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ

یہ مذکور اور عورت تو بخشوا اپنا گناہ ۰ یقین ہے کہ تو ہی

۳۰ الْخٰطِـــِٕيْنَ ۝ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ

گنہگار تھی ۰ اور کہنے لگیں عورتیں اس شہر میں عزیز کی عورت

امرات

علم خدائی پورا پاوین ۰ اور جنت رہتا ہی ۰ یعنے بھائیوں نے چاہا کہ انکو گمراہ دین اسی میں بے جرم ٹہرے

ف ۰۲ حکم دیا یعنے عقل سے مشکل باتیں حل کرنے اور علم اللہ کا دین

ف ۰۳ یعنے اُسکے ناموس میں کیونکر دخل کروں

ف ۰ نقل ہی کہ حضرت یعقوب کی صورت آنکھ نظر آئی اُنگلی دانت میں ۰ تا اپنی خیال گناہ گناہ نہیں ۰ اور اگر گناہ ہی تو کمتر سا ۰ اصل گناہ سے اللہ نے پیغمبر کو بچالیا ہی

ف ۰ حضرت یوسف دوڑے نکل جانیکو اور وہ دوڑی پکڑنیکو

ف ۰ اُس عورت کا ماننے دار ایک لڑکا دودھ پیتا یہ بول اٹھا

الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ج قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ط اِنَّا لَنَرٰىهَا

خواہش کرتی ہی اپنے غلام سے اُسکا جی فریفتہ ہوگیا اُسکی محبت مین ہم تو دیکھتے ہین

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ ٣١

وہ بہکی صریح ف۔ اور جب سنا اُنکا فریب بلوا بھیجی انکو

اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ

اور تیار کی اُنکے واسطے ایک مجلس اور دی اُنکو ہر ایک کے ہاتھ مین

مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ج فَلَمَّا رَاَيْنَهٗ

ایک چھری اور بولی یوسف نکل آ اُنکے سامنے پھر جب دیکھا اُسکو

اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا

وحشت مین آگئین اور کاٹ ڈالے اپنے ہاتھ اور کہنے لگیان حاش للہ نہین

بَشَرًا ط اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۞ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ ٣٢

یہہ شخص آدمی یہہ تو کوئی فرشتہ ہی بزرگ ف۔ بولی سو یہہ وہی ہی

الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ط وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ط

کہ طعنہ دیا تم نے اُسکے واسطے اور مین نے چاہا اُس سے اُسکا جی پھر اُس نے تھام رکھا

وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ

اور ہرگاہ اگر نہ کریگا جو مین اُسکو کہتی ہون البتہ قید پڑیگا اور ہوگا

الصّٰغِرِيْنَ ۞ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا ٣٣

بے عزت ف۔ یوسف بولا اے رب مجھکو قید پسند ہی اس بات سے جس طرف

يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ج وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ

مجھکو بلاتیان ہین اور اگر تو نہ دفع کریگا مجھسے اُن کا فریب تو مایل ہونگا اُن

اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۞ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ ٣٤

اُن کی طرف اور ہو جاؤن بے عقل سو قبول کرلی اُسکی دعا اُسکے رب نے

ف۔ یعنے غلام اِسس قابل کیا ہوگا

چھریان دی تھین میوہ کھانے کو اُ کانسن دیکھہ کرے جو اسس ہولئیں چھری سے ہاتھ کٹ گئے

ف۔ اُنکے روبرو یہہ بات کہی یا دیے بھی سمجھاوتین اور حضرت یوسف ڈر کر قبول کرین

فصرف عنه كيدهن ؕ إنه هو السميع العليم ۝ ثم

پھر دفع کیا اُس سے اُنکا فریب • وہی ہی سُنتے والا خبردار • ف • پھر یہہ

بدا لهم من بعد ما رأوا الآيات ليسجننه حتى

سوجھا لوگون کو اُن نشانیون کے دیکھنے پر کہ قید رکھیں اُسکو

حين ۝ ودخل معه السجن فتيان ؕ قال أحدهما ۳۶

ایک مدت تک • ف • اور داخل ہوئے بندی خانے مین اُسکے ساتھ دو جوان • کہنے لگا اُنمین سے

ع۵

إني أراني أعصر خمرا ۚ وقال الآخر إني أراني

ایک مین دیکھتا ہون کہ مین نچوڑتا ہون شراب • اور دوسرے نے کہا مین دیکھتا ہون

أحمل فوق رأسي خبزا تأكل الطير منه ؕ نبئنا بتأويله ۚ

کہ اُٹھا رہا ہون اپنے سر پر روٹی کہ جانور کھاتے ہین اُس مین سے • بتا ہمکو اُسکی تعبیر •

إنا نراك من المحسنين ۝ قال لا يأتيكما طعام ۳۷

ہم دیکھتے ہیں تجھکو نیکی والا • ف • بولا • آنے پاویگا تمکو کھانا

ترزقانه إلا نبأتكما بتأويله قبل أن يأتيكما ؕ ذلكما

جو ہر روز تمکو ملتا ہے مگر بتا چکونگا تمکو اُسکی تعبیر اُسکے آنے سے پہلے • یہہ علم ہی

مما علمني ربي ؕ إني تركت ملة قوم لا يؤمنون

کہ مجھکو سکھایا میرے رب نے • مین نے چھوڑا دین اُس قوم کا کہ یقین نہین رکھتے

بالله وهم بالآخرة هم كافرون ۝ واتبعت ملة آبائي ۳۸

اللہ پر اور آخرت سے وے منکر ہین • ف • اور پکڑا مین نے دین اپنے باپ دادون کا

إبراهيم وإسحاق ويعقوب ؕ ما كان لنا أن نشرك

ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کا • ہمارا کام نہین کہ شریک کرین

بالله من شيء ؕ ذلك من فضل الله علينا وعلى الناس

اللہ کا کسی چیز کو • یہہ فضل ہی اللہ کا ہم پر اور سب لوگون پر

ف • یہاں معلوم ہوتا ہی کہ اپنے مانگے سے قید پڑے • اگرچہ اللہ تعالی نے ایسا ہی قبول فرمایا کہ اُنکا فریب دفع کیا اور قید ہونا تھا قسمت مین • آدمی کو چاہیے کہ [illegible] اپنے حق مین [illegible]

ف • اگرچہ نشان سب دیکھے پر کہ گناہ عورت [illegible] اُسکو قید کیا تا بدنامی [illegible] عورت سے اُتر جاوے • یا یہہ کہ اُسکی نظر سے دور رہین

ف • جسنے شراب دیکھا وہ بادشاہ کا شراب ساز تھا دوسرا نان وائی تھا • لیکن خلاف عادت دیکھا کہ سر پر سے جانور نوچتے ہین • [illegible] دونون قید تھے اثر [illegible] اُن پر ثابت ہوئی

ف • اور [illegible] قید مین یہہ حکمت [illegible] دل [illegible] سے [illegible] دل پر اللہ کا علم روشن [illegible]

• ف • یعنے ہمارا اِس دین پر رہنا سب خلق کے حق میں فضل ہی کہ ہم سے راہ سیکھیں

۳۹ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ

لیکن بہت لوگ بھلا نہیں مانتے • ف • ای رفیقو بندی خانے کے

ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

بھلا کئی معبود جدا جدا بہتر یا اللہ اکیلا زبردست •

۴۰ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ

کچھ نہیں پوجتے سوائے اُسکے مگر نام ہی کہ رکھ لیے ہیں تم نے اور تمھارے باپدادوں نے نہیں

اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ اَمَرَ

اُتاری اللہ نے کوئی اُن کی سند • حکومت نہیں کسی کی سوائے اللہ کے • اُس نے فرمایا

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

کہ نہ پوجو مگر اُسیکو • یہی ہے راہ سیدھی پر بہت لوگ

۴۱ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ

نہیں جانتے • ای رفیقو بندی خانے کے ایک جو ہے تم دونوں میں سو پلاویگا

رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ۭ

اپنے خاوند کو شراب • اور دوسرا جو ہے سو سولی چڑھیگا پھر کھاوینگے جانور اُسکے سر میں سے •

۴۲ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ۝ وَقَالَ لِلَّذِيْ

فیصل ہوا کام جسکی تحقیق تم چاہتے تھے • اور کہہ دیا اُسکو جسکو

ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۡ فَاَنْسٰىهُ

اٹکل کہ بچیگا اُن دونوں میں میرا ذکر کریو اپنے خاوند پاس • سو بھلا دیا اُسکو

الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ۝

شیطان نے ذکر کرنا اپنے خاوند سے پھر رہا قید میں کئی برس • ف •

۴۳ ع ۱۶ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ

اور کہا بادشاہ نے میں نے خواب میں دیکھا سات گائیں موٹی اُن کو کھاتیاں ہیں

ف • فرمایا کہ ایک بار اُبھارا دیگا اُسکو • کہا کوئی • یہ حاجت نہ اسی اللہ سے فرمایا کہ اُسکے

سبع عجاف وسبع سنبلات خضر واخر يابسات ط

سات دبلی اور سات بالیں ہری اور دوسری سوکھی •

يا ايها الملا افتوني في رؤياي ان كنتم للرؤيا تعبرون ۝

ای دربار والو تعبیر کہو مجھسے میرے خواب کی اگر ہو تم خواب کی تعبیر کرتے •

٤٤ قالوا اضغاث احلام ج وما نحن بتاويل الاحلام

بولے یہ اڑتے خواب ہیں • اور ہمکو تعبیر خوابوں کی معلوم

٤٥ بعالمين ۝ وقال الذي نجا منهما وادكر بعد امة

نہیں • اور بولا وہ جو بچا تھا ان دونوں میں اور یاد کیا مدت کے بعد میں

٤٦ انا انبئكم بتاويله فارسلون ۝ يوسف ايها الصديق افتنا

بتادونگا تمکو اسکی تعبیر سو تم بھیجو مجھکو • جاکر کہا یوسف ای سچے حکم دے ہمکو

في سبع بقرات سمان ياكلهن سبع عجاف وسبع سنبلات

اس خواب میں سات گائیں موٹی انکو کھاوین سات دبلی اور سات بالیں

خضر واخر يابسات لا لعلي ارجع الى الناس لعلهم يعلمون ۝

ہری اور دوسری سوکھی کہ میں لیجاؤں لوگوں پاس شاید انکو معلوم ہووے ف •

٤٧ قال تزرعون سبع سنين دابا ج فما حصدتم فذروه

کہا تم کھیتی کروگے سات برس لگ کر • سو جو کاٹو اسکو چھوڑ دو

٤٨ في سنبله الا قليلا مما تاكلون ۝ ثم ياتي من بعد ذلك

اسکے بال میں مگر تھوڑا جو کھاتے ہو • پھر آوینگے اسکے پیچھے سات برس

سبع شداد ياكلن ما قدمتم لهن الا قليلا مما تحصنون ۝

سختی کے کھاجاوینگے جو رکھا تم نے انکے واسطے مگر تھوڑا جو روک رکھوگے •

٤٩ ثم ياتي من بعد ذلك عام فيه يغاث الناس وفيه

پھر آویگا اسکے پیچھے ایک برس اسمیں مینہہ پاوینگے لوگ اور اسمیں رس

آنکلا کرینگے • معلوم ہوا کہ تعبیر خواب یقین نہیں اٹکل ہی مگر پیغمبر جو اٹکل کرے سو ٹھیک ہی • حضرت یوسف نے اسبات کی سستی کی کہ میرا ذکر کریو بادشاہ پاس وہ بھول گیا • تا پیغمبر کا دل اسبات پر نہ ٹھہرے • اتنے کئی برس رہے قید میں اکثر لوگ کہتے ہیں سات برس رہے

ف • یعنے تیری قدر معلوم ہو

٥٠ يَعْصِرُونَ ۞ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَاءَهُ

نچوڑینگے ۰ف۰ اور کہا بادشاہ نے لیآؤ اُسکو میرے پاس ۰ پھر جب پہنچا اُس پاس

الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ

بھیجا آدمی کہا پھر جا اپنے خاوند پاس اور پوچھ اُس سے کیا حقیقت ہی اُن عورتونکی

اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ ۚ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ ۞

جنھون نے کاٹے ہاتھہ اپنے ۰ میرا رب تو اُنکا فریب سب جانتا ہی ۰ف۰

٥١ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدْتُنَّ يُوسُفَ عَنْ نَفْسِهٖ ۚ

پوچھا بادشاہ نے عورتو تمکو کیا حقیقت ہی تمھاری جب تم نے پھسلایا یوسف کو اُسکے جی سے ۰

قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ ۚ قَالَتِ امْرَأَتُ

بولیان حاشا للہ ہمکو معلوم نہین اُسپہ کچھہ بُرائی ۰ بولی عورت عزیز کی

الْعَزِيزِ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ز أَنَا رَاوَدْتُهُ عَنْ

اب کھل گئی سچی بات ۰ مین نے پھسلایا تھا اُسکو

٥٢ نَفْسِهٖ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ۞ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ

اُسکے جی سے اور وہ سچا ہی ۰ف۰ یوسف نے کہا اتنا اسواسطے کہ وہ شخص معلوم کرے

أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ ۞

کہ مین نے چوری نہین کی اُس عزیز کی چھپکر اور یہہ کہ اللہ نہین چلاتا فریب دغابازونکا ۰

٥٣ وَمَا أُبَرِّئُ نَفْسِي ۚ إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ

اور مین پاک نہین کہتا اپنے جی کو جی تو سکھاتا ہی بُرائی

٥٤ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي ۚ إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَحِيمٌ ۞ وَقَالَ

مگر جو رحم کیا میرے رب نے ۰ بیشک میرا رب بخشنے والا ہی مہربان ۰ اور کہا

الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهٖ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي ۚ فَلَمَّا

بادشاہ نے لاؤ اُسکو میرے پاس مین خالص کر رکھون اُسکو اپنے کام مین ۰ پھر جب

ف ۰ وہ سب بچو رکھا داسطے شراب ساز کے فرمایا اور سات برس کا ذخیرہ بال مین رکھوایا تا زمین مین کل نکالے سات برس قحط ہو گا جب تک پورا پڑے

ف ۰ وہی قصہ یاد دلایا کہ وے عورتین شاہد ہین بادشاہ پوچھے تو قصہ کھول دین کہ تقصیر کسکی ہی

ف ۰ حضرت یوسف نے سب کا فریب فرمایا اسواسطے کہ ایک کا فریب تھا اور اُسکی مددگار تھیں اور فریب والی کا نام نہ لیا حق پرورش کو ۰ اور بادشاہ نے پوچھا سے پھسلایا تھا اسواسطے کہ وے جانین بادشاہ خبر رکھتا ہی پھر چھوٹھہ بولین

١٣
الجزء الثالث عشر

كَلَّمَهُ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝ قَالَ

جب بات چیت کی اُس سے کہا تو نے آج ہمارے پاس جگہہ پائی معتبر ہو کر ف • یوسف نے کہا

٥٥ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ج اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝

مجھکو مقرر کر ملک کے خزانون پر میں خوب نگہبان ہون خبردار • ف •

٥٦ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ط يَتَبَوَّاُ مِنْهَا

اور یون قدرت دی ہمنے یوسف کو اُس زمین مین • جگہہ پکڑتے اُس مین

حَيْثُ يَشَآءُ ط نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ

جہان چاہے • پہنچاتے ہین ہم مہر اپنی جس کو چاہین اور ضایع نہین کرتے

٥٧ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

نیک بھلائی والون کا • اور نیک آخرت کا بہتر ہی اُنکو جو یقین لائے

٥٨ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا

ع٢

اور رہے پرہیز گاری مین • ف • اور آئے بھائی یوسف کے پھر داخل ہوئے

٥٩ عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ

اُسکے پاس تو اُسنے پہچانا اُنکو اور وے نہیں پہچانتے • ف • اور جب تیار کر دیا اُنکو

بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ج اَلَا

اُنکا اسباب کہا لے آئیو میرے پاس ایک بھائی جو تمھارا ہی باپ کی طرف سے • نہین

٦٠ تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ فَاِنْ

دیکھتے کہ مین پورے دیتا ہون بھر کے اور خوب طرح اُتارتا ہون • ف • پھر اُسکو

لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ۝

اگر نہ لائے میرے پاس تو بھرنے نہین تمکو میرے نزدیک اور میرے پاس نہ آؤ •

٦١ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ۝ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ

٦٢

بولے ہم خواہش کرینگے اُسکے باپ سے اور البتہ ہمکو کرنا • اور کہہ دیا خدمتگار دنکو اپنے

ف • اب سے عزیز کا علاقہ موقوف کیا اپنی صحبت مین رکھا

ف • اُنھون نے آپ یہہ خدمت طلب کی تا صحبت اہل دنیا سے دور رہین • اور خواب کی تعبیر اور کسی سے بن نہ آئی

ف • یہہ جواب ہوا اُنکے سوال کا کہ اولاد ابراہیم اِس طرح شام سے آئی مصر مین اور بیان ہوا کہ بھائیون نے حضرت یوسف کو گھر سے دور پھینکا تا ذلیل ہو • اللہ نے زیادہ عزت دی اور ملک پر اختیار دیا و بادشاہی ہوا ہمارے حضرت کو

ف • جب حضرت یوسف ملک مصر پر مختار ہوئے خواب کے موافق سات برس خوب آبادی کی اور ملک کا اناج ڈھیر نے گئے • پھر سات برس کے قحط مین ایک بھاو سیاہ باندھکر بکوایا اپنے ملک والونکو اور پردیسونکو برابر گر

اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا

دکھه دو اُن کی پونجی اُنکے بوجهون مین شاید اُسکو پہچانین

إِذَا انْقَلَبُوا إِلَى أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝

جب پهر کر جاوین اپنے گهر شاید وے پهر آوین • ف •

٦٣ فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَى أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا

پهر جب پهر گئے اپنے باپ پاس بولے ای باپ

مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا

بند ہوئی ہم سے بهرتی سو بهیج ہمارے ساتهه بهائی ہمارا کہ بهرتی لاوین اور ہم

٦٤ لَهُ لَحَافِظُونَ ۝ قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنْتُكُمْ

اُسکے نگہبان ہین • کہا مین کیا اعتبار کرون تمہارا اُسپر مگر وہی جیسا اعتبار کیا تها

عَلَىٰ أَخِيهِ مِنْ قَبْلُ ۖ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝

اُسکے بهائی پر پہلے • سو الله بہتر نگہبان ہی • اور وہ سب مہربانون سے مہربان •

٦٥ وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ ۖ

اور جب کهولی اپنی چیز بست پائی اپنی پونجی پهر آئی اُن کی طرف •

قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي ۖ هَٰذِهِ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا ۖ

بولے ای باپ ہم اور کیا مانگتے ہین • یہہ پونجی ہماری پهیر دی ہمکو •

وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ۖ ذَٰلِكَ

اور رسد لاوین ہم اپنے گهر کو اور خبرداری کرینگے اپنے بهائی کی اور زیادہ لیوین بهرتی ایک اونٹ کی • وہ

٦٦ كَيْلٌ يَسِيرٌ ۝ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا

بهرتی آسان ہی • کہا ہرگز نہ بهیجونگا اُسکو تمہارے ساتهه جب تک دو مجکو عہد

مِنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَنْ يُحَاطَ بِكُمْ ۖ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ

خدا کا کہ البتہ پہنچاؤگے میرے پاس اُسکو مگر کہ گهیرے جاؤ تم سارے • پهر جب دیا اُسکو عہد سب نے

پردیسی کو ایک اونٹ سے زیادہ نہ دیتے اِسمین خلق بهی قحط سے اور خزانہ پادشاہ کا بهر گیا •

ہر طرف خبر تهی کہ مصر مین اناج سستا ہی اُنکے بهائی آئے خرید کو

ف • سب سے چهوٹا بهائی حضرت یوسف کا سگا بهائی تها اُسکو بلوایا

ف • جو قیمت لائے تهے وہ چهپاکر اناج کے بوجهون مین ڈال دی احسان کرکر

قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ إِنَّ لَهُ أَبًا شَيْخًا كَبِيرًا فَخُذْ أَحَدَنَا ٧٨

کہنے لگے اے عزیز اسکا ایک باپ ہے بوڑھا بڑی عمر کا سو رکھ لے ایک ہم میں سے

مَكَانَهُ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ ٧٩

اُسکی جگہ • ہم دیکھتے ہیں تو ہی احسان کرنے والا • ف • بولا اللہ پناہ دے

أَنْ نَأْخُذَ إِلَّا مَنْ وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهُ إِنَّا إِذًا لَظَالِمُونَ ۝ فَلَمَّا ٨٠ ع

کہ ہم کسیکو پکڑیں مگر جس پاس پائی اپنی چیز تو تو ہم بے انصاف ہوئے • پھر جب

اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ۖ قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ

ناامید ہوئے اُس سے اکیلے بیٹھے مصلحت کو • بولا اُن میں کا بڑا تم نہیں

تَعْلَمُوا أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُمْ مَوْثِقًا مِنَ اللَّهِ وَمِنْ

جانتے کہ تمہارے باپ نے لیا ہے تم سے عہد اللہ کا اور

قَبْلُ مَا فَرَّطْتُمْ فِي يُوسُفَ ۖ فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىٰ

پہلے جو قصور کر چکے ہو یوسف کے حق میں سو میں نہ سرکونگا اس ملک سے جب تک

يَأْذَنَ لِي أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللَّهُ لِي ۖ وَهُوَ خَيْرُ

حکم دے مجھکو باپ میرا یا قضیہ چکا دے اللہ میری طرف • اور وہ ہی سب سے بہتر

الْحَاكِمِينَ ۝ ارْجِعُوا إِلَىٰ أَبِيكُمْ فَقُولُوا يَا أَبَانَا إِنَّ ٨١

چکانیوالا • ف • پھر جاؤ اپنے باپ پاس اور کہو اے باپ تیرے

ابْنَكَ سَرَقَ وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ

بیٹے نے چوری کی • اور ہم نے وہی کہا تھا جو ہمکو خبر تھی اور ہم کو غیب کی خبر

حَافِظِينَ ۝ وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ ٨٢

یاد نہ تھی • ف • اور پوچھ لے اُس بستی سے جس میں ہم تھے اور اُس قافلے سے

الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ ٨٣

جس میں ہم آئے ہیں • اور ہم بیشک سچ کہتے ہیں • بولا کوئی نہیں بنالی ہے

کی کہ بھائی کو باپ سے چرا کر بیچ ڈالا اور میری چوری کا حال اللہ کو معلوم ہے اپر چوری کا طعن زیادہ قصہ یہ کہ حضرت یوسف کو پھپھی نے پالا جب بڑے ہوئے تو باپ نے چاہا اپنے پاس رکھیں پھپھی کو محبت تھی پٹکا ایک اُنکی کمر سے باندھ دیا پھر اُسکو ڈھونڈھنے لگیں لوگوں میں چرچا ہوا آخر اُنکی کمر سے نکلا موافق اُس دین کے ایک برس پھپھی پاس اور رہے

ف • شاید یہ بیٹا بوڑھے باپ کا ہی ہاتھ پکڑتے ہیں چھڑا نہیں

ف • یعنے اور بھائیوں کو رخصت کیا بڑا بھائی رہ گیا اِس توقع پر کہ شاید مہربان ہوکر خلاص کر دیں

ف • یعنے تمکو قول دیا تھا اپنی دانست پر اور چوری کی خبر نہ تھی • یا اپنے چور کو پکڑ رکھنا سیکھا

لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْرًا ط فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ط عَسَى اللَّهُ أَن

تمہارے جی نے ایک بات اب صبر ہی بہتر ہے شاید اللہ لے آوے

يَأْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيعًا ط إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ وَتَوَلَّىٰ ۸۴

میرے پاس اُن سبکو وہی ہے خبردار حکمتوں والا • ف • اور اُلٹا پھرا

عَنْهُمْ وَقَالَ يَا أَسَفَىٰ عَلَىٰ يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ

اُنکے پاس سے اور بولا اے افسوس یوسف پر اور سفید ہو گئیں آنکھیں اُسکی

الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ تَفْتَأُ تَذْكُرُ يُوسُفَ ۸۵

غم سے سو وہ آپ کو گھونٹ رہا • ف • کہنے لگے قسم اللہ کی تو نہ چھوڑیگا یاد یوسف کی

حَتَّىٰ تَكُونَ حَرَضًا أَوْ تَكُونَ مِنَ الْهَالِكِينَ ۝ قَالَ إِنَّمَا ۸۶

جب تک کہ گل جاوے یا ہو جاوے مردہ • ف • بولا میں تو

أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ

کھولتا ہوں اپنا احوال اور غم اللہ ہی کے پاس اور جانتا ہوں اللہ کی طرف سے

مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا مِن يُوسُفَ ۸۷

جو تم نہیں جانتے • ف • اے بیٹو جاؤ اور تلاش کرو یوسف کی

وَأَخِيهِ وَلَا تَيْأَسُوا مِن رَّوْحِ اللَّهِ ط إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ

اور اُسکے بھائی کی اور مت ناامید ہو اللہ کے فیض سے بیشک ناامید نہیں

مِن رَّوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ ۝ فَلَمَّا دَخَلُوا ۸۸

اللہ کے فیض سے مگر وہی لوگ جو منکر ہیں • پھر جب داخل ہوئے

عَلَيْهِ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا الضُّرُّ

اُسکے پاس بولے اے عزیز پڑی ہم پر اور ہمارے گھر پر سختی اور

وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجَاةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ط

لائے ہیں ہم پونجی ناقص سو پوری دے ہمکو بھرتی اور خیرات کر ہم پر •

اپنے دین کے موافق معلوم تھا کہ بھائی چور ہی

ف • پہلی بار کی بے اعتباری سے اب کے بھی حضرت یعقوب نے بیٹوں کا اعتبار نہ کیا • لیکن نبی کا کلام جھوٹھ نہیں بیٹوں کی بناوٹی بات تھی

ف • یعنے غم کی بات منہ سے نہ نکالتا تھا مگر اُسوقت اِتنا کہا ایسا درد اِتنی مدت دبا رکھنا کسکا کام ہی سوا سے پیغمبر

ف • اِس بیٹے کے جانے سے پھر یوسف کا غم تازہ ہوا

ف • یعنے تم کیا مجھکو صبر سکھاؤگے • لیکن بے صبر وہ ہے جو خلق کے آگے شکایت کرے خالق کی • میں تو اُسی سے کہتا ہوں جس نے درد دیا ہے • اور یہ بھی جانتا ہوں کہ پھر آزمایش ہی دیکھوں کس حد کو پہنچ کر بس ہو

٨٩ إِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ ۝ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَا فَعَلْتُمْ

اللہ بدلا دیتا ہے خیرات کرنے والوں کو • ف • کہا کچھ خبر رکھتے ہو تم کیا کیا تم نے

٩٠ بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنْتُمْ جَاهِلُونَ ۝ قَالُوا أَإِنَّكَ لَأَنْتَ يُوسُفُ ط

یوسف سے اور اُسکے بھائی سے جب تمکو سمجھ نہ تھی، بولے کیا سچ تو ہی ہے یوسف •

قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهٰذَا أَخِي ز قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ط إِنَّهُ مَنْ يَتَّقِ

کہا میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی • اللہ نے احسان کیا ہم پر • البتہ جو کوئی پرہیزگار ہو

٩١ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالُوا تَاللّٰهِ لَقَدْ

اور ثابت رہے تو اللہ نہیں کھوتا نیگ والوں کا ف • بولے قسم اللہ کی البتہ

٩٢ آثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَإِنْ كُنَّا لَخَاطِئِينَ ۝ قَالَ لَا تَثْرِيبَ

تجھکو پسند رکھا اللہ نے ہم سے اور ہم تھے چوکنے والے • ف • کہا کچھ الزام نہیں

عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ط يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ز وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝

تم پر آج • بخشے اللہ تمکو اور وہی سب مہربانوں سے مہربان •

٩٣ اذْهَبُوا بِقَمِيصِي هٰذَا فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا ج

لیجاؤ کرتا میرا اور ڈالو منہ پر میرے باپ کے کہ چلا آوے آنکھوں سے دیکھتا •

٩٤ وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ ع

اور لے آؤ میرے پاس گھر اپنا سارا • ف • اور جب جدا ہوا قافلہ

قَالَ أَبُوهُمْ إِنِّي لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ لَوْلَا أَنْ تُفَنِّدُونِ ۝

کہا اُن کے باپ نے میں پاتا ہوں بو یوسف کی اگر نہ کہو کہ بوڑھا بہک گیا •

٩٥ ٩٦ قَالُوا تَاللّٰهِ إِنَّكَ لَفِي ضَلَالِكَ الْقَدِيمِ ۝ فَلَمَّا أَنْ جَاءَ

لوگ بولے قسم اللہ کی تو ہی اپنی اسی غلطی میں قدیم کی • پھر جب پہنچا

الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَىٰ وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا ج قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ

خوشخبری والا ڈالا وہ کرتا اُسکے منہ پر پھر آگیا آنکھوں سے دیکھتا، بولا میں نے نہ کہا تھا تمکو

ف • قحط میں سب اسباب گھر کا بک گیا اب کی بار آدمی اور پیراتر ایسی چیزیں لائے تھے اناج خریدنے کو • یہ حال سنکر حضرت یوسف کو رحم آیا اپنے تئیں ظاہر کیا اور سارے گھر کو بلوایا

ف • جسپر تکلیف پڑے اور وہ شرع سے باہر نہ ہو اور گھبراوے نہیں تو آخر بلا سے زیادہ عطا لے

ف • یعنے تیرا خواب سچ تھا اور ہمارا حسد غلط

ف • ہر مرض کی اللہ کے یہاں دوا ہے آنکھیں گئیں تھیں ایک شخص کے فراق میں اُسکے بدن کی چیز ملنے سے چنگی ہوئیں • یہ کرامات تھی حضرت یوسف کی

ف ٭ حضرت یوسف نے کرتا اور سواری اور خرچ بھیجا اپنے غلام کے ہاتھ ٭ اُسنے آکر کرتا منہہ پر ڈالا اور خوشخبری دی ٭ آنکھیں کھل گئیں

اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا ۹۷ ربع

میں جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے ٭ ف ٭ بولے ای باپ

اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ۝ قَالَ سَوْفَ ۹۸

بخشوا ہمارے گناہوں کو بیشک ہم تھے چوکنے والے ٭ کہا اب

اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

بخشواؤنگا اپنے رب سے ٭ وہی ہی بخشنے والا مہربان ٭

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ۹۹

پھر جب داخل ہوئے یوسف پاس جگہہ دی اپنے پاس ماباپ کو اور کہا

ف ٭ باہر شہر سے استقبال کو نکلے وہاں یہہ کہا

ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۝ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ ۱۰۰

داخل ہو مصر میں اللہ نے چاہا تو خاطر جمع سے ٭ ف ٭ اور اونچا بٹھایا اپنے ماباپ کو

عَلَي الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا

تخت پر اور سب گرے اُسکے آگے سجدے میں ٭ اور کہا ای باپ یہہ

تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۡ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ

بیان ہی میرے اُس پہلے خواب کا ٭ اُسکو میرے رب نے سچ کیا ٭ اور اُسنے خوبی کی

بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَاۗءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ

مجھسے جب مجھکو نکالا قید سے اور تمکو لے آیا گانوں سے

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ

بعد اُسکے کہ جھگڑا اُٹھایا شیطان نے مجھ میں اور میرے بھائیوں میں ٭ میرا رب

ف ٭ جو اللہ کے احسان تھے سو ذکر کئے اور جو تکلیف تھی وعمل شیطان سے اُسکو منہہ پر نہ لائے مجمل سنادیا ٭ اگلے زمانے میں سجدہ کرنا تعظیم تھی آپس کی

لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ ۱۰۱

تدبیر سے کرتا ہی جو چاہے ٭ بیشک وہی ہی خبردار حکمتوں والا ٭ ف ٭ ای رب تو نے دی مجکو کچھ

مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

حکومت اور سکھایا مجکو کچھ پھیر باتوں کا ٭ ای پیدا کرنیوالے آسمان

وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا

وزمین کے تو ہی میرا کارساز ہی دنیا مین اور آخرت مین • موت دے مجھکو

۱۰۲ وَاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ

نیک بختون مین • ف • یہ خبرین ہین غیب کی ہم بھیجتے ہین

اِلَیْكَ ج وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ ۝

تجھکو • اور تو نتھا انکے پاس جب ٹھہرانے لگے اپنا کام اور فریب کرنے لگے • ف •

۱۰۳ ۱۰۴ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ ۝ وَمَا تَسْــَٔلُهُمْ

اور نہیں بہت لوگ یقین لانیوالے اگرچہ تو للچاوے • اور تو مانگتا نہین

۱۰۵ ۱۰۶ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ وَكَاَیِّنْ

اُسے اُسپر کچھ بدلہ • یہہ تو اور نہین مگر نصیحت سارے عالم کو • اور بہتیری

مِّنْ اٰیَةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَمُرُّوْنَ عَلَیْهَا وَهُمْ عَنْهَا

نشانیان ہین آسمان اور زمین مین جن پر ہو نکلتے ہین اور اُن پر دھیان

۱۰۶ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَمَا یُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۝

نہیں کرتے • اور یقین نہین لاتے بہت لوگ اللہ پر مگر ساتھہ شریک بھی کرتے ہین • ف •

۱۰۷ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِیَهُمْ غَاشِیَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِیَهُمُ السَّاعَةُ

کیا نڈر ہوے ہین کہ آ ڈھانکے اُنکو ایک آفت اللہ کے عذاب کی یا آ پہنچے قیامت

۱۰۸ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ۝ قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْٓا اِلَی اللّٰهِ ط عَلٰی

اچانک اور اُن کو خبر نہو • کہہ یہہ میری راہ ہی بلاتا ہون اللہ کی طرف

بَصِیْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ ط وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝

سمجھہ بوجھہ کر مین اور جو میرے ساتھہ ہی • اور اللہ پاک ہی اور مین نہین شریک بنانیوالا •

۱۰۹ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ مِّنْ اَهْلِ

اور جتنے بھیجے ہم نے تجھسے پہلے ہی مرد تھے کہ حکم بھیجتے تھے ہم اُن کو بستیوں کے

• سب لوگون نے حضرت آدم کو
کیا تھا • اُس وقت اللہ نے وہ رواج
موقوف کیا وان المساجد للہ •
اُس وقت پہلے رواج پر چلنے دیا
ہی کہ کوئی بہو... سے نکاح کرے
کہ حضرت آدم کے وقت ہوا ہی
ف • علم کامل یا دولت کامل
پائی اب شوق ہوا اپنے باپ
دادے کے مراتب کا • حضرت
یوسف کی زندگی تک رہے دنیا
کے کام مین پیچھے اپنے اختیار سے
چھوڑ دیا

ف • یعنی یہہ مذکور توراۃ مین
اور پہلی کتابون مین بھی نہیں

ف • یعنے منہہ سے سب لیتے
ہین کہ خالق مالک سب کا وہی
ہی • پھر اوروں کو پکارتے ہین

الْقُرٰى ط اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ

رہنے والے • سو کیا یہ لوگ نہیں پھرے ملک میں کہ دیکھیں کیسا ہوا

عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

آخر اُن کا جو اُن سے پہلے تھے • اور پچھلا گھر تو بہتر ہی

اتَّقَوْا ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ حَتّٰى اِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَ ١١٠

پرہیزگاروں کو اب کیا تم نہیں سوچتے • یہاں تک کہ جب ناامید ہونے لگے رسول اور

ظَنُّوْا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ط

خیال کرنے لگے کہ اُن سے جھوٹ کہا تھا پہنچی اُن کو مدد ہماری • پھر بچا دیا جن کو ہم نے چاہا •

وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَقَدْ كَانَ ١١١

اور پھیری نہیں جاتی آفت ہماری قوم گنہگار سے • ف • البتہ اُنکے احوال سے

فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ط مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى

اپنا حال قیاس کرنا ہے عقل والوں کو • کچھ بات بنائی ہوئی نہیں

وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ

لیکن موافق اُسکے کلام کے جو اُس سے پہلے ہی اور کھولنا ہر چیز کا

وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

اور راہ سجھانی اور مہربانی اُن لوگوں کو جو یقین لانے ہیں •

ف • یعنے وعدہ عذاب کو دیر لگی یہاں تک کہ رسول نا امید ہونے لگے کہ شاید ہماری زندگی میں نہ آیا پیچھے آوے • اور لوگ یا رخیال کرنے لگے کہ شاید وعدہ خلاف تھا • ایسے خیال سے آدمی کافر نہیں ہوتا اگر جانتا ہی کہ یہ خیال بد ہی

کلمات	سورة الرعد مكية وهى ثلث واربعون اٰية	حروف
٨٥٥	سورۂ رعد مکی ہی تینتالیس آیت کی	٣٥٠٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ط وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ ع٧

یہ آیتیں ہیں کتاب کی • اور جو کچھ اُترا تجھ

۲ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ اللَّهُ
تیرے رب سے سو حق ہی لیکن بہت لوگ نہیں مانتے ۰ اللہ
الَّذِي رَفَعَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوَىٰ
وہ ہی جن نے اونچے بنائے آسمان بن ستون دیکھتے ہو پھر قائم ہوا
عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي
عرش پر اور کام لگایا سورج اور چاند ۰ ہر ایک چلتا ہی
لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ط يُدَبِّرُ الْأَمْرَ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُم
ایک ٹھہری مدت تک ۰ تدبیر کرتا ہی کام کی کھولتا ہی نشانیاں شاید تم
۳ بِلِقَاءِ رَبِّكُمْ تُوقِنُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ
اپنے رب سے ملنا یقین کرو ۰ ف ۰ اور وہی ہی جن نے پھیلائی زمین اور رکھے
فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ط وَمِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ
اُس میں بوجھ اور ندیاں ۰ اور ہر میوے کے رکھے اُس میں
فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ ط إِنَّ فِي ذَٰلِكَ
جوڑے دوہرے ڈھانکتا ہی دن پر رات ۰ اس میں نشانیاں ہیں
۴ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجَاوِرَاتٌ
اُن کو جو دھیان کرتے ہیں ۰ ف ۰ اور زمین میں کئی کھیت ہیں لگے ہوئے
وَجَنَّاتٌ مِّنْ أَعْنَابٍ وَزَرْعٌ وَنَخِيلٌ صِنْوَانٌ
اور باغ ہیں انگور کے اور کھیتی اور کھجوریں جڑ ملی
وَغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقَىٰ بِمَاءٍ وَاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا
اور بن ملی پاتے ہیں ایک پانی ۰ اور ہم زیادہ کرتے ہیں ایک کو
عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ط إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ
ایک سے میوے میں ۰ اُس میں نشانیاں ہیں اُن کو

ف ۰ چلتا ہی ٹھہری مدت تک ۰ یعنے قیامت تک یا اپنے اپنے دور تک سورج ایک برس تک اور چاند ایک مہینے تک پھر نیا دور شروع کرتے ہیں

ف ۰ ہر میوے کے جوڑے ۰ یعنے ایک قسم کامل ایک قسم ناقص ۰ اور رات دن ایک اندھیرا ایک اُجالا ہر رنگ چیز میں بنائی سو ان ہی کر اپنی خوشی سے بنایا اگر ہر چیز حاجت سے ہوتی تو ایک سی ہوتی

دوسرے مترجم کا ترجمہ
اور زمین میں ٹکڑے ہیں ملے ہوئے اور انگوروں کے باغ ہیں اور کھیتیاں ہیں اور خرمے کے جھاڑ دار درخت اور بے جھاڑ ایک ہی پانی سے سینچے جاتے ہیں

يَعْقِلُونَ ۝ وَإِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ أَإِذَا كُنَّا ۵

جو بوجھتے ہیں • اور اگر تو اچنبھے کی بات چاہے تو اچنبھا ہی اُنکا کہنا کیا جب

تُرَابًا أَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ط أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا

ہو گئے ہم مٹی کیا ہم نئے بنینگے • وہی ہیں جو منکر ہوئے

بِرَبِّهِمْ ج وَأُولَٰئِكَ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ ج وَأُولَٰئِكَ

اپنے رب سے • اور وہی ہیں کہ طوق ہیں اُنکی گردنوں میں • اور وے ہیں

أَصْحَابُ النَّارِ ج هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ ۶

دوزخ والے • وے اُس میں رہا کرینگے • اور شتاب چاہتے ہیں تجھسے

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلَاتُ ط

برائی آگے بھلائی سے اور ہو چکی ہیں اُنسے پہلے کہاوتیں •

وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ لِلنَّاسِ عَلَىٰ ظُلْمِهِمْ ج وَإِنَّ

اور تیرا رب معاف بھی کرتا ہی لوگونکو اُنکی گنہگاری پر • اور تیرے

رَبَّكَ لَشَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۷

رب کی مار بھی سخت ہی • ف • اور کہتے ہیں منکر

لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ط إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ ص وَ

کیون نہ اُتری اُسپر کوئی نشانی اُسکے رب سے • تو تو ڈر سنانیوالا ہی • اور

لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثَىٰ ۸ ع ۸

ہر قوم کو ہوا ہی راہ بتانیوالا • اللہ جانتا ہی جو پیٹ میں رکھتی ہی ہر مادہ

وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ط وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ

اور گھٹتے ہیں پیٹ اور بڑھتے ہیں • اور ہر چیز کی ہی اُس پاس

بِمِقْدَارٍ ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَاءٌ مِنْكُمْ ۹ ۱۰

گنتی • جاننے والا چھپے اور کھلے کا سب سے بڑا اوپر • برابر ہی تم میں

ف • بُرائی چاہنے ہیں آگے بھلائی سے • یعنے ایمان نہیں قبول کرتے کہ تب خوبی پاوین • انکار کرتے ہیں اور رکھتے ہیں عذاب لے آؤ اور پہلے ہو چکی ہیں کہاوتیں • یعنے عذاب ویسے جنکی کہاوتیں چلی ہیں

مَنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِالَّيْلِ
جو چھپی بات کہے اور جو کہے پکار کر اور جو چھپ رہا ہی رات میں

۱۱ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ ۝ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ
اور گلیوں میں پھرتا ہی دن کو ● ف اُسکے پہرے والے ہیں بندے کے آگے سے اور پیچھے سے اُسکو

يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى
بچاتے ہیں اللہ کے حکم سے ● اللہ نہیں بدلتا جو ہی کسی قوم کو جب تک

يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ
وے نہ بدلیں جو اپنے جیوں میں ہی ● اور جب چاہے اللہ کسی قوم پر برائی پھر وہ نہیں پھرتی ●

۱۲ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ
اور کوئی نہیں اُنکو اُس بن مددگار ● ف ● وہی ہی کہ تمکو دکھاتا ہی

الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ وَيُسَبِّحُ
بجلی ڈرکو اور امید کو اور اٹھاتا [illegible] ادلی ● اور پڑھتی ہی

الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ
گرج خوبیاں اُسکی اور سب فرشتے اُسکے ڈر سے ● اور بھیجتا ہی

الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ
کڑاکے پھر ڈالتا ہی جسپر چاہے اور یے لوگ جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں ●

۱۳ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ
اور اُسکی آن سخت ہی ● اور اُسیکا پکارنا سچ ہی ● اور جنکو پکارتے ہیں

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ
اُسکے سوائے نہیں پہنچتے اُنکے کام پر کچھ مگر جیسے کوئی پھیلا رہا دونوں ہاتھ

اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ
پانی کیطرف کہ آ پہنچے اُسکے مُنہ تک اور وہ کبھی نہ پہنچیگا ● اور جتنی پکار ہی منکروں کی

ف ● یعنے جو اپنا کام رات کو چھپاوے یا دن کو ظاہر کرے اللہ تعالیٰ کے نزدیک برابر ہی

ف ● یعنے اللہ اپنی نگہبانی سے اور مہربانی سے محروم نہیں کرتا کسی قوم کو جو ہمیشہ اسکی طرف سے رہی ہی جب تک وے اپنی چال نہ بدلیں اللہ کے ساتھ

۱۵

إِلَّا فِي ضَلَالٍ ۝ وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

سب گمراہی ہی• ف• اور اللہ کو سجدہ کرتا ہی جو کوئی ہی آسمان و زمین مین

۱۶ سجدہ

طَوْعًا وَكَرْهًا وَظِلَالُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ۩ قُلْ مَنْ

خوشی اور زور سے اور اُنکی پرچھائیان صبح اور شام• ف • پوچھہ کون ہی

رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ط قُلِ اللَّهُ ط قُلْ أَفَاتَّخَذْتُمْ

رب آسمان و زمین کا• کہہ اللہ• کہہ پھر تم نے پکڑے ہین

مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا ط

اُسکے سوا ایسے حمایتی جو مالک نہین اپنے بھلے بُرے کے•

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ لا أَمْ هَلْ تَسْتَوِي

کہہ کوئی برابر ہوتا ہی اندھا اور دیکھتا • یا کہین برابر ہی

الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ ج أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا

اندھیرا اور اُجالا • یا ٹھہرائے ہین اُنھون نے اللہ کے شریک کہ اُنھون نے

كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ط قُلِ اللَّهُ خَالِقُ

کچھ بنایا ہی جیسے بنایا اللہ نے پھر مل گئی پیدایش انکی نظر مین • کہہ اللہ ہی بنانے والا

۱۷

كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ

ہر چیز کا اور وہی ہی اکیلا زبردست • اُتارا آسمان سے

مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَابِيًا ط

پانی پھر بہے نالے اپنے اپنے موافق پھر اوپر لایا وہ نالا جھاگ پھولا ہوا•

وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ

اور جس چیز کو دھونکتے ہین آگ مین واسطے زیور کے یا اسباب کے

زَبَدٌ مِثْلُهُ ط كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ط فَأَمَّا

اُسمین بھی جھاگ ہی • ویسا ہی یون بتاتا ہی اللہ صحیح اور غلط کو سو وہ

ف • کافر جنکو پکارتے ہین بعضے خیال ہین اور بعضے چیزین ہین • اور بعضی چیزین ہین کہ اُنمین کچھہ خواص ہین لیکن اپنے خواص کے مالک نہین • پھر کیا حاصل اُنکا پکارنا جیسے آگ یا پانی • اور شاید ستارے بھی اِسی قسم مین ہون یہہ اُسکی مثال • ماہی

ف • جو اللہ پر یقین لایا ہوی سے سر رکھتا ہی اُسکے حکم پر • اور جو یقین نہی لایا آخر اُسپر بھی اُسی کا حکم جاری ہی • اور پرچھائیان صبح اور شام زمین پر پسر جاتی ہین یہی ہی اُنکا سجدہ •

الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ

جو جھاگ ہی سو جاتا ہی سوکھ کر • اور وہ جو کام آتا ہی لوگوں کے سو رہتا ہی

١٨ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ۚ لِلَّذِيْنَ

زمین میں • یوں بتاتا ہی اللہ کہاوتیں • ف • جنھوں نے

اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ

مانا اپنے رب کا حکم اُنکو ہی بھلائی • اور جنھوں نے اُسکا حکم نہ مانا

لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا

اگر اُن پاس ہوتا کچھ زمین میں ہی سارا اور اُسکے برابر ساتھ اُسکے سب دیتیں اپنی چھڑوائی

بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ

میں • اُن لوگوں کو لئے ہی بُرا حساب • اور ٹھکانا ان کا دوزخ ہی •

ع ١٩ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۞ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

اور بُری ہی تیاری • بھلا جو شخص جانتا ہی کہ جو کچھ اُترا تجکو تیرے رب سے ٹھیک ہی

٢٠ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۙ الَّذِيْنَ

برابر ہوگا اُسکے جو اندھا ہی • وہی سمجھتے ہیں جنکو عقل ہی • وے جو

يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۙ

پورا کرتے ہیں قرار اللہ کا اور نہیں توڑتے قرار •

٢١ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ

اور وے جو جوڑتے ہیں جس کو اللہ نے فرمایا جوڑنے اور ڈرتے ہیں

٢٢ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۙ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا

اپنے رب سے اور اندیشہ رکھتے ہیں بُرے حساب کا • اور وے جو ثابت رہے

ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

چاہنے کو منہ اپنے رب کا اور کھڑی رکھتے نماز اور خرچ کیا ہمارے دئے میں سے

ف • یعنی آسمان سے دین حق اُترا ہی تو ہر ایک اپنی استعداد کے موافق فیض لیتا ہی • پھر حق اور باطل بھڑتا ہی تو میل اُبھر آتا ہی جیسے مینہ کا پانی زمین میں ملکر یا دیتے تاپنے کو دھکا کر میل اُبھرتا ہی آخر جھاگ کو بنیاد نہیں • اور کام کی چیز کو بنیاد ہی • یہاں حق اور باطل بھڑتا دنیا کی لڑائی مراد ہی آخر حق غالب ہی • یا ہر ایک کے دل میں حق و باطل بھڑتا ہی آخر حق اسی باطل کو مٹا کر ثابت ہی رہتا ہی

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ

چھپے اور کھلے کرتے ہیں برائی کے مقابل بھلائی ان لوگوں کو ہی

لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ ۲۲

پچھلا گھر ۔ باغ ہیں رہنے کے داخل ہونگے ان میں اور جو

صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَ

نیک ہوئے انکے باپ دادوں میں اور جوروؤں میں اور اولاد میں ۔ اور

الْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ ۲۳

فرشتے آتے ہیں ان پاس ہر دروازے سے ۔ کہتے ہیں

عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَالَّذِيْنَ ۲۴

سلامتی تم پر بدلے اسکے کہ تم ثابت رہے سو خوب ملا پچھلا گھر ۔ اور جو لوگ

يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ

توڑتے ہیں قرار اللہ کا اسکو پکا کر کر اور کاٹتے ہیں جو چیز کہا اللہ نے

بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ

اسکو جوڑنے اور فساد اٹھاتے ہیں ملک میں ایسے لوگ

لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۲۵

انکو ہی لعنت اور ان کو ہی برا گھر ۔ اللہ کشادہ کرتا ہی روزی جسکو چاہے

وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۲۶ ع۱

اور تنگ ۔ اور وے ریجھے ہیں دنیا کی زندگی پر ۔ اور دنیا کی زندگی کچھ نہیں

فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ

آخرت کے حساب میں مگر تھوڑا برتنا ۔ اور کہتے ہیں منکر کیوں

اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ

نہ اترا اسپر کوئی نشانی اسکے رب سے ۔ کہہ اللہ بھٹکاتا ہی جسکو چاہے

يَفْرَحُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَنْ يُنْكِرُ بَعْضَهُ ط

خوش ہوتے ہیں اُس سے جو اُترا تیری طرف اور بعضے فرقے نہیں مانتے اُسکی بعضی بات ٭

قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَا أُشْرِكَ بِهِ ط إِلَيْهِ

کہہ مجکو یہی حکم ہوا کہ بندگی کروں اللہ کی اور شریک نہ کروں اُسکے ساتھ ٭ اُسیکی طرف

٣٧ أَدْعُوا وَإِلَيْهِ مَآبِ ۝ وَكَذٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ط

بلاتا ہوں اور اُسیکی طرف میرا ٹھکانا ٭ اور اسیطرح اُتارا ہم نے یہ کلام حکم عربی زبان میں ٭

وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ لا

اور اگر تو چلے اُن کے شوق پر بعد اِس علم کے جو تجکو پہنچا ٭

٣٨ ١٢ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا

کوئی نہیں تیرا اللہ سے حمایتی اور نہ بچانے والا ٭ اور بھیجے ہیں ہم نے کئی رسول

مِنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً ط وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ

تجھ سے آگے اور دی تھیں اُن کو جوروئیں اور لڑکے ٭ اور نہ تھا کسی رسول کو

أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ط لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ۝

کہ لے آوے کوئی نشانی مگر اللہ کے اذن سے ٭ ہر وعدہ ہے لکھا ہوا ٭

٣٩ يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ صلے وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ ۝

مٹاتا ہے اللہ جو چاہے اور رکھتا ہے ٭ اور اُسی پاس ہے اصل کتاب ٭ ف ٭

٤٠ وَإِنْ مَا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

اور یا کبھی دکھاویں ہم تجکو کوئی وعدہ جو دیتے ہیں اُنکو یا تجکو بھر لیویں

٤١ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا

سو تیرا ذمہ تو پہنچانا ہی اور ہمارا ذمہ ہے حساب لینا ٭ کیا نہیں دیکھتے کہ

أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ط وَاللّٰهُ

ہم چلے آتے ہیں زمین پر گھٹاتے اُسکو کناروں سے ٭ اور اللہ

ف ٭ دنیا میں ہر چیز اسباب سے ہی بعضے اسباب ظاہر ہیں بعضے چھپے ہیں ٭ اسباب کی تاثیر کا ایک اندازہ ہی ٭ جب اللہ چاہے اُسکی تاثیر اندازے سے کم زیادہ کردے جب چاہے ویسی ہی رکھے ٭ آدمی کبھی لنگر سے مرتا ہے اور کبھی گولی سے بچتا ہے ٭ اور ایک اندازہ ہر چیز کا اللہ کے علم میں ہی وہ ہرگز نہیں بدلتا اندازے کو تقدیر کہتے ہیں ٭ یہ دو تقدیریں ہوئیں ایک بدلتی ہی اور ایک نہیں بدلتی

يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ وَ ۴۲

حکم کرتا ہی کوئی نہیں کہ پیچھے ڈالے اسکا حکم • اور وہ شتاب لیتا ہی حساب • ف • اور

قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلَّهِ الْمَكْرُ جَمِيعًا ۖ

فریب کر چکے ہیں اُن سے اگلے سو اللہ کے ہاتھ میں ہی سب فریب •

يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۗ وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّارُ لِمَنْ

جانتا ہی جو کماتا ہی ہر جی • اور اب معلوم کرینگے منکر کسکا

عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ ۴۳

ہوتا ہی پچھلا گھر • اور کہتے ہیں منکر تو بھیجا ہوا نہیں آیا •

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهُ

کہہ اللہ بس ہی گواہ • میرے تمہارے بیچ اور جسکو

عِلْمُ الْكِتَابِ ۝

خبر ہی کتاب کی • ف •

ف • ہم چلے آتے ہیں زمین پر گھٹاتے • یعنی اسلام پھیلتا جاتا ہی عرب کے ملک میں اور کفر گھٹتا ہی

ف • اللہ گواہ یوں ہی کہ سچ کو بڑھاوے اور جھوٹھ کو مٹا دے • اور گواہ ہیں پہلی کتاب جاننے والے کہ آگے ہی اسیطرح اُترتی ہی کتاب

سورة ابراهيم مكية وهي اثنان وخمسون آية

سورت ابراہیم مکی ہی باون آیت کی

کلمات ۸۳۱ حروف ۳۴۳۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

الر ۚ كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ ۱

ایک کتاب ہی کہ ہم نے اُتاری تیری طرف کہ تو نکالے لوگوں کو

الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۙ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ

اندھیروں سے اُجالے کی اور • اُنکے رب کے حکم سے راہ پر اُس زبردست

۲ الْحَمِيدِ ۝ اللهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ط
سراہے اللہ کی • جس کا ہی جو کچھ آسمان اور زمین میں •

۳ وَوَيْلٌ لِلْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ۝ الَّذِينَ
اور خرابی ہی منکروں کو ایک سخت عذاب سے • جو پسند

يَسْتَحِبُّونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَيَصُدُّونَ
رکھتے ہیں زندگی دنیا کی آخرت سے اور روکتے ہیں

عَنْ سَبِيلِ اللهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا ط أُولٰئِكَ فِي ضَلَالٍ
اللہ کی راہ سے اور ڈھونڈتے ہیں اُس میں کجی وے بھول پڑے ہیں

بَعِيدٍ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ط
دور • اور کوئی رسول نہیں بھیجا ہم نے مگر بولی بولتا اپنی قوم کی کہ اُنکے آگے بیان کرے •

فَيُضِلُّ اللهُ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ط وَهُوَ الْعَزِيزُ
پھر بھٹکاتا ہی اللہ جسکو چاہے اور راہ دیتا ہی جسکو چاہے • اور وہ زبردست ہی

الْحَكِيمُ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسٰى بِآيَاتِنَا أَنْ أَخْرِجْ قَوْمَكَ
حکمتوں والا • ف • اور بھیجا تھا ہم نے موسی کو اپنی نشانیاں دیکر کہ نکال اپنی قوم کو

مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَذَكِّرْهُمْ بِأَيَّامِ اللهِ ط إِنَّ
اندھیروں سے اُجالے کی طرف اور یاد دلا اُن کو دن اللہ کے •

۶ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝ وَإِذْ قَالَ مُوسٰى
اُسمیں نشانیاں ہیں اُسکو جو ثابت رہے والا ہی حق ماننے والا • ف • اور جب کہا موسی نے

لِقَوْمِهِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكُمْ إِذْ أَنْجَاكُمْ مِنْ
اپنی قوم کو یاد کرو اللہ کا احسان اپنے اوپر جب چھڑایا تمکو

آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُونَ
فرعون کی قوم سے وے دیتے تمکو بری مار • اور ذبح کرتے

ف • کافر کہتے تھے کہ اور بولی میں قرآن آرتا تو ہم یقین کرتے • یہ تو اسی شخص کی بولی ہی شاید آپ کہہ لاتا ہو • اُسکا یہ جواب ہی

ف • یاد دلا اُنکو دن اللہ • یعنے اللہ کے ساکے جو ہر قوم پر گذرے

أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ ط وَفِي ذَٰلِكُمْ بَلَاءٌ

بیٹے تمہارے اور جیتی رکھتے عورتیں تمہاری ۔ اور اسمیں مدد ہوئی

مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ ۞ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ ٧

تمہارے رب کی بڑی ۔ اور جب سنا دیا تمہارے رب نے کہ اگر حق مانوگے ع۱۴

لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ ۞

اور دونگا تمکو اور اگر ناشکری کرو تو میری مار سخت ہے

وَقَالَ مُوسَىٰ إِنْ تَكْفُرُوا أَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ ٨

اور کہا موسیٰ نے اگر منکر ہوگے تم اور جو لوگ زمین میں

جَمِيعًا لا فَإِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ ۞ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِينَ

ہیں سارے تو اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں سراہا ۔ کیا پہنچی نہیں تمکو خبر انکی جو پہلے تھے

مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ ط وَالَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ

تم سے قوم نوح کی اور عاد اور ثمود ۔ اور جو ان سے پیچھے ہوئے

لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ ط جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا

انکی خبر نہیں مگر اللہ کو ۔ آئے ان پاس رسول انکے نشانیاں لیکر پھر الٹے دئیے

أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ

اپنے ہاتھ منہ میں اور بولے ہم نہیں مانتے جو تمہارے ہاتھ دیا

وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِمَّا تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ۞ قَالَتْ رُسُلُهُمْ ١٠

اور ہمکو شبہہ ہے اس راہ میں جسطرف ہمکو بلاتے ہو جس سے خاطر جمع نہیں ۔ بولے انکے رسول

أَفِي اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ط يَدْعُوكُمْ

کیا اللہ میں شبہہ ہے جسنے بنائے آسمان و زمین ۔ تمکو بلاتا ہے کہ

لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ط

بخشے کچھ گناہ تمہارے اور ڈھیل دے تمکو ایک وعدے تک جو ٹھہر چکا ہے ۔

قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا

کہنے لگے تم تو یہی آدمی ہو جیسے ہم ہیں • چاہتے ہو کہ روک دو ہمکو

عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝

اُن چیزوں سے جنکو پوجتے رہے ہمارے باپ دادے سو لاؤ کوئی سند کھلی •

۱۱ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ

انکو کہا اُنکے رسولوں نے ہم بھی یہی آدمی ہیں جیسے تم

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ

لیکن اللہ احسان کرتا ہے اپنے بندوں میں جسپر چاہے • اور ہمارا کام نہیں

لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

کہ لے آویں تمہارے پاس سند مگر اللہ کے حکم سے • اور اللہ پر بھروسا چاہیے

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا

ایمان والوں کو ف • اور ہمکو کیا ہوا کہ بھروسا نہ کریں اللہ پر اور وہ سمجھا چکا ہمکو

ف • یعنی سند دکھنی یہ بھی آنا اللہ کے دیے سے

سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

ہماری راہیں • اور ہم صبر کرینگے ایذا پر جو تم کو دیتے ہو • اور اللہ پر بھروسا چاہیے

۱۳ ع ۱۰ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ

بھروسے والوں کو • اور کہا منکروں نے اپنے رسولوں کو ہم نکال دینگے تمکو

مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ

اپنی زمین سے یا پھر آؤ ہمارے دین میں • تب حکم بھیجا اُن کو اُن کے رب نے

۱۴ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ

ہم کھپا دینگے اُن ظالموں کو • اور بسا دینگے تمکو اِس زمین میں اُن کے پیچھے •

۱۵ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ۝ وَاسْتَفْتَحُوْا

یہ ملتا ہے اُسکو جو ڈرا کھڑے ہونے سے میرے سامنے اور ڈرا میرے ڈرانے سے • اور فیصلہ لگے مانگنے

وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ۝ مِّن وَرَائِهِ جَهَنَّمُ وَيُسْقَىٰ ١٦

اور نامراد ہوا جو سرکش تھا ضد کرنیوالا ۔ پیچھے اُسکے دوزخ ہی اور پلاوینگے

مِن مَّاءٍ صَدِيدٍ ۝ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ ١٧

اُسکو پانی پیپ کا ۔ گھونٹ گھونٹ پیتا ہی اُسکو اور گلے سے نہیں اُتار سکتا اور چلی آتی ہی

الْمَوْتُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۖ وَمِن وَرَائِهِ

اُسپر موت ہر جگہ سے اور وہ نہیں مرتا ۔ اور اُسکے پیچھے

عَذَابٌ غَلِيظٌ ۝ مَّثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۖ أَعْمَالُهُمْ ١٨

مار ہی گاڑھی ۔ احوال اُن کا جو منکر ہوئے اپنے رب سے اُن کے کئے

كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ۖ

جیسے راکھ زور کی چلی اُسپر باد آندھی کے دن ۔

لَّا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ۝

کچھ ہاتھ میں نہیں اپنی کمائی میں سے ۔ یہی ہی دور بہک پڑنا

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِن يَشَأْ

تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے بنائے آسمان و زمین جیسے چاہئے ۔ اگر چاہے

يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى ٢٠

تمکو لیجاوے اور لاوے کوئی پیدائش نئی ۔ اور یہ اللہ پر

اللَّهِ بِعَزِيزٍ ۝ وَبَرَزُوا لِلَّهِ جَمِيعًا فَقَالَ الضُّعَفَاءُ ٢١

مشکل نہیں ۔ اور سامنے کھڑے ہونگے اللہ کے سارے پھر کہینگے کمزور

لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنتُم

بڑائی والوں کو ہم تھے تمہارے پیچھے سو بچاؤ گے تم

مُّغْنُونَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِن شَيْءٍ ۚ قَالُوا لَوْ هَدَانَا اللَّهُ

ہم سے اللہ کی مار کچھ ۔ وے بولے اگر راہ پر لاتا ہمکو اللہ

لَهَدَيْنَاكُمْ ط سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا
تو ہم تمکو راہ پر لاتے ۔ اب برابر ہی ہمارے حق میں ہم بیقراری کریں یا صبر کریں ہمکو نہیں
مِنْ مَحِيصٍ ۞ وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ
خلاصی ۔ اور بولا شیطان جب فیصل ہو چکا کام اللہ نے
اللَّهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ ط
تمکو دیا تھا سچا وعدہ اور میں نے وعدہ دیا پھر جھوٹھ کیا ۔
وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ إِلَّا أَنْ دَعَوْتُكُمْ
اور میری تم پر حکومت نہ تھی مگر میں نے بلایا تمکو
فَاسْتَجَبْتُمْ لِي ج فَلَا تَلُومُونِي وَلُومُوا أَنْفُسَكُمْ ط
پھر تم نے مان لیا مجکو ۔ سو الزام نہ دو مجھے اور الزام دو اپنے تئین ۔
مَا أَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَا أَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ط إِنِّي كَفَرْتُ
نہ میں تمہاری فریاد پر پہنچوں نہ تم میری فریاد پر پہنچو ۔ میں نہیں قبول رکھتا
بِمَا أَشْرَكْتُمُونِ مِنْ قَبْلُ ط إِنَّ الظَّالِمِينَ لَهُمْ
جو تم نے مجھکو شریک ٹھہرایا تھا پہلے ۔ البتہ جو ظالم ہیں اُن کو
عَذَابٌ أَلِيمٌ ۞ وَأُدْخِلَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ
دکھ کی مار ہی ۔ ف ۔ اور داخل کئے گئے جو لوگ ایمان لائے تھے اور کام کئے تھے نیک
جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا
باغوں میں بہتی نیچے اُن کے ندیاں رہا کریں اُن میں
بِإِذْنِ رَبِّهِمْ ط تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ۞ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ
اپنے رب کے حکم سے اُنکی ملاقات ہی وہاں سلام ۔ ف ۔ تونے نہ دیکھا کیسی بیان کی
اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا
اللہ نے ایک مثال ایک بات ستھری جیسے ایک درخت ستھرا اُسکی جڑ

۲۲ ع۱۶

۲۳

۲۴

ب ۔ شیطان کا زور نہیں انسان پر مگر وہ مشورت دیتا ہے بری بات مان لینی اپنا ہی گناہ ہی

ف ۔ دنیا میں سلام دعا ہی سلامتی مانگنی ۔ وہاں سلام کہنا مبارک باد ہی سلامتی پر

ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ۙ تُؤْتِيْ أُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ ۢ (۲۵)
